امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الکبیر

جلد اوّل

تالیف الامام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس

خوشخبری

مسلک اہلسنت و جماعت کے عقائد و
نظریات۔۔۔
بد مذہبوں کے باطلہ عقائد اور ان
کے رد۔۔۔
اہلسنت پر کئے جانے والے
اعتراضات کے جوابات پر مشتمل
کتب و رسائل، آڈیو ویڈیو بیانات اور
والپیپر حاصل کرنے کے لئے
تحقیقات چینل ٹیلیگرام جوائن کریں
https://t.me/tehqiqat

امام طبرانی کی شہرہ آفاق کتاب المعجم الکبیر کی احادیث
کا فقہی ترتیب سے پہلی مرتبہ آسان سلیس اُردو ترجمہ مع تخریج

المعجم الکبیر

جلد اوّل

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی
المتوفی ۳۶۰ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

پروگریسو بکس
یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ
اُردو بازار ○ لاہور
فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

بسم اللہ الرحمن الرحیم

المعجم الکبیر

جلد اول

تالیف

الإمام الحافظ ابی القاسم سلیمان بن احمد بن ایوب اللخمی الطبرانی

المتوفی ٣٦٠ھ

مترجم

غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی

مدرس جامعہ رسولیہ شیرازیہ رضویہ بلال گنج لاہور

بار اول	مارچ 2016ء
پرنٹرز	آصف صدیق، پرنٹرز
تعداد	1100/-
ناشر	چوہدری غلام رسول ۔ میاں جواد رسول میاں شہزاد رسول
قیمت	/= روپے

ملنے کے پتے

ملت پبلی کیشنز

فیصل مسجد اسلام آباد Ph: 051-2254111

E-mail: millat_publication@yahoo.com

اسلام بک ڈپو

١٢۔ گنج بخش روڈ لاہور فون 042-37112941 0323-8836776

شوروم ملت پبلی کیشنز دوکان نمبر 5- مکہ سنٹر نیو اردو بازار لاہور 0321-4146464

Ph: 042-37239201 Fax: 042-37239200

پروگریسو بکس

یوسف مارکیٹ ○ غزنی سٹریٹ

اردو بازار ○ لاہور

فون 042-37124354 فیکس 042-37352795

فہرست
(بلحاظِ فقہی ترتیب)

فضائل حضرت عمر رضی اللّٰہ عنہ

فضائل حضرت عثمان رضی اللہ عنہ

حضرت علی رضی اللہ عنہ

فضائل سیّدہ فاطمۃ الزہراء رضی اللہ عنہا

فضائل امام حسن و حسنین رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت جابر رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت طلحہ بن عبید اللہ رضی اللہ عنہ

فضائل زبیر بن عوام

فضائل حضرت عبد الرحمٰن بن عوف

حضرت سعد بن ابی وقاص کے فضائل و مناقب

فضائل حضرت سعید بن زید رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت ابوعبیدہ بن جراح رضی اللّٰہ عنہ

فضائل حضرت اسامہ بن زید رضی اللّٰہ عنہ

حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے فضائل

فضائل حضرت اسید بن حضیر رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت اشعث بن قیس رضی اللہ عنہ

فضائل حضرت بلال رضی اللہ عنہ

جوآدمی زبان سے کہے کہ میں مسلمان ہوں	1702
فتنوں کے دور میں ایمان کومحفوظ رکھنے کے لیے کیا کرنا چاہیے	1703

کتاب الطھارۃ

اگر رات کوغسل فرض ہو جائے تو وضو کر کے سونا جائز ہے	78
موزوں پر مسح کرنے کے متعلق	84,400,430
موزوں پر مسح کرنے کی مدت	484,546,547
بغیر وضو کے نماز قبول نہیں ہوتی	507
اونٹ کا گوشت کھا کر کلی وغیرہ کرنی چاہیے	560
اعضاءِ وضوکوتین مرتبہ دھونا چاہیے	601
موزوں پر مسح کرنے کے متعلق	602,604تا609
موزوں پر مسح کے متعلق	685
حیض کے متعلق	754
اعضاءِ وضوکوتین مرتبہ دھونا چاہیے	930
آگ سے پکی ہوئی شی کھانے کے بعد وضونہیں ہے	972تا937,938,952,953,959,979
انگوٹھی اگر پہنی ہوئی ہوتو وضو کرتے وقت حرکت دینی چاہیے	949
کئی دفعہ جماع کرنے کے بعد ایک ہی غسل ہے	966
حضرت بلال رضی اللہ عنہ موزوں پر مسح کرتے تھے	1012,1016,1051تا1056,1059,1060,1077تا1082,1086,1087,1090,1091'1093تا1108
حضور ﷺ قضاء حاجت کے لیے دور جاتے	1132
عید الاضحیٰ کھانے پینے کا دن ہے	1190
مسواک کرنے کا طریقہ	1228
وضو کے متعلق	1267,1270,1271
مسواک کے متعلق	1286,1287,1288
موزوں پر مسح کے متعلق	1393
مؤمن وضو پر ہمیشگی کرتا ہے	1427
غسل جنابت کرنے کا طریقہ	1462تا1471

فقہی فہرست

فقہی فہرست

کتاب الجنائز

کتاب العلم

کتاب الصوم

كتاب الشهادت

كتاب فضائل القرآن

كتاب التفسير

کتاب الحج

كتاب الجنة والجهنم

كتاب البيوع

كتاب الجهاد

فہرست

كتاب فضائل الصحابة

كتاب مناقب الامة

كتاب المواريث

كتاب الزكوة والصدقه

فقہی فہرست

فقہی فہرست

فقہی فہرست

كتاب اللباس

كتاب الحدود

فقہی فہرست

فقہی فہرست

فقہی فہرست

ضمنی فہرست

☆☆☆☆☆

فہرست
(بلحاظِ حروفِ تہجی)

عنوانات	صفحہ

عنوانات | صفحہ

باب الف

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

شیوخ کی فہرست

عنوانات | صفحہ

عنوانات	صفحہ

صفحہ	عنوانات

باب الباء

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

صفحہ | عنوانات

باب التاء

عنوانات	صفحہ
☆ حضرت تمیم بن حارث بن قیس قرشی سہمی ان کو اجنادین کے دن شہید کیا گیا	616
☆ تلب بن تغلب عنبری ان کو تلِبّ بھی کہا جاتا ہے باء کی شد کے ساتھ	616
☆ حضرت تمام بن عباس بن عبدالمطلب رضی اللہ عنہ	618
☆ حضرت تیہان رضی اللہ عنہ	619

باب الثاء

عنوانات	صفحہ

باب الجیم

عنوانات | صفحہ

عنوانات	صفحہ

عنوانات	صفحہ

☆☆☆☆☆

انتساب

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو بحر العلم وعرفان سیّد السادات حضرت امام موسیٰ کاظم رضی اللہ عنہ اور محقق وقت' بحر العلوم' امام الواصلین' حجۃ الواصلین' تاجدار گولڑہ شریف حضرت پیر سیّد مہر علی شاہ قدس سرہٗ العزیز اور امام عالرفین سلطان الفقر سیّدی مرشدی حضرت پیر سیّد غلام دستگیر چشتی کاظمی موسوی قدس سرہٗ العزیز' جانشین سلطان الفقر' وارثِ علومِ دستگیریہ' علمی مشائخ سرو بہ شریف سیدی مرشدی پیر سید احسان الحق مشہدی کاظمی موسوی چشتی دام اللہ ظلہ کے اسماء گرامی سے منسوب کرتا ہے۔ جن کے روحانی تصرفات نے ہر مشکل مقام پر میری مدد فرمائی' ان کے طفیل اللہ عزوجل میری اس سعی کو مقبول' مفید اور میرے لیے ذریعۂ نجات ہے۔ آمین بجاہ سیّد العالمین!

احقر العباد: غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

الاهداء

راقم الحروف اپنی اس کاوش کو اپنے استاذ الاساتذہ شیخ الحدیث والتفسیر' استاذی المکرّم مفتی گل احمد خان عتیقی شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ اور محافظِ ناموسِ رسالت' داعیٔ اتحادِ اہل سنت' مجاہد اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی' ناظم اعلیٰ جامعہ رسولیہ شیرازیہ' صدر تحفظ ناموسِ رسالت اور مفکر اسلام' شیخ الحدیث والتفسیر استاذی المکرّم ڈاکٹر محمد عارف نعیمی صاحب ناظم اعلیٰ و شیخ الحدیث جامعہ نعمیہ للبنات کی خدمت عالیہ میں بصد عقیدت واحترام پیش کرتا ہے جن کی محنت شاقہ اور شفقت بے بہا سے مجھ بے مایہ کو اللہ عزوجل نے اس قابل بنایا' یہ انہیں کا فیض ہے جس کی ادنیٰ جھلک اس صورت میں دیکھ رہے ہیں' اللہ عزوجل ان کے سایہ کو سلامت وقائم ودائم رکھے۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہٗ
خادم التدریس جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج وسکیاں

☆☆☆☆☆

عرضِ ناشر

انسان دنیا میں رہ کر اپنی عزت' شہرت' عظمت اور ناموری کے لیے گوناگوں کام کرتا ہے لیکن دل کی اتھاہ گہرائیوں میں حقیقی اور واقعی اطمینان وسکون نہیں پاتا' آخر وجہ کیا ہے؟ اس کا جواب قرآنِ مجید کی یہ آیت مبارکہ ہے:

ءَالا بذكر الله تطمئن القلوب .

کے دلوں کا اطمینان وسکون ذکرِ الٰہی ہی میں مضمر ہے جس کے ذیل میں تلاوت' نوافل' خوش گفتاری اور تالیفِ قلوب وغیرہ جیسے بے شمار اعمال واعتقادات آتے ہیں جن سے آخرت سنورتی ہے اور جو مدعائے مسلم ہے' البتہ سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نگاہِ انور میں سب سے پسندیدہ کام دینِ متین میں لگے رہنا ہے خواہ تدریسی' تقریری' تالیفی وتصنیفی شکل میں ہو یا تعلمی ومحافلِ علمیہ کے انعقاد کی صورت میں ہو' بہرحال ہر مسلمان کے لیے ضروری ہے کہ اپنی آخرت سنوارنے کے لیے دنیا میں رہ کر کچھ تو ضرور کرے تاکہ بارگاہِ الٰہی ومصطفائی میں حاضری کے موقع پر کائنات کے سامنے رسوائی اُٹھانا نہ پڑے۔

بفضلہٖ تعالیٰ ہم نے بھی دوسرے بھائیوں کی طرح نثری سلسلے کا آغاز کر رکھا ہے اور مختصر عرصہ میں مسند ابوداؤد طیالسی' صحیح ابن حبان' صحیح ابن خزیمہ' مسند حمیدی' المعجم الاوسط' شرح المعجم الصغیر للطبرانی جیسی ضخیم کتب کے تراجم شائع کیے ہیں جنہیں زبردست پذیرائی ملی ہے۔ علاوہ ازیں کئی بھاری بھرکم کتب کے تراجم کرائے جارہے ہیں جو انشاء اللہ جلد یا بدیر شائع کیے جائیں گے۔

اس وقت ہم بارگاہِ رسولِ انور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں امام طبرانی کی مشہور ومعروف کتاب ''**المعجم الكبير للطبراني**'' جو حدیث کی مایہ ناز کتب ہے' اس کا ترجمہ پیش کر رہے ہیں' کتاب کے ٹائٹل' جلد' بائنڈنگ اور سیٹنگ پر خصوصی توجہ دی گئی ہے۔

مولانا نے اس کتاب کی فہرست کو بھی ''**المعجم الاوسط للطبراني**'' کی طرح فقہی ترتیب پر مرتب کیا ہے' جس سے قارئین کو مسائل کے حوالے سے احادیث تلاش کرنے میں خاصی آسانی ہوگی۔

ہم اسے نہایت عقیدت ومحبت کے ساتھ بہترین صورت میں پیش کر رہے ہیں۔

کتاب کی بارہا پروف ریڈنگ کروائی گئی ہے اور کتاب کو اپنی طرف سے غلطیوں سے پاک کرنے کی ہر ممکن کوشش کی گئی ہے' تاہم پھر بھی اگر کوئی غلطی یا کوتاہی رہ گئی ہے تو نشاندہی ضرور کریں تاکہ ادارہ اس کی تصحیح کر سکے۔

دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اسے شرفِ قبولیت سے نوازے اور ہمارے لیے ذریعۂ نجات بنائے۔

آپ لوگوں کی دعاؤں کے طلبگار:

چوہدری غلام رسول

چوہدری شہباز رسول

چوہدری جواد رسول

چوہدری شہزاد رسول

☆☆☆☆☆

عرضِ مترجم

اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے فضل و کرم اور اس کے نیک بندوں کی خاص توجہ اور اساتذہ کرام اور والدین کی دعاؤں کے صدقے احقر العباد نے المعجم الاوسط کا ترجمہ مکمل کیا۔ یہ ترجمہ احقر نے بے پناہ مصروفیت کے ساتھ ساتھ بڑی سرعت کے ساتھ دو ماہ میں مکمل کیا ہے' اس میں میرا کوئی کمال نہیں ہے بلکہ بزرگوں کی دعاؤں کا صدقہ ہے۔ احقر العباد کے اندر ایک بات ہے کہ جو کام احقر کو سپرد کیا جاتا ہے' اس کو جلد از جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔ معجم الکبیر کے ترجمہ کے دوران احقر کے دل میں یہ خیال آیا کہ اس کتاب میں امام طبرانی نے اپنے شیوخ کے حوالہ سے احادیث نقل کی ہیں۔ جس سے عوام کے لیے فائدہ اُٹھانا ذرا مشکل معلوم ہوتا تھا' اس لیے عوام کی سہولت کے لیے اس کی فہرست کو فقہی انداز میں ترتیب دیا گیا ہے' جو ایک منفرد کام ہے۔

الحمد للہ! احقر کا تعلق مسلک حق اہل سنت و جماعت سے ہے' جن کے عقائد و نظریات بالکل وہی ہیں جو صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر آج تک رہے ہیں۔

آخر میں اُن لوگوں کا شکریہ ادا کرنا ضروری سمجھتا ہوں جنہوں نے احقر کی بے لوث مدد کی ہے' کیونکہ حدیث پاک میں آتا ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جو لوگوں کا شکریہ ادا نہیں کرتا ہے وہ اللہ کا کیسے شکریہ ادا کرے گا۔ اس حدیث کے پیش نظر اُن کے نام بطور تبرک ذکر کرتا ہوں:

(۱) استاذ الاساتذہ حضور شیخ الحدیث والتفسیر مفتی گل احمد خان عتیقی کا' جنہوں نے احقر کے ساتھ بہت تعاون کیا۔

(۲) اور استاذی المکرّم حضرت علامہ مولانا صاحبزادہ رضائے مصطفیٰ نقشبندی صاحب کا جنہوں نے احقر کے ساتھ بے حد تعاون کیا' جن کا میں شکریہ ادا نہیں کر سکتا ہوں۔

(۳) اور خصوصاً اپنے اس عظیم استاذ کا جنہوں نے راقم الحروف کو طالب علمی کے زمانہ سے تحریر کا شوق دلایا اور بے پناہ محبت کرنے والے جن کا شکریہ ادا کرنے کے لیے احقر کے پاس الفاظ نہیں ہیں۔ میری مراد مفکر اسلام ڈاکٹر محمد عارف نعیمی مدظلہ العالی کا' اور استاذی المکرّم حضرت شیخ الحدیث مفتی اشرف بندیالوی صاحب کا' جن کی بے پناہ دعائیں احقر کے شامل حال ہیں۔

(۴) اور اپنے اس عظیم بھائی جناب حافظ عبدالمجید صاحب کا جن کی انتہائی شفقت کے ساتھ راقم کو دین پڑھنے کی سعادت حاصل ہوئی ہے۔

(۵) اور اپنے اس عظیم محسن کا جن کے ادارے کی طرف سے یہ کتاب شائع ہو رہی ہے۔ انتہائی مخلص اور محنت کرنے والے محترم المقام جناب چوہدری جواد رسول صاحب جنہوں نے دن رات ایک کر کے کتاب کو دیدہ زیب انداز میں طبع کروا کے مارکیٹ میں لانے میں اہم کردار ادا کیا۔ اور محترم المقام ریحان علی صاحب کا جنہوں نے بڑی محنت اور خوبصورتی کے ساتھ' نہایت سرعت سے دیدہ زیب انداز میں کمپوزنگ کی۔ اللہ عزوجل اس ادارہ کو دن رات ترقی عطا فرمائے!

اعتذار

آخر میں قارئین کرام سے درخواست ہے کہ اگر کتاب میں کوئی غلطی یا ایسی بات جو قابلِ توجہ ہو' اس کی اصلاح فرمائیں اور مطلع فرمائیں تا کہ آئندہ ایڈیشن میں اس کا ازالہ کیا جائے۔ اللہ عزوجل ہم کا حامی و ناصر ہو۔

غلام دستگیر چشتی غفرلہ

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم

ذلك فضل اللّٰہ یعطیه من یشاء

استاذ الاساتذہ یادگارِ اسلاف شیخ الحدیث والتفسیر

مفتی محمد گل احمد خان عتیقی صاحب' حال شیخ الحدیث جامعہ رسولیہ شیرازیہ' جامعہ ہجویریہ

سابق مدرس ومفتی جامعہ رضویہ فیصل آباد' سابق شیخ الحدیث جامعہ نظامیہ رضویہ

الحمد لله رب العالمین والصلوٰة والسلام علیٰ سیدالانبیاء والمرسلین خاتم النبیین رحمة للعٰلمین الذی کان نبیًا وآدم لَمُنجَدل فی طینةٍ وعلی آلِهِ الْمُجْتبٰی وَعلٰی اصحابه الذین هم نجوم الهدی وَبَعْدُ .

ایمان کے بعد علم دین بہت بڑی نعمت ہے' قرآن پاک اور احادیث نبویہ میں علم دین اور علماءِ حق کے بہت فضائل بیان کیے گئے ہیں' چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے: ''اِنَّمَا یَخْشَی اللّٰہ من عبادہ العلماء '' کہ اللہ کے بندوں میں سے اللہ سے ڈرنے والے صرف علماء ہی ہیں اور سورۂ مجادلہ میں اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے کہ (ترجمہ:) ''اللہ تمہارے ایمان والوں کے اور ان کے جن کو علم دیا گیا ہے درجے بلند فرمائے گا''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''اللہ تعالیٰ جس کے ساتھ خیر کا ارادہ فرماتا ہے اُسے دین میں فقاہت عطا فرماتا ہے''۔ نیز ارشادِ نبوی ہے: ''رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ اس آدمی کو خوش و خرم اور تروتازہ رکھے جس نے میری بات سنی اور پھر اسے یاد رکھا اور محفوظ رکھا اور اسے دوسروں تک پہنچایا اور بہت لوگ دین کے حامل ہوتے ہیں مگر خود مستفید نہیں ہوتے اور بہت سے حاملانِ دین اس کو ایسے بندوں تک پہنچا دیتے ہیں جو ان سے زیادہ فقیہہ ہوتے ہیں''۔

اور بڑے سعادت مند اور خوش قسمت ہیں وہ لوگ جو خود راتیں جاگ کر اور بڑی بڑی مشقتیں برداشت کر کے کتبِ حدیث کے آسان تراجم کر کے عام لوگوں تک پہنچا کر سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس دعا کے مستحق بنتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ ایسے لوگوں کو خوش وخرم اور تروتازہ رکھے' انہی خوش قسمت اور سعادت مندوں میں سے ایک مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی' مدرس جامعہ رسولیہ شیرازی بھی ہیں جو صغر سنی ہی میں سات کتبِ احادیث کا ترجمہ کر کے خواص وعوام تک احادیث نبویہ کا تحفہ پیش کر رہے ہیں' یہ محض اللہ تعالیٰ کی توفیق اور سرورِ کونین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی محبت میں وارفتگی کا نتیجہ ہے۔ مولانا ''**المعجم الاوسط**'' کا سات ضخیم جلدوں کے ترجمہ کے بعد اب ''**المعجم الکبیر**'' کا ترجمہ بھی بڑی سرعت کے ساتھ کر رہے ہیں' اس کی پہلی جلد کا ترجمہ آپ کے سامنے ہے۔

اس بابرکت اور عظیم المرتبت کتاب' رحمتِ کائنات' باعثِ تخلیقِ کائنات' شفیع المذنبین' سیّد الانبیاء والمرسلین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

تقاریظ

کے پروانوں' جانثاروں' مستانوں اور دیوانوں کے فضائل اوران کے روح پرور اور ایمان افروزی کے محبت بھرے پُرکشش واقعات ہیں جنہیں پڑھ کر ایمان تازہ ہو جاتا ہے اور ایک مسلمان ان کی اداؤں پر مر مٹنے کو تیار ہو جاتا ہے۔ جب میں اس کتاب اور اس کے ترجمے اور مترجم کے بارے میں کچھ لکھنے لگا تو ایک عظیم حادثے کی اطلاع ملی جس کی وجہ سے میرا ذہن ماؤف ہو گیا ہے' بہرحال اللہ تعالیٰ مولانا غلام دستگیر سیالکوٹی کے علم' عمل' زہد و تقویٰ اور جذبۂ اشاعتِ دینِ اسلام اور اشاعتِ احادیث میں مزید ترقی عنایت کرے اور ان کی خدمات کو شرفِ قبولیت بخشتے ہوئے ان کے لیے آخرت کی نجات کا ذریعہ بنائے۔

حررہ محمد گل احمد خان عتیقی
خادم الحدیث الشریف جامعہ ہجویریہ'
معارف اولیاء داتا دربار' لاہور

☆☆☆☆☆

تقاریظ

شیخ الحدیث والتفسیر' جانشین محقق اسلام عالم نبیل مبلغ یورپ
مفسر قرآن شارح ابن ماجہ' ابوداؤد' مسند حمیدی
قاری محمد طیب نقشبندی دام اللہ ظلہ

بسم اللّٰہ الرحمٰن الرحیم
حامدًا و مصلّیًا

مکرمی مولانا غلام دستگیر طول اللہ عمرہ نے متعدد کتب حدیث کا اُردو ترجمہ کیا ہے' اس سے قبل وہ مسند ابوداؤد طیالسی اور معجم الصغیر للطبرانی' معجم الاوسط للطبرانی کا ترجمہ کر چکے ہیں اور اب ''**المعجم الکبیر للطبرانی**'' کا ترجمہ کر رہے ہیں' میں نے اس ترجمہ کو چند مقامات سے پڑھا ہے' ماشاء اللہ ترجمہ میں ایک روانی ہے' ترجمہ کرنے کے لیے ضروری ہے کہ مترجم منہ اور مترجم الیہ دونوں زبانوں پر لکھنے والے کو عبور ہو۔ الحمد للہ! مولانا موصوف کو جہاں عربی زبان پر دسترس ہے وہاں اُردو پر بھی ان کا کنٹرول ہے اور اللہ نے کم عمری ہی میں ان کو احادیثِ نبویہ کے تراجم کا شوق دے دیا ہے اور وہ سرعت کے ساتھ پے در پے کتابوں کے تراجم لکھتے جا رہے ہیں۔ اُمید کی جا سکتی ہے کہ ان کی کوششیں اُمت مسلمہ کے علمی معیار کو بلند کرنے میں مدد ثابت ہوں گی۔ اللہ رب العزت ان کے زورِ قلم میں اضافہ فرمائے اور وہ ہمیشہ اسی طرح خدمت دین میں مصروف رہیں' آپ جامعہ رسولیہ شیرازیہ لاہور کے قابلِ فخر فضلاء میں سے ہیں جن کے ذریعہ جامعہ کا فیض دور دور تک پہنچے گا۔ انشاء اللہ!

والسلام!

محمد طیب غفرلہٗ
ناظم جامعہ رسولیہ مانچسٹر' انگلینڈ
سرپرست جامعہ رسولیہ شیرازیہ' بلال گنج' لاہور

☆☆☆☆☆

بسم اللّٰه الرحمٰن الرحیم!

نحمده ونصلی علیٰ رسوله الکریم ۔ اما بعد!

اللہ تعالیٰ نے انسان کی تخلیق کے ساتھ ہی سلسلۂ نبوت ورسالت کو جاری فرما کر انسان کی ہدایت کا سامان پیدا فرما دیا تھا' اس طرح نوعِ انسانی کی فلاح وکامیابی کے دو بنیادی راستے رہے ہیں:

(۱) اللہ تعالیٰ جل جلالہ کا حکم

(۲) انبیاء کرام علیہم السلام کا طریق

اہل اسلام کی رہنمائی کے لیے یہی دو سرچشمے قرآن وحدیث کے نام سے موسوم ہیں۔ قرآن مجید میں ہے:

''وانزلنا الیك الذكر لتبین للناس ما نزل الیهم'' (النحل۱۶:۴۴)

''ہم نے آپ ﷺ کی طرف قرآن نازل کیا' تاکہ آپ لوگوں کو وہ بیان کریں جو (شریعت) ان کی طرف نازل کی گئی ہے''۔

حضور نبی کریم ﷺ کا ارشادِ گرامی ہے:

''تركت فیكم امرین لن تضلوا ما تمسكتم بهما: كتاب اللّٰه وسنة نبیه'' (مؤطا امام مالک:۱۵۹۴)

''میں تم میں دو چیزیں چھوڑے جا رہا ہوں' جب تک تم ان دونوں کو تھامے رکھو گے' گمراہ نہ ہو گے' وہ دونوں چیزیں: قرآن اور سنت ہیں''۔

حدیث وسنت' قرآن مجید کی تشریح وتفسیر کا نام ہے' اس لیے اہلِ اسلام نے حدیثِ مبارکہ کی نشر واشاعت' جمع وتدوین' تشریح وتبیین اور محفوظ کرنے کے لیے دورِ نبوی ﷺ سے عصرِ حاضر تک کوئی دقیقہ فروگذاشت نہیں چھوڑا' اس کام کے لیے ہزاروں' لاکھوں لوگوں نے کروڑوں صفحات لکھے اور تقریباً اسی تعداد سے شاگرد پیدا کیے' تیسری اور چوتھی صدی ہجری اس لحاظ سے خوش قسمت ہے کہ ان دو صدیوں میں علم حدیث اور متعلقاتِ حدیث کے علوم کو عروج حاصل ہوا' انہیں چند ایک عظیم محدثین میں امام ابوالقاسم سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر طبرانی رحمۃ اللہ علیہ ہیں' آپ کی ولادت ماہ صفر ۲۶۰ھ اور وفات ۲۸ ذیقعد ۳۶۰ھ ہے' اس طرح علم وعرفان کا یہ مینارہ تقریباً ایک صدی تک حکمت ودانائی کے ساتھ ضیاء پاشیاں کرتا رہا' آپ کی تصانیف کی تعداد چالیس (۴۰) سے زائد ہے' ان میں سے تین کتب احادیث (**المعجم الكبیر' المعجم الاوسط' المعجم الصغیر**) کو شہرتِ دوام حاصل ہوئی ہے۔

مرورِ زمانہ کے ساتھ براہِ راست قرآن و حدیث اور عربی کتب سے استفادہ کرنے والے اہلِ علم کم ہوتے جا رہے ہیں' اور عصرِ حاضر میں یہ تعداد اور زیادہ کم ہوگئی ہے' اس پر مستزاد یہ کہ اُردو دان اور انگریزی دان طبقہ محض جہالت کی بنیاد پر قرآن مجید اور خاص طور پر احادیث مبارکہ پر اپنے خاص انداز سے تنقید کر کے تشکیک کا سامان پیدا کر رہا ہے۔

ایسی صورتِ حال میں اہلِ علم کے لیے لازم تھا کہ وہ قرونِ اولیٰ کے علمی ورثہ کو اُردو زبان میں منتقل کریں تا کہ صدیوں قبل لکھے گئے علمی ورثہ سے عام لوگ بھی مستفید ہو سکیں۔ الحمدللہ! اس صورتِ حال سے عہدہ برآ ہونے کے لیے ادارہ ''پروگریسو بکس' لاہور' نے مختلف جہات سے کوششوں کو جاری رکھا ہوا ہے' اور اسی کی ایک کڑی کتب احادیث کا اُردو قالب میں ڈھالنا ہے' اس کے لیے برادرم مکرم نوجوان مدرس مترجم و قلمکار علامہ غلام دستگیر چشتی سیالکوٹی دامت برکاتہم العالیہ کی خدمت انہیں میسر ہیں' اس نوجوان مذہبی دانشور نے اس سے پہلے مشہور کتب احادیث: ''مسند ابوداؤد طیالسی' المعجم الصغیر (طبرانی)' المعجم الاوسط (طبرانی) کو عربی سے اُردو قالب میں ڈھالا ہے' جو کہ اہلِ علم و تدریس کے ہاتھوں دادِ تحسین اور پذیرائی حاصل کر چکے ہیں' اب اسی سلسلہ کو آگے بڑھاتے ہوئے ہمارے اس مخلص و حکیم ساتھی نے امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ کی ایک اور متداول کتاب ''**المعجم الکبیر**'' کا اُردو ترجمہ کیا ہے' میں نے اس ترجمہ کی چیدہ چیدہ ورق گردانی کی ہے' یہ کافی حد تک سلاست و روانی کو سموئے ہوئے ہے' اللہ تعالیٰ مترجم مذکور کی اس کوشش کو قبول فرمائے اور ان کے تمام علمی جواہر پاروں کا نفع دائمی فرمائے۔ آمین! بجاہ النبی الکریم وصلی اللّٰہ تعالٰی علٰی خیر خلقہٖ محمدٍ وآلہٖ واصحابہٖ اجمعین!

ڈاکٹر مفتی محمد کریم خان سندرانی لاہوری

ناظمِ اعلیٰ: جامعہ علمیہ' اچھرہ' لاہور

☆☆☆☆☆

باسمہ سبحانہ وتعالیٰ

ان الحمد للہ تعالٰی وصل اللھم علی سید الانبیاء وعلی الہ واصحابہ بررۃ التقی امابعد فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم :ما اتاکم الرسول فخذوہ وما نھاکم عنہ فانتھوا صدق اللہ العظیم

مولای صلی وسلم دائماً ابدًا علی حبیبك خیر الخلق کلھم

تقاریظ

خالق ارض وسماوات اوراس کے محبوب مکرم نبی آخرالزمان حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ نے آخری امت امت محمدیہ ﷺ کے لیے اولین وکافی سرچشمہ ہدایت کتاب وسنت کوقرار دیا ہے۔اس لیے حفاظت قرآن مجید اوراس کے علوم کے فروغ کے ساتھ قرونِ اولی سے ہی ملت اسلامیہ کے افراد نے ہر دور میں حفاظت حدیث اوراس کے علوم کے فروغ کے لیے اپنی زندگیاں وقف کیے رکھیں، نبی کریم رؤف ورحیم ﷺ کی سنت وحدیث کی حفاظت،اشاعت کتب حدیث کی تالیف اوران کی شروحات الغرض حدیث وسنت پرمختلف جہتون سے علمی وتحقیقی کام امت کے مختلف قرون میں جاری رہااورتا حال جاری ہے۔

امت کے عظیم محدثین اوکبارعلماء میں علم حدیث کی عظیم اولازوال خدمت کرنے والے علماء میں سے ایک عظیم محدث حافظ ابوالقاسم سلیمان بن احمد الطبرانی ۳۶۰ھ ہیں جن کواللہ تعالیٰ نے سوسالہ زندگی عطافرمائی اورانہوں نے تیرہ سال کی عمر میں حدیث کا سماع کیا۔علم حدیث میں آپ کامقام رفیع ہے۔

آپ کی تالیفات میں ایک گرانقدرتالیف ''**المعجم الکبیر** '' ہےآپ کی اس تالیف پراردوخوان طبقہ اورعام قاری کے لیےادارہ پروگریسوبکس کی طرف س اس کتاب کااردوترجمہ پیش کیا جارہاہے۔جس کی سعادت حضرت مولانا غلام دستگیرسیالکوٹی کومیسرآئی ہے۔ادارہ کی علوم دینیہ تفسیر،حدیث اورفقہ وغیرہ کے لیے طباعتی خدمات اورکاوشیں مثالی ہیں۔محترم چوہدری غلام رسول صاحب اوران کے صاحبزادگان شہباز رسول ، جوادرسول اورشہزادرسول نہ صرف کاروباری نقطہ نظر سے بلکہ علوم دینیہ کی محبت اورخدمت کے جذبہ سے سرشارشب وروزکوشاں نظرآتے ہیں۔"**المعجم الکبیر** " کایہ اردوترجمہ بھی اسی سلسلہ میں ایک عمدہ اضافہ ہے۔مولانا غلام دستگیرسیالکوٹی صاحب نے "**المعجم الکبیر** " کاعمدہ ترجمہ کیاہےالبتہ بعض مقامات پربامحاورہ ترجمہ کی بجائےلفظی ترجمہ کوترجیح دی گئی ہے باقی جلدوں میں بامحاورہ ترجمہ کوترجیح دی جائےتویہ زیادہ بہترہوگا۔اللہ تعالیٰ کی بارگاہ

میں دعا ہے کہ سنت وحدیث کی یہ خدمت مترجم اورادارہ کے لیے صدقہ جاریہ بنے، دین ودنیا میں کامیابی وسرخروئی بالخصوص اخروی سعادتوں کے حصول کا ذریعہ بنے۔

آمین بجاہ سید المرسلین

ڈاکٹر مفتی محمد حبیب قادری

استاذ الفقہ والحدیث المرکز الاسلامی شادباغ، لاہور

خطیب: جامعہ نعیمیہ، لاہور

☆☆☆☆☆

حالات امام طبرانی رحمۃ اللہ علیہ

نام ونسبت' ولادت' خاندان' وطن

آپ کا نام سلیمان ہے اور کنیت ابوالقاسم ہے اور سلسلۂ نسب یوں ہے: سلیمان بن احمد بن ایوب بن مطیر۔ آپ ۲۶۰ھ ماہِ صفر میں پیدا ہوئے۔ آپ کا تعلق قبیلہ لخم سے تھا' اس لیے آپ کو لخمی کہا جاتا تھا۔ لخم' یمن کا ایک قبیلہ ہے۔ امام طبرانی کے والد ماجد کو علم سے بڑا شغف تھا' یہی وجہ تھی کہ وہ اپنے بیٹے (یعنی امام طبرانی) کو بھی علم حاصل کرنے کی نصیحت کرتے تھے۔ ان (یعنی امام طبرانی) کا وطنِ اصلی طبریہ ہے' یہ اُردن کے قریب موجود ہے۔

مشائخ کرام

امام طبرانی نے لاتعداد محدثین کی صحبت حاصل کی' جن میں سے اکثر کے اسماءِ گرامی درج ذیل ہیں:

- ☆ احمد بن عبدالقاہر
- ☆ حسن بن سہل
- ☆ حفص بن عمر
- ☆ ابراہیم بن ابوسفیان قیسرانی
- ☆ ابوزرعہ دمشقی
- ☆ احمد بن انس
- ☆ بشر بن موسیٰ
- ☆ یحییٰ بن ایوب علاف
- ☆ ابوخلیفہ فضل بن حباب
- ☆ حسن بن عبدالاعلیٰ بوسی
- ☆ ادریس بن جعفر عطاء
- ☆ ابراہیم بن موید شیبانی۔

حدیث میں درجہ

امام طبرانی اہل علم وفضل میں نہایت اہمیت کے حامل تھے۔

ابوبکر بن علی کہتے ہیں کہ وہ بہت وسیع علم کے مالک تھے۔

حافظ ذہبی کا کہنا ہے کہ کثرتِ احادیث اور متعدد اسناد میں ان (امام طبرانی) کی ذات بہت اہمیت کی حامل تھی۔

تصانیف

امام طبرانی نے متعدد کتب تصنیف کیں' لیکن اس دور کے دوسرے مصنفین ومؤلفین کی طرح ان کی بھی متعدد کتب محفوظ نہ رہ سکیں۔ ان (امام طبرانی) کی چند تصنیف کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) کتاب الفرائض
(۲) کتاب المامون
(۳) کتاب الزہری عن انس
(۴) مسند ابی جحادہ

(۵) مسند عمارة بن غزیہ
(۶) احادیث بی عمرو بن العلاء
(۷) وصیۃ ابی ہریرہ رضی اللہ عنہ
(۸) کتاب الطہارۃ
(۹) مسند زیاد الجصاص
(۱۰) مسند زافر
(۱۱) کتاب المناسک
(۱۲) کتاب مسند شعبہ
(۱۳) فوائد معرفۃ الصحابہ
(۱۴) مسند ابی ذر رضی اللہ عنہ
(۱۵) کتاب الرد علی الجہمیۃ
(۱۶) کتاب الغسل
(۱۷) کتاب فضل العلم
(۱۸) کتاب ذم الرای
(۱۹) کتاب تفسیر الحسن
(۲۰) معرفۃ الصحابہ
(۲۱) کتاب مسند سفیان
(۲۲) کتاب السنۃ
(۲۳) حدیث حمزۃ الزیات
(۲۴) مسند ابی جحادہ
(۲۵) حدیث مسعر
(۲۶) کتاب من اسمہ عطاء
(۲۷) حدیث ابی سعد البقال
(۲۸) طرق حدیث من کذب علی
(۲۹) کتاب النوح
(۳۰) کتاب غرائب مالک
(۳۱) جزو ابان بن تغلب
(۳۲) جزء حریث ابن ابی مطر
(۳۳) مسند الحارث العکلی
(۳۴) مسند ابن عجلان
(۳۵) کتاب الدعاء
(۳۶) کتاب من اسمہ عباد
(۳۷) المعجم الالوبیہ
(۳۸) کتاب الرد علی المعتزلہ
(۳۹) کتاب الجود
(۴۰) حدیث ایوب۔

وفات

امام طبرانی نے ۲۸ ذوالقعدہ ۳۶۰ھ کو انتقال فرمایا' اُس وقت آپ کی عمر سو سال کے قریب تھی۔ آپ کی قبرِ انور حضرت حمدوسی رضی اللہ عنہ کے مزارِ انور کے قرب میں ہے۔

☆☆☆☆☆

امام طبرانی کا علمی مقام...... حضرت شاہ عبدالعزیز کی نظر میں

امام طبرانی کی معاجم ثلاثہ کا تعارف

ان معاجم میں سے ایک کبیر' دوسرا اوسط اور تیسرا اصغیر ہے' جاننا چاہیے کہ مسند معجم کبیر کو مرویاتِ صحابہ رضی اللہ عنہم کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے چونکہ یہ مدنظر تھا کہ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کے مسندات کو جدا مرتب کریں' اس وجہ سے ان کی مرویات میں سے کسی روایت کو اس میں بیان نہیں کیا گیا ہے لیکن انہیں اس کا موقع نہ مل سکا' یا اگر موقع ملا تو اس کو شہر نصیب نہیں ہوئی۔ معجم اوسط کی چھ جلدیں ہیں' ہر ایک جلد ایک ضخیم کتاب ہے اور بہ ترتیب اسماءِ شیوخ مرتب ہے۔ ان کے شیوخ کی تعداد تقریباً ایک ہزار ہے۔ اپنے ہر شیخ سے جو عجائب وغرائب سنے تھے' ان کو اس میں بیان کیا ہے۔ یہ کتاب دار قطنی کی کتاب الافراد کی مانند ہے۔ اصطلاحِ محدثین میں افراد وغرائب ان حدیثوں کو کہتے ہیں جو اپنے شیخ کے سوا اور کسی کے پاس نہ ہوں۔ طبرانی اس کتاب کی نسبت یہ فرمایا کرتے تھے کہ یہ میری جان ہے۔ اور فی الواقع علم حدیث میں ان کی فضیلتِ علمی اور وسعتِ روایت کا پتہ اسی سے چلتا ہے۔ لیکن محققین اہل حدیث نے فرمایا ہے کہ اس میں منکرات بہت ہیں۔ اس کا منشاء یہ ہے کہ غرابت اسی کو مقتضی ہے اور تفرد ثقہ کا جس کو اصطلاح میں ''غریب صحیح'' بھی کہتے ہیں' ایک باب ہے۔ معجم صغیر بھی شیوخ ہی کی ترتیب پر مرتب ہے اور اس کتاب میں ان شیوخ کا بھی ذکر کیا ہے جن سے صرف ایک ایک حدیث کا استفادہ کیا۔ معجم کبیر کے آخر میں حدیث حلب العنز کے سلسلہ میں یہ حدیث بیان کی ہے۔

عبید بن غنام' ابوبکر بن ابی شیبہ' وکیع' اسحاق' عبدالرحمن بن زید الفائشی' بنت خباب فرماتی ہیں کہ میرے والد حضور ﷺ کی حیات میں ایک جہاد میں تشریف لے گئے۔ ان کی غیر موجودگی میں رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس تشریف لایا کرتے تھے اور ہماری بکری کا دودھ نکالا کرتے تھے۔ اس کو کٹیرے (لکڑی کا بڑا برتن) میں دوہتے تھے تو وہ بھر جاتا تھا' پھر جب خباب آئے اور وہ دوہنے لگے تو دودھ پھر اپنی اصلی مقدار پر لوٹ آیا (یعنی وہ برکت زائل ہوگئی)۔

معجم صغیر کے آخر میں فضیلت نساء کے بارے میں یہ حدیث منقول ہے:

سمانہ بنت محمد بن موسیٰ' محمد بن موسیٰ' محمد بن عقبہ السدوسی' محمد بن حمران' عطیۃ الدعاء' حکم بن حارث سلمی فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اکرم ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے: جو شخص مسلمانوں کے راستے میں سے ایک بالشت زمین کو بھی دبا لے گا تو قیامت کے روز ساتوں زمینوں سے اسی قدر لے کر طوق بنا کر اس کی گردن میں ڈالا جائے گا اور صلیحہ بنت فضل بن دکین فرماتی ہیں کہ میں نے اپنے والد سے سنا ہے کہ قرآن اللہ تعالیٰ کا کلام ہے' مخلوق (حادث) نہیں ہے۔

طبرانی کی کنیت ابوالقاسم ہے اور نام سلیمان ہے' احمد بن ایوب بن مطیر لخمی طبرانی کے بیٹے ہیں۔ ملک شام کے شہر عکہ میں بماہ صفر ۲۶۰ھ میں پیدا ہوئے اور ۲۷۳ھ میں آپ نے طالب علمی شروع کی۔ ملک شام کے اکثر شہروں حرمین شریفین

یمن، مصر، بغداد، کوفہ، بصرہ، اصفہان، جزیرہ اور اسلام کی دیگر آباد بستیوں میں سیر و سیاحت کی۔ علی بن عبدالعزیز بغوی، بشر بن موسیٰ، ادریس عطاء، ابوزرعہ دمشقی اور ان کے ہمعصروں سے حدیث شریف کی سماعت حاصل کی۔ طبرانی کے والد بزرگوار ان کو علم حدیث طلب کرنے کی بے حد ترغیب دیا کرتے تھے اور خود انہیں اپنے ہمراہ لے کر شہر بہ شہر پھرتے ہوئے استادوں کی خدمت میں پہنچاتے تھے۔ ان تینوں معجموں کے علاوہ جن کا ابھی ذکر ہوا ہے، ان کی اور بھی بہت سی تصانیف موجود ہیں۔

امام طبرانی کی کتاب الدعاء کا تعارف

اس کے شروع میں ذیل کی حدیث نقل کی ہے اور اسی کتاب سے صاحب حصن حصین نے بھی نقل کیا ہے۔

حافظ ابوالقاسم نے فرمایا: اس کتاب میں، میں نے رسول اللہ ﷺ کی سب دعاؤں کو جمع کیا ہے (چونکہ) میں نے بہت سے آدمیوں کو دیکھا کہ انہوں نے ایسی دعاؤں سے تمسک کیا ہے جو مقفا ہیں۔ (نیز) ایسی دعائیں جو ہر دن کے لئے وضع کی گئی ہیں اور جنہیں وراقوں یعنی واعظین وغیرہم نے بلاتحقیق جمع کر دیا ہے، حالانکہ وہ نہ جناب رسول اللہ ﷺ سے مروی ہیں اور نہ صحابہ رضی اللہ عنہم اور نہ ان لوگوں سے جو احسان کے ساتھ ان کے پیرو ہیں یعنی تابعین سے۔ بلکہ رسول اللہ ﷺ سے تو یہ منقول ہے کہ دعا میں قافیہ بندی اور تعدی نہ کرو۔ لہٰذا مجھ کو ان اُمور نے ایک ایسی کتاب کے جمع کرنے کی جرأت دلائی کہ جس میں وہ اسانید ہوں جو جناب رسول اللہ ﷺ سے منقول ہیں۔ میں نے اس کتاب کی ابتداء فضائلِ دُعا اور اس کے آداب سے کی ہے اور جس حال میں جو دُعا رسول اللہ ﷺ کیا کرتے تھے، اس کے لیے علیحدہ علیحدہ باب کر کے اس کتاب کو مرتب کیا اور ہر ایک دُعا کو اس کے موقع پر لکھ دیا تا کہ وہ لوگ جو اس کو سنیں یا جن کو یہ پہنچے اس کی ترتیب کے موافق خدا کی توفیق سے استعمال کریں، جس طرح ہم نے مرتب کیا ہے۔

اس کے بعد ایک باب قائم کیا جس میں اس آیت: ''اُدْعُوْنِیْ اَسْتَجِبْ لَکُمْ'' کی تفسیر فرمائی اور اس میں ایک حدیث اس کے مناسب بیان کی، جس کا ترجمہ یہ ہے:

عبداللہ بن محمد بن سعید بن مریم، محمد بن یوسف فریابی، ح، علی بن عبدالعزیز، ابوحذیفہ، سفیان، منصور، ذر بن عبداللہ، یسیع حضرمی، نعمان بن بشیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا ہے کہ عبادت دعا ہی ہے، پھر آپ نے اس کے استشہاد میں وہی آیت پڑھی جس کا ترجمہ الباب منعقد کیا ہے، یعنی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: مجھ سے دعا مانگو میں قبول کروں گا اور جو لوگ میری عبادت (دعا) سے تکبر کرتے ہیں، وہ عنقریب ذلت و خواری کے ساتھ جہنم میں داخل ہوں گے۔

یہ کتاب بھی بہت ضخیم ہے، کتاب المسالک، کتاب عشرۃ النساء اور کتاب دلائل النبوۃ، یہ سب کتابیں انہیں کی تصنیف کردہ ہیں۔ تفسیر میں بھی ایک بہت بڑی کتاب تالیف فرمائی ہے۔ ان کے علاوہ اور بہت سی ایسی تصنیفات جو اس زمانہ میں نہیں پائی جاتی، چنانچہ حافظ ابن مندہ نے ان سب کا ذکر کیا ہے۔

علم حاصل کرنے کے لیے مشقت لازم

طبرانی نے علم حدیث کی طلب میں بہت محنت اور مشقت اُٹھائی ہے' اپنی راحت و آرام کو بالائے طاق رکھ کر تیس برس تک بوریہ پر سوتے رہے۔ استاذ ابن العمید جو مشہور و معروف وزیر اور علم عربیت و اشعار و لغت میں اپنے وقت کے سردار ہیں اور دولت دیالمہ میں کوئی وزیر اس قابلیت اور لیاقت کا نہیں گزرا ہے۔ اور صاحب بن عباد جو منجملہ وزیران دولتِ دیالمہ کے ایک وزیر ہیں' طبرانی کے شاگرد اور انہی کے تربیت یافتہ ہیں۔

اصل عزت حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دین کی خدمت کی وجہ سے ہے

ابن العمید سے منقول ہے' وہ فرماتے ہیں: میرا خیال تھا کہ دنیا میں کوئی مرتبہ اور کوئی منصب وزارت کے برابر نہیں ہے اور مجھ کو جو لذت اور ذائقہ اس مرتبہ میں حاصل ہوا' وہ دنیا کی لذیذ چیزوں میں سے کسی چیز میں بھی نہیں پایا۔ وجہ اس کی یہ تھی کہ میں اس وقت مرجع خلائق تھا اور طرح طرح کے آدمی مجھ کو اپنا ملجا و ماویٰ سمجھتے تھے۔ میں اسی گمان اور خیال میں مست رہتا تھا۔ ایک دن میرے روبرو مشہور محدث ابوبکر جعانی اور ابوالقاسم طبرانی کے مابین مذاکرۂ حدیث واقع ہوا۔ کبھی طبرانی اپنی کثرتِ محفوظات کے باعث ان پر غالب آتے تھے اور کبھی ابوبکر اپنی فطانت اور ذکاوت کے سبب سے ان پر سبقت لے جاتے تھے۔ یہی قصہ دیر تک ہوتا رہا' نوبت بایںجا رسید کہ طرفین سے آوازیں بلند ہوئیں اور جوش و خروش پھیل گیا۔ ابوبکر جعابی نے کہا: ''حدّثنا ابو خلیفة قال حدثنا سلیمانُ بن ایوبَ ''۔ ابوالقاسم طبرانی نے اسی وقت کہا کہ میں ہی سلیمان بن ایوب ہوں اور ابوخلیفہ میرا ہی شاگرد ہے اور وہ مجھ سے ہی حدیث کی روایت کرتا ہے۔ پس تم کو مناسب ہے کہ خود مجھ سے اس حدیث کی سند حاصل کرو تا کہ تم کو علوِ اسناد حاصل ہو۔ ابن العمید کہتے ہیں کہ اس وقت ابوبکر جعابی شرم سے پانی پانی ہو گئے اور جو شرمندگی انہیں اس وقت حال ہوئی دُنیا میں کسی کو نہ ہوئی ہوگی۔ میں اپنے دل میں یہ کہتا تھا کہ کاش میں طبرانی ہوتا اور جو فرحت و غلبہ طبرانی کو حاصل ہوا ہے' وہ مجھ کو ہوتا۔ میں وزیر ہو کر اس قسم کے تحصیل فضائل اور اسباب جاہ سے محروم ہوں۔ راقم الحروف کہتا ہے کہ ابن العمید کی اس تمنا کا سبب اس کی ریاست اور وزارت تھی' ورنہ علماءِ ربانیین کو ایسے غلبوں کے سبب سے نہ کوئی تغیر پیش آتا ہے اور نہ ان کے نفوس کو کسی قسم کی کوئی جنبش ہوتی ہے۔ لیکن ''اَلْمَرْءُ یَقِیْسُ عَلٰی نَفْسِہٖ ''۔ غرض یہ ہے کہ طبرانی علم حدیث میں کامل وسعت رکھتے تھے اور کثرتِ روایت میں مستثنیٰ اور ممتاز تھے۔ ابوالعباس احمد بن منصور شیرازی فرماتے ہیں کہ میں نے طبرانی سے تین لاکھ احادیث لکھی ہیں۔ زنادقہ یعنی فرقہ قرامطہ اسماعیلیہ نے جو اس زمانہ میں اہل سنت کے دشمن تھے' طبرانی پر ان کی آخر عمر میں اس وجہ سے سحر کرا دیا تھا کہ وہ احادیث سے ان کے مذہب کا رد کیا کرتے تھے' جس سے ان کی بصارتِ ظاہری جاتی رہی تھی۔ آپ نے ماہِ ذیقعدہ ۳۶۰ھ میں وفات پائی۔ جنازہ کی نماز حافظ ابونعیم اصبہانی صاحب حلیۃ الاولیاء نے پڑھائی' دو ماہ اور ایک سو سال کی عمر پائی۔

☆☆☆☆☆

مقدمة

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ

الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، وَصَلَوَاتُهُ عَلَى نَبِيِّهِ مُحَمَّدٍ وَآلِهِ أَجْمَعِينَ، هَذَا الْكِتَابُ أَلَّفْنَاهُ جَامِعًا لِعَدَدِ مَا انْتَهَى إِلَيْنَا مِمَّنْ رَوَى عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَاءِ، عَلَى حُرُوفِ أَلِفٍ ب ت ث، بَدَأْتُ فِيهِ بِالْعَشَرَةِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، لِأَنْ لَا يَتَقَدَّمَهُمْ أَحَدٌ غَيْرُهُمْ، خَرَّجْتُ عَنْ كُلِّ وَاحِدٍ مِنْهُمْ حَدِيثًا وَحَدِيثَيْنِ وَثَلَاثًا وَأَكْثَرَ مِنْ ذَلِكَ عَلَى حَسَبِ كَثْرَةِ رِوَايَتِهِمْ وَقِلَّتِهَا، وَمَنْ كَانَ مِنَ الْمُقِلِّينَ خَرَّجْتُ حَدِيثَهُ أَجْمَعَ، وَمَنْ لَمْ يَكُنْ لَهُ رِوَايَةٌ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ لَهُ ذِكْرٌ مِنْ أَصْحَابِهِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، أَوْ تَقَدَّمَ مَوْتُهُ ذَكَرْتُهُ مِنْ كُتُبِ الْمَغَازِي وَتَارِيخِ الْعُلَمَاءِ، لِيُوقَفَ عَلَى عَدَدِ الرُّوَاةِ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَذِكْرِ أَصْحَابِهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَسَنُخْرِجُ مُسْنَدَهُمْ بِالِاسْتِقْصَاءِ عَلَى تَرْتِيبِ الْقَبَائِلِ بِعَوْنِ اللّٰهِ وَقُوَّتِهِ إِنْ شَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهُ

مقدمہ

اللہ کے نام سے شروع جو انتہائی مہربان‘

ہمیشہ رحم فرمانے والا ہے

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کو پالنے والا ہے‘ اس کی رحمتیں اس کے نبی پر جن کا نام نامی اسم گرامی محمد ﷺ ہے اور ان کی تمام آل پر۔ ہم نے اس کتاب کو تالیف کیا اس حال میں کہ یہ اکٹھا کرنے والی ہے‘ اس تمام تعداد کو جو ہم تک پہنچی ہے‘ ان حضرات میں سے جنہوں نے بلاواسطہ رسول کریم ﷺ سے روایات کی ہیں‘ خواہ وہ مرد ہیں یا عورتیں۔ اس کو الف‘ با‘ تا اور ثا حروف کی ترتیب پر جمع کیا ہے‘ میں نے عشرہ مبشرہ سے اس میں ابتداء کی ہے کیونکہ ان کے علاوہ کوئی بھی ان پر مقدم نہیں ہے‘ میں نے ہر شخصیت سے ایک‘ دو‘ تین یا اس سے زیادہ حدیثیں ضرور روایت کی ہیں کیونکہ کسی کی روایات زیادہ اور کسی کی کم ہیں‘ جن کی روایات کم ہیں‘ میں نے اس کی جامع حدیث روایت کی ہے اور جس نے رسول کریم ﷺ سے کوئی ایک حدیث بھی روایت نہیں کی لیکن اس کا نام ان صحابہ کرام کی فہرست میں ہے جنہوں نے رسول کریم ﷺ کے ساتھ مل کر کسی غزوہ میں شہادت پائی یا اس کی موت کو تقدم حاصل ہے‘ یعنی حضور ﷺ کے دور میں فوت ہوا‘ تو میں نے اس کا بھی ذکر کیا ہے۔ اس کام کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے کے لیے میں نے کتب مغازی اور

علماء کی تاریخ کے حوالے سے جو کتب تھیں' ان سے استفادہ کیا ہے۔ مقصد صرف اتنا تھا کہ لوگ' رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت کرنے والے تمام حضرات اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے صحابہ کے ذکر سے واقف و آگاہ ہوں۔ ان شاء اللہ وحدہٗ! میرا ارادہ ہے (اگر زندہ نے وفا کی) قبائل کی ترتیب کے مطابق' اللہ کی مدد اور اس کی عطا کردہ قوت سے عنقریب ان کی مسانید مکمل طور پر روایت کروں گا۔

نِسْبَةُ اَبِی بَكْرٍ الصِّدِّيقِ وَاسْمُهُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَبُو بَكْرٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی نسبت‘ آپ کا نام ابوبکر بن عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے

1 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ، قَالَ: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ اسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ، شَهِدَ بَدْرًا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاُمُّ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اُمُّ الْخَيْرِ سَلْمَى بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرِ بْنِ عَمْرِو بْنِ كَعْبِ بْنِ سَعْدِ بْنِ تَيْمِ بْنِ مُرَّةَ بْنِ كَعْبِ بْنِ لُؤَيِّ بْنِ غَالِبِ بْنِ فِهْرِ بْنِ مَالِكٍ، وَاُمُّ اُمِّ الْخَيْرِ: دِلَافُ وَهِيَ اُمَيْمَةُ بِنْتُ عُبَيْدِ بْنِ نَاقِدٍ الْخُزَاعِيِّ، وَجَدَّةُ اَبِي بَكْرٍ: اُمُّ اَبِي قُحَافَةَ اَمِينَةُ بِنْتُ عَبْدِ الْعُزَّى بْنِ حُرْثَانَ بْنِ عَوْفِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ عُوَيْجِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ كَعْبٍ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر نام عبداللہ بن عثمان بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ ہے‘ آپ بدر میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ موجود تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا نام اُم الخیر سلمٰی بنت صخر بن عامر بن عمرو بن کعب بن سعد بن تیم بن مرہ بن کعب بن لؤی بن غالب بن فہر بن مالک ہے۔

آپ کی نانی کا نام دلاف اُمیمہ بنت عبید بن ناقد الخزاعی‘ حضرت ابوبکر کی دادی کا نام اُم ابوقحافہ امینہ بنت عبدالعزیٰ بن حرثان بن عوف بن عبید بن عویج بن عدی بن کعب۔

2 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ رُشَيْدٍ، عَنِ الْهَيْثَمِ بْنِ عَدِيٍّ،

حضرت ہیثم بن عدی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کی والدہ کا نام اُم الخیر بنت

1- تنظر ترجمته فی الاصابة جلد7 صفحه44‘ والاستيعاب جلد3 صفحه963 .

قَالَ: أُمُّ أَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يُقَالُ لَهَا: أُمُّ الْخَيْرِ بِنْتُ صَخْرِ بْنِ عَامِرٍ، وَهَلَكَ أَبُو بَكْرٍ فَوَرِثَهُ أَبَوَاهُ جَمِيعًا، وَكَانَا قَدْ أَسْلَمَا، وَمَاتَتْ أُمُّ أَبِي بَكْرٍ قَبْلَ أَبِيهِ

صخر بن عامر ہے۔ حضرت ابوبکر کا وصال ہوا آپ کے ماں باپ دونوں آپ کے وارث بنے' دونوں مسلمان ہو چکے تھے۔ حضرت ابوبکر کی والدہ کا وصال آپ کے والد سے پہلے ہوا تھا۔

3 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ شَبِيبٍ الْمَدَنِيُّ، حَدَّثَنَا إِبْرَاهِيمُ بْنُ يَحْيَى بْنِ هَانِءٍ الشَّجَرِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، عَنْ خَازِمِ بْنِ الْحُسَيْنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَبِي بَكْرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، قَالَ: أَسْلَمَتْ أُمُّ أَبِي بَكْرٍ، وَأُمُّ عُثْمَانَ، وَأُمُّ طَلْحَةَ، وَأُمُّ الزُّبَيْرِ، وَأُمُّ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَوْفٍ، وَأُمُّ عَمَّارِ بْنِ يَاسِرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ، وَيُقَالُ: عَتِيقُ بْنُ عُثْمَانَ، وَإِنَّمَا سُمِّيَ عَتِيقًا لِحُسْنِ وَجْهِهِ

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر اور حضرت عثمان' حضرت طلحہ' حضرت زبیر' حضرت عبدالرحمٰن بن عوف' حضرت عمار بن یاسر رضی اللہ عنہم کی والدہ اسلام لا چکی تھیں' آپ کا نام عتیق بن عثمان تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ کا چہرہ بہت زیادہ خوبصورت تھا۔

4 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا ضَمْرَةُ بْنُ رَبِيعَةَ، عَنِ اللَّيْثِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: إِنَّمَا سُمِّيَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَتِيقًا لِجَمَالِ وَجْهِهِ، وَاسْمُهُ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ

حضرت لیث بن سعد فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عتیق چہرے کے خوبصورت ہونے کی وجہ سے تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔

5 - حَدَّثَنَا أَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ صَدَقَةَ، قَالَ: سَمِعْتُ أَبَا حَفْصٍ عَمْرَو بْنَ عَلِيٍّ يَقُولُ: كَانَ أَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، وَإِنَّمَا سُمِّيَ

حضرت ابوحفص عمرو بن علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے چہرہ پر گوشت کم تھا' آپ کا نام عتیق اس لیے تھا کہ آپ نے اپنے چہرے کو

3- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3 صفحه 415 رقم الحديث: 5584' عبيد الله بن عبد الله بن عتبة عن ابن عباس بلفظ: أسلمت أم أبي بكر الصديق وأم عثمان وأم طلحة وأم عمار بن ياسر وأم عبد الرحمٰن بن عوف وأم الزبير وأسلم سعد وأمه في الحياة .

4- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 69' عن الليث بن سعد به .

عَتِيقًا لِعَتَاقَةِ وَجْهِهِ، وَكَانَ اسْمُهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ، وَقَدْ رُوِیَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ سَمَّاهُ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

(جہنم سے) آزاد کرلیا تھا' آپ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ یہ بھی روایت کیا گیا ہے کہ حضورﷺ نے آپ کا نام عتیق اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

6 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ الْفَرَجِ الْمِصْرِیُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا قَيْسُ بْنُ اَبِی قَيْسٍ الْبُخَارِیُّ، ثنا قُتَيْبَةُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا، ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ عُمَارَةَ بْنِ غَزِيَّةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: سَاَلْتُ عَائِشَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهَا عَنِ اسْمِ اَبِی بَكْرٍ، فَقَالَتْ: عَبْدُ اللّٰهِ . فَقُلْتُ: اِنَّهُمْ يَقُولُونَ: عَتِيقٌ، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا قُحَافَةَ كَانَ لَهُ ثَلَاثَةٌ فَسَمَّى وَاحِدًا عَتِيقًا، وَمُعَيْتِقًا، وَمُعْتَقًا

حضرت عبدالرحمٰن بن قاسم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کے نام کے متعلق پوچھا تو آپ رضی اللہ عنہا نے فرمایا: آپ کا نام عبداللہ ہے۔ میں نے عرض کی: لوگ تو آپ کو عتیق کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: حضرت ابوقحافہ نے آپ کے تین نام رکھے تھے: ایک نام عتیق' معتِقا' معتَقا۔

7 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا حَامِدُ بْنُ يَحْيَى الْبَلْخِیُّ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ زِيَادِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الزُّبَيْرِ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: كَانَ اسْمُ اَبِی بَكْرٍ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ فَسَمَّاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَتِيقًا مِنَ النَّارِ

حضرت عامر بن عبداللہ بن زبیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضرت ابوبکر کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔ حضورﷺ نے آپ کا نام اس لیے رکھا تھا کہ آپ کو جہنم سے آزادی مل چکی تھی۔

8 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِیُّ، ثنا حَبِيبُ بْنُ زُرَيْقٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَامِرٍ الْاَسْلَمِیُّ، عَنْ عَمْرِو بْنِ سُلَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ الزُّبَيْرِ، يَقُولُ: كَانَ اسْمُ اَبِی بَكْرٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عُثْمَانَ

حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ کا نام عبداللہ بن عثمان تھا۔

7- أخرجه نحوه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 71 رقم الحديث: 8 عن عبد الله بن الزبير وانظر تاريخ الطبري جلد 2 صفحه 350 .

9 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدٍ الْعُمَرِيُّ الْقَاضِي، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اِسْحَاقُ بْنُ يَحْيَى بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ عَمِّهِ اِسْحَاقَ بْنِ طَلْحَةَ، قَالَ: دَخَلْتُ عَلَى عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، فَقَالَتْ: اِنَّ اَبَا بَكْرٍ دَخَلَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ لَهُ: اَنْتَ عَتِيقٌ مِنَ النَّارِ فَمِنْ يَوْمَئِذٍ سُمِّيَ عَتِيقًا

حضرت اسحاق بن طلحہ فرماتے ہیں کہ میں اُم المؤمنین سیدہ عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آیا' آپ نے فرمایا: حضرت ابوبکر' حضورﷺ کے پاس آئے تو آپﷺ نے فرمایا: تُو جہنم سے آزاد ہے! اس دن سے آپ کا نام عتیق رکھا گیا۔

10 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الصَّائِغُ الْمَكِّيُّ، وَاَبُو زُرْعَةَ عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَمْرٍو الدِّمَشْقِيُّ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا صَالِحُ بْنُ مُوسَى الطَّلْحِيُّ، عَنْ مُعَاوِيَةَ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عَائِشَةَ بِنْتِ طَلْحَةَ، عَنْ عَائِشَةَ اُمِّ الْمُؤْمِنِينَ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا، مَرَّ بِالنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَرَادَ اَنْ يَنْظُرَ اِلَى عَتِيقٍ مِنَ النَّارِ، فَلْيَنْظُرْ اِلَى هَذَا . قَالَتْ: وَاسْمُهُ الَّذِي سَمَّاهُ اَهْلُهُ: عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ' حضورﷺ کے پاس سے گزرے' آپ نے فرمایا: جس کا ارادہ اُس کو دیکھنے کا ہو جو جہنم سے آزاد ہو چکا ہے تو وہ ابوبکر کو دیکھ لے۔ آپ کا نام گھر والوں نے عبداللہ بن عثمان رکھا ہوا تھا۔

11 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْقَاسِمِ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، قَالَ: لَا نَعْلَمُ اَرْبَعَةً اَدْرَكُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَبْنَاؤُهُمْ، اِلَّا

حضرت موسیٰ بن عقبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نہیں جانتے ہیں کوئی بھی ایسے چار افراد جنہوں نے حضورﷺ کا زمانہ پایا ہو وہ مسلمان ہوئے ہوں مگر وہ یہی درج ذیل چار ہیں: ابوقحافہ' ابوبکر' عبدالرحمٰن' ابوعتیق بن عبدالرحمٰن۔ ابوعتیق کا نام محمد ہے۔ (نوٹ: ابوبکر'

9- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد1صفحه71 رقم الحديث: 8 عن عبد الله بن الزبير وانظر تاريخ الطبري جلد2صفحه350 .

10- أخرجه الحاكم في المستدرك جلد 3صفحه64 رقم الحديث: 4404' وأبو يعلى الموصلي في مسنده جلد8 صفحه302 رقم الحديث: 4899 .

هٰؤُلَاءِ الْاَرْبَعَةَ: اَبُو قُحَافَةَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَعَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي بَكْرٍ، وَاَبُو عَتِيقٍ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، وَاسْمُ اَبِي عَتِيقٍ مُحَمَّدٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

آپ کے والدگرامی ابوقحافہ آپ کے بیٹے عبدالرحمٰن اور پوتے ابوعتیق محمد ہیں' یہ صحابیت کا شرف پانے والے ہیں لیکن ان کے علاوہ کوئی نہیں)

12 - حَدَّثَنَا مُطَّلِبُ بْنُ شُعَيْبٍ الْاَزْدِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ رَبِيعَةَ بْنِ سَيْفٍ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ اَنَّهُ جَلَسَ مَعَ شُفَيٍّ الْاَصْبَحِيِّ فَقَالَ: سَمِعْتُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ عَمْرٍو يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: يَكُونُ بَعْدِي اثْنَا عَشَرَ خَلِيفَةً: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ لَا يَلْبَثُ بَعْدِي اِلَّا قَلِيلًا، وَصَاحِبُ رَحَى دَارَةٍ يَعِيشُ حَمِيدًا، وَيَمُوتُ شَهِيدًا . قِيلَ: مَنْ هُوَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ الْتَفَتَ اِلَى عُثْمَانَ فَقَالَ: وَاَنْتَ سَيَسْاَلُكَ النَّاسُ اَنْ تَخْلَعَ قَمِيصًا كَسَاكَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ، لَئِنْ خَلَعْتَهُ، لَا تَدْخُلُ الْجَنَّةَ حَتَّى يَلِجَ الْجَمَلُ فِي سَمِّ الْخِيَاطِ

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: میرے بعد بارہ خلیفہ ہوں گے' ابوبکرصدیق وہ میرے بعد کم مدت رہیں گے' چکی چلانے والا عزت سے زندگی گزارے گا اور شہادت کی موت پائے گا۔ عرض کی گئی: یارسول اللہ! وہ کون ہے؟ آپ نے فرمایا: وہ عمر بن خطاب ہے۔ پھر آپ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کی طرف متوجہ ہوئے' آپ نے فرمایا: آپ سے لوگ قمیص اُتارنے کی کوشش کریں گے جو اللہ نے آپ کو پہنائی ہے' اس ذات کی قسم جس کے قبضۂ قدرت میں میری جان ہے! اگر کوئی اُتارے گا تو وہ جنت میں داخل نہیں ہوسکتا جس طرح سوئی کے ناکے میں سے اونٹ داخل ہوجائے۔

13 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ح وَحَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، قَالَا: ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ جُمْهَانَ، عَنْ سَفِينَةَ، مَوْلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنِ النَّبِيِّ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام حضرت سفینہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: خلافت تیس سال رہے گی اس کے بعد بادشاہت ہوگی' دو سال خلافت حضرت ابوبکر کی' دس سال حضرت عمر کی' بارہ سال

12- أخرجه الطبراني في الأوسط جلد8صفحه319 رقم الحديث: 8749 .

13- أخرجه بهذا اللفظ على بن الجعد في مسنده جلد 1صفحه479 رقم الحديث: 3233' وابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1صفحه116 رقم الحديث: 113' وفي السنة أيضًا جلد2صفحه563 رقم الحديث: 1180' وعبد الله بن أحمد في السنة جلد2صفحه591 رقم الحديث: 1402 .

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: الْخِلَافَةُ ثَلَاثُونَ سَنَةً، ثُمَّ يَكُونُ مُلْكًا قَالَ: اَمْسَكَ ثِنْتَيْنِ اَبُو بَكْرٍ، وَعَشْرًا عُمَرُ، وَاثْنَتَيْ عَشْرَةَ عُثْمَانُ، وَسِتًّا عَلِيٌّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

حضرت عثمان کی' چھ سال حضرت علی رضی اللہ عنہم کی ہو گی۔

14 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْمَدِينِيِّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ مَنْصُورٍ السَّلُولِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سُلَيْمَانَ الْعَبْدِيُّ، عَنْ هَارُونَ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ عِمْرَانَ بْنِ ظَبْيَانَ، عَنْ اَبِي يَحْيَى حَكِيمِ بْنِ سَعْدٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عَلِيًّا رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَحْلِفُ: لَلّٰهُ اَنْزَلَ اسْمَ اَبِي بَكْرٍ مِنَ السَّمَاءِ الصِّدِّيقُ

حضرت ابو یحییٰ حکیم بن سعد رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت علی رضی اللہ عنہ کو قسم اُٹھا کر یہ کہتے ہوئے سنا: حضرت ابوبکر کا نام صدیق' اللہ عزوجل نے آسمان سے نازل کیا ہے۔

15 - حَدَّثَنَا بُهْلُولُ بْنُ اِسْحَاقَ بْنِ بُهْلُولٍ الْاَنْبَارِيُّ، ثنا اَبِي، عَنْ عَبْدِ الْاَعْلَى بْنِ اَبِي الْمُسَاوِرِ، عَنْ عِكْرِمَةَ، قَالَ: اَخْبَرَتْنِي اُمُّ هَانِءٍ، قَالَتْ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَمَّا اُسْرِيَ بِهِ: اِنِّي اُرِيدُ اَنْ اَخْرُجَ اِلَى قُرَيْشٍ فَاُخْبِرَهُمْ، فَاَخْبَرَهُمْ فَكَذَّبُوهُ، وَصَدَّقَهُ اَبُو بَكْرٍ فَسُمِّي يَوْمَئِذٍ الصِّدِّيقُ

حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب مجھے معراج کروائی گئی تو میں نے قریش کی طرف جانے کا ارادہ کیا کہ ان کو بتاؤں' تو میں نے ان کو بتایا تو اُنہوں نے جھٹلایا' حضرت ابوبکر نے اس کی تصدیق کی' اس دن سے آپ کا نام صدیق رکھا گیا ہے۔

صِفَةُ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کا حلیہ مبارک

16 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قَيْرِسٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، ثنا الْحَارِثُ بْنُ يَزِيدَ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ

حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں کہ قریش کے تین آدمی اچھے چہرے' اچھے اخلاق اور حیاء والے تھے' آپ کو بتاؤں تو آپ نے جھٹلانا نہیں' اگر تم

15- أخرجه ابن أبي عاصم في الآحاد والمثاني جلد 1 صفحه 83 رقم الحديث: 39' بهذا اللفظ مع اختلاف بسيط من طريق عكرمة عن أم هانىء بنت أبي طالب عنها .

بْنَ عَمْرٍو رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: ثَلَاثَةٌ مِنْ قُرَيْشٍ اَصْبَحُ قُرَيْشٍ وُجُوهًا، وَاَحْسَنُهَا اَخْلَاقًا، وَاَثْبَتُهَا حَيَاءً، اِنْ حَدَّثُوكَ لَمْ يَكْذِبُوكَ، وَاِنْ حَدَّثْتَهُمْ لَمْ يُكَذِّبُوكَ: اَبُو بَكْرٍ الصِّدِّيقُ، وَاَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْجَرَّاحِ، وَعُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمْ

بتاؤ گے تو تمہیں جھٹلایا نہیں جائے گا' وہ تین افراد ابوبکرصدیق' ابوعبیدہ بن جراح' عثمان بن عفان رضی اللہ عنہم ہیں۔

17 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا عَارِمٌ اَبُو النُّعْمَانِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ زَيْدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ حناء اور کتم اور مہندی کے ساتھ خضاب لگاتے تھے۔

18 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، انا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، انا مَعْمَرٌ، عَنْ قَتَادَةَ، وَثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ لِحْيَتَهُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَاَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ خَضَبَ بِالْحِنَّاءِ فَرْدًا،

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف حناء کے ساتھ رنگتے تھے۔

حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْوَلِيدِ النَّرْسِيُّ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، عَنْ سَعِيدٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ مِثْلَهُ

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے اسی کی مثل روایت منقول ہے۔

19 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسٍ، اَنَّ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ وَالْكَتَمِ، وَاَنَّ عُمَرَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ كَانَ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکرصدیق رضی اللہ عنہ اپنی داڑھی کو حناء اور کتم لگاتے تھے' حضرت عمر صرف مہندی لگاتے تھے۔

18- اخرجه ابو بكر الشيبانی فی الآحاد والمثانی جلد 1 صفحه 98 رقم الحديث: 73 من طريق معمر عن قتادة وثابت عن أنس باسناده: أن عمر خضب بالحناء بحتا .

20 - ثنا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا الزُّبَيْرُ بْنُ بَكَّارٍ، حَدَّثَنِي اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْمُنْذِرِ، حَدَّثَنِي الْوَاقِدِيُّ، حَدَّثَنِي شُعَيْبُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ عَائِشَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا، اَنَّهَا رَاَتْ رَجُلًا مَارًّا، وَهِيَ فِي هَوْدَجِهَا فَقَالَتْ: مَا رَاَيْتُ رَجُلًا اَشْبَهَ بِاَبِي بَكْرٍ مِنْ هَذَا ، فَقِيلَ لَهَا: صِفِي لَنَا اَبَا بَكْرٍ، فَقَالَتْ: كَانَ رَجُلًا اَبْيَضَ نَحِيفًا خَفِيفَ الْعَارِضَيْنِ، اَحْنَا لَا تَسْتَمْسِكُ اِزْرَتُهُ، تَسْتَرْخِي عَنْ حَقْوَيْهِ، مَعْرُوقَ الْوَجْهِ، غَائِرَ الْعَيْنَيْنِ، نَاتِءَ الْجَبْهَةِ، عَارِيَ الْاَشَاجِعِ هَذِهِ صِفَتُهُ

حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ میں (ھودج) میں تھی میں نے ایک آدمی کو گزرتے ہوئے دیکھا میں نے اس آدمی کو حضرت ابوبکر کے مشابہ دیکھا آپ سے عرض کی گئی: ہم کو حضرت ابوبکر کا حلیہ بتائیں! آپ نے فرمایا: آپ کا رنگ سفید تھا رخسار اندر کو دبے ہوئے تھے آپ کا پیٹ بڑا تھا جس کی وجہ سے آپ کا تہبند ٹھہرتا نہیں تھا کھسک جاتا تھا چہرے پر گوشت کم تھا پیشانی پسینے میں ڈوبی رہتی نظریں جھکائے رکھتے پیشانی اُبھری ہوئی تھی انگلیوں کی جڑیں گوشت سے خالی تھیں۔

21 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا اَبُو عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْمُقْرِءُ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ زِيَادِ بْنِ اَنْعَمَ، ثنا عُمَارَةُ بْنُ غُرَابٍ، عَنْ عَمِّهِ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا بَكْرٍ الصِّدِّيقَ وَهُوَ خَلِيفَةُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَحْمَرَ اللِّحْيَةِ قَانِيَهَا

حضرت عمارہ بن غراب اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کو دیکھا آپ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خلیفہ تھے آپ کی داڑھی مبارک سرخ تھی۔

22 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا مِسْعَرٌ، عَنْ زِيَادِ بْنِ عِلَاقَةَ قَالَ: كَانَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَخْضِبُ بِالْحِنَّاءِ

حضرت زیاد بن علاقہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ حناء مہندی لگاتے تھے۔

561- أخرج نحوه ابن ماجه فی سننه جلد 1 صفحه 166 رقم الحديث: 496,494 عن عبد الله بن عبد الله عن عبد الرحمن بن أبی ليلی عن أسيد بن حضير به .

التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ التَّيْمِيُّ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، اَنَّ اُسَيْدَ بْنَ حُضَيْرٍ كَانَ مِنْ اَحْسَنِ النَّاسِ صَوْتًا بِالْقُرْآنِ، فَقَرَاَ لَيْلَةً، وَفَرَسُهُ مَرْبُوطَةٌ عِنْدَهُ، وَابْنُهُ نَائِمٌ اِلَى جَنْبِهِ، فَادَارَ الْفَرَسُ فِي رِبَاطِهِ، فَقَرَاَ فَادَارَ الْفَرَسُ فِي رِبَاطِهِ، فَقَرَاَ فَادَارَ الْفَرَسُ فِي رِبَاطِهِ، فَانْصَرَفَ، فَاَخَذَ ابْنَهُ وَخَشِيَ اَنْ يَطَاَهُ الْفَرَسُ، فَاَصْبَحَ فَذَكَرَ ذَلِكَ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اقْرَاْ اُسَيْدُ فَاِنَّ الْمَلَائِكَةَ لَمْ تَزَلْ يَسْتَمِعُونَ صَوْتَكَ، فَلَوْ قَرَاْتَ اَصْبَحَتْ ظُلَّةٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِينَ، يَتَرَايَاهَا النَّاسُ فِيهَا الْمَلَائِكَةُ

تھے اور آپ کا گھوڑا ساتھ ہی باندھا ہوا تھا' ان کا بیٹا ان کے پاس ہی سویا ہوا تھا' گھوڑا اپنے باندھنے والی جگہ میں اُچھلنے لگا۔ اُسید پڑھتے تو گھوڑا اپنی باندھنے کی جگہ اُچھلنے لگتا' پھر پڑھا تو گھوڑا پھر اپنی جگہ اُچھلنے لگا۔ اُنہوں نے پڑھنا چھوڑ دیا اور اپنے بچے کو پکڑا اور اس سے ڈرے کہ گھوڑا اسے روند نہ دے۔ صبح ہوئی تو اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اُسید تم نے پڑھتے رہنا تھا' فرشتے تمہارا قرآن سننے کے لیے اُتر رہے تھے' اگر تُو صبح تک پڑھتا رہتا تو آسمان اور زمین فرشتوں کے ساتھ بھری ہوتی' لوگ زمین و آسمان میں فرشتے دیکھتے۔

563 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَيَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي سَلَمَةَ، بَيْنَمَا اُسَيْدُ بْنُ حُضَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، يُصَلِّي بِاللَّيْلِ، قَالَ: اِذْ غَشِيَتْنِي مِثْلُ السَّحَابَةِ فِيهَا مِثْلُ الْمَصَابِيحِ، وَالْمَرْاَةُ نَائِمَةٌ اِلَى جَنْبِي وَهِيَ حَامِلٌ، وَالْفَرَسُ مَرْبُوطٌ فِي الدَّارِ، فَخَشِيتُ اَنْ يَنْفِرَ الْفَرَسُ، فَتَفْزَعَ الْمَرْاَةُ، فَتُلْقِيَ وَلَدَهَا، فَانْصَرَفْتُ مِنْ صَلَاتِي، فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ اَصْبَحْتُ، فَقَالَ: اقْرَاْهُ يَا اُسَيْدُ فَاِنَّ ذَلِكَ مَلَكٌ اسْتَمَعَ الْقُرْآنَ

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رات کو نماز پڑھ رہا تھا' اچانک مجھے بادل کی طرح ایک شی نے ڈھانپ لیا' اس میں روشنی چراغ کی طرح تھی' میری بیوی میرے پاس سوئی ہوئی تھی اور وہ حاملہ بھی تھی اور گھوڑا گھر میں باندھا ہوا تھا' میں ڈر گیا کہ گھوڑا بھاگ نہ جائے اور عورت پریشان نہ ہو اور کہیں حمل ضائع نہ ہو جائے' لہٰذا میں نے اپنی نماز چھوڑ دی۔ جب صبح ہوئی تو اس بات کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا گیا' آپ نے فرمایا: اے اُسید! آپ نے پڑھتے رہنا تھا' یہ فرشتہ آپ کے قرآن کی تلاوت سننے کے لیے آیا تھا۔

564 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَاصِمٍ، عَنْ زِرٍّ، عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، أَنَّهُ أَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنِّي كُنْتُ أَقْرَأُ الْبَارِحَةَ سُورَةَ الْكَهْفِ، فَجَاءَ شَيْءٌ حَتَّى غَطَّى فَمِي، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تِلْكَ السَّكِينَةُ جَاءَتْ تَسْتَمِعُ الْقُرْآنَ

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! میں رات کو سورۂ کہف کی تلاوت کر رہا تھا' ایک شی آئی اور اس نے میرے منہ کو ڈھانپ لیا۔ حضور ﷺ نے فرمایا: یہ سکینہ تھی جو آپ کا قرآن سننے کے لیے آئی تھی۔

565 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا هَارُونُ بْنُ سَعِيدٍ الْأَيْلِيُّ، ثنا أَنَسُ بْنُ عِيَاضٍ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ زَيْدِ بْنِ أَسْلَمَ، عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، قَالَ: كُنْتُ أُصَلِّي فِي لَيْلَةٍ قَمِرَةٍ، وَقَدْ أَوْثَقْتُ فَرَسِي، فَجَالَتْ جَوْلَةً، فَفَزِعْتُ، ثُمَّ جَالَتْ أُخْرَى، فَرَفَعْتُ رَأْسِي، وَإِذَا ظُلَّةٌ قَدْ غَشِيَتْنِي، وَإِذَا هِيَ قَدْ حَالَتْ بَيْنِي وَبَيْنَ الْقَمَرِ، فَفَزِعْتُ، فَدَخَلْتُ الْبَيْتَ، فَلَمَّا أَصْبَحْتُ ذَكَرْتُ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ: تِلْكَ الْمَلَائِكَةُ جَاءَتْ تَسْتَمِعُ قُرْآنَكَ آخِرَ اللَّيْلِ سُورَةَ الْبَقَرَةِ وَكَانَ أُسَيْدُ حَسَنَ الصَّوْتِ

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں چاندنی رات میں نماز پڑھ رہا تھا' میں نے گھوڑا باندھا ہوا تھا' گھوڑے نے اُچھلنا شروع کر دیا تو میں پریشان ہوا (میں نے دوبارہ پڑھنا شروع کیا) وہ گھوڑا پھر اُچھلنا شروع ہو گیا' میں نے اپنا سر اُٹھایا تو دیکھا کہ بادل نما شی نے مجھے ڈھانپ لیا' وہ میرے اور چاند کے درمیان تھی' میں پریشان ہوا' میں گھر میں داخل ہوا' جب میں نے صبح کی تو میں نے اس کا ذکر حضور ﷺ کے پاس کیا تو آپ نے فرمایا: یہ فرشتہ آخری رات کے حصے کو تیری سورۂ بقرہ کی تلاوت سننے کے لیے آیا تھا۔ حضرت اُسید اچھی آواز والے تھے۔

566 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ أَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ أَبِي لَيْلَى، عَنْ أُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، أَنَّهُ قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، بَيْنَمَا أَنَا أَقْرَأُ سُورَةَ الْبَقَرَةِ، إِذْ سَمِعْتُ وَجْبَةً مِنْ خَلْفِي، فَظَنَنْتُ أَنَّ فَرَسِي أُطْلِقَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں سورۂ بقرہ کی تلاوت کر رہا تھا' اچانک میں نے اپنے پیچھے سے آواز سنی' میں نے خیال کیا کہ میرا گھوڑا کھل گیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوعتیک! تم نے قرآن پڑھتے رہنا تھا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں نے دیکھا تو وہ

وَسَلَّمَ: اقْرَاْهُ يَا اَبَا عَتِيكٍ قَالَ: فَالْتَفَتُّ، فَإِذَا الْمَصَابِيحُ مُدَلَّاةٌ بَيْنَ السَّمَاءِ وَالْاَرْضِ، وَرَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اقْرَاْهُ يَا اَبَا عَتِيكٍ فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، مَا اسْتَطَعْتُ اَنْ اَمْضِيَ، قَالَ: تِلْكَ الْمَلَائِكَةُ نَزَلَتْ لِقِرَاءَةِ سُورَةِ الْبَقَرَةِ، اَمَا اِنَّكَ لَوْ مَضَيْتَ لَرَاَيْتَ الْعَجَائِبَ حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، اَنَا مُعَاذُ بْنُ هِشَامٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي لَيْلَى، عَنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

ایک چراغ تھا جو آسمان اور زمین کے درمیان لٹک رہا تھا۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم نے پڑھتے رہنا تھا' اے ابوعتیک! میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! میں پڑھنے کی طاقت نہیں رکھتا تھا۔ آپ نے فرمایا: یہ فرشتے تمہاری سورۂ بقرہ کی تلاوت سننے کے لیے اُتر رہے تھے۔ اگر تو جاری رکھتا تو عجائب قدرت دیکھتا۔ حضرت اُسید بن حضیر' حضور ﷺ سے اسی کی مثل روایت کرتے ہیں۔

567 - حَدَّثَنَا الْفَضْلُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا بَشَّارُ بْنُ مُوسَى الْخَفَّافُ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، ثنا مَسْرُوقُ بْنُ الْمَرْزُبَانِ، قَالَا: ثنا يَحْيَى بْنُ زَكَرِيَّا بْنُ اَبِي زَائِدَةَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ حُصَيْنِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، عَنِ ابْنِ شَفِيعٍ، وَكَانَ طَبِيبًا، قَالَ: قَطَعْتُ مِنْ اُسَيْدِ بْنِ حُضَيْرٍ عِرْقَ النَّسَا، فَحَدَّثَنِي حَدِيثَيْنِ قَالَ: اَتَانِي اَهْلُ بَيْتَيْنِ مِنْ قَوْمِي، فَقَالُوا: كَلِّمْ لَنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَقْسِمُ لَنَا مِنْ هَذَا التَّمْرِ، فَاَتَيْتُهُ فَكَلَّمْتُهُ، فَقَالَ: نَعَمْ نَقْسِمُ لِكُلِّ اَهْلِ بَيْتٍ

حضرت ابن شفیع فرماتے ہیں کہ میں طبیب تھا' میں نے حضرت اُسید بن حضیر رضی اللہ عنہ کی عرق النساء کاٹی' مجھے آپ نے دو حدیثیں بیان کیں' فرمایا: میری قوم سے میرے دو گھروں والے آئے' اُنہوں نے کہا: ہمیں رسول اللہ ﷺ کی بات سنائیں اور ہمارے درمیان یہ کھجوریں تقسیم کریں۔ میں آیا اور میں نے گفتگو کی' فرمایا: جی ہاں! ہم ہر گھر والے کو آدھی آدھی کھجور تقسیم کرتے ہیں' اگر اللہ نے ہم کو دوبارہ دیں تو ہم ایسے ہی تقسیم کریں گے۔ میں نے کہا: اللہ آپ کو ہماری طرف سے بہتر جزاء دے! میں نے کہا: تمہیں اللہ عزوجل میری طرف سے انصار کے گروہ کو اچھی

567- اخرجه ابن حبان في صحيحه جلد **16** صفحه **268** رقم الحديث: **7279**' وذكره ابو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد **4** صفحه **269** رقم الحديث: **1465**' جلد **4** صفحه **271** رقم الحديث: **1467** كلاهما عن محمود بن لبيد عن ابن شفيع عن أسيد بن حضير به' وذكره الهيثمي في مجمع الزوائد جلد **10** صفحه **33** عن أسيد بن حضير .

شَطْرًا، وَإِنْ عَادَ اللّٰهُ عَلَيْنَا عُدْنَا عَلَيْهِمْ فَقُلْتُ: جَزَاكَ اللّٰهُ عَنَّا خَيْرًا، قَالَ: وَأَنْتُمْ فَجَزَاكُمُ اللّٰهُ عَنِّي مَعَاشِرَ الْأَنْصَارِ خَيْرًا، فَإِنَّكُمْ مَا عَلِمْتُ أَعِفَّةٌ صُبُرٌ، أَمَا إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِي أَثَرَةً، فَاصْبِرُوا حَتَّى تَلْقَوْنِي

جزاء دے' میں تم سے بہتر ہوں' یہ جانتا ہوں کہ صبر کرو' کیونکہ تم میرے بعد ترجیحات دیکھو گے' تم مجھ سے ملاقات کرنے تک صبر کرنا۔

أُسَيْدُ بْنُ ظُهَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اُسید بن ظہیر رضی اللہ عنہ

568 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْقَرْمَطِيُّ الْبَغْدَادِيُّ، مِنْ وَلَدِ عَامِرِ بْنِ رَبِيعَةَ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ يَعْقُوبَ الْعُثْمَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ التَّيْمِيُّ، ثنا بَشِيرُ بْنُ ثَابِتِ بْنِ أُسَيْدِ بْنِ ظُهَيْرٍ، ح وَحَدَّثَنِي أَيْضًا عَنْ أُخْتِهِ سُعْدَى بِنْتِ ثَابِتٍ، عَنْ أَبِيهِمَا ثَابِتٍ، عَنْ جَدِّهِمَا أُسَيْدِ بْنِ ظُهَيْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اسْتَصْغَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ رَافِعَ بْنَ خَدِيجٍ يَوْمَ أُحُدٍ، فَقَالَ لَهُ عَمُّهُ ظُهَيْرٌ رَحِمَهُ اللّٰهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، إِنَّهُ رَجُلٌ رَامٍ، فَأَجَازَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَأَصَابَهُ سَهْمٌ فِي لَبَّتِهِ، فَجَاءَ بِهِ عَمُّهُ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: إِنَّ ابْنَ أَخِي أَصَابَهُ سَهْمٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنْ أَحْبَبْتَ أَنْ تُخْرِجَهُ أَخْرَجْنَاهُ، وَإِنْ أَحْبَبْتَ أَنْ تَدَعَهُ، فَإِنَّهُ إِنْ مَاتَ وَهُوَ فِيهِ مَاتَ شَهِيدًا

حضرت اُسید بن ظہیر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن مجھے آپ ﷺ نے واپس بھیج دیا چھوٹا ہونے کی وجہ سے۔ میرے چچا نے عرض کی: یارسول اللہ! یہ تیر انداز آدمی ہے۔ تو حضور ﷺ نے اجازت دے دی' مجھے گردن پر تیر لگا' تو میرا چچا' حضور ﷺ کی بارگاہ میں آیا' اُس نے عرض کی: میرے بھائی زادے کو تیر لگا ہے! حضور ﷺ نے فرمایا: اگر آپ نکالنا پسند کرتے ہیں تو ہم نکالتے ہیں' اگر آپ چھوڑنا پسند کرتے ہیں تو کیونکہ اگر اس حالت میں مرے گا تو شہادت کی موت مرے گا۔

569 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا أَبُو بَكْرِ بْنُ

حضرت اُسید بن ظہیر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

569- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 1صفحه662 رقم الحديث: 1792' وذكره أبو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 4صفحه281 رقم الحديث: 1472' جلد 4صفحه282 رقم الحديث: 1474' والبيهقي في سنن البيهقي الكبرى جلد 5صفحه248 رقم الحديث: 10075' وابن ماجة في سننه

اَبِی شَیْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، قَالَا: حَدَّثَنَا اَبُو اُسَامَةَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِیدِ بْنِ جَعْفَرٍ، ثنا اَبُو الْاَبْرَدِ، مَوْلَی بَنِی خَطْمَةَ، اَنَّهُ سَمِعَ اُسَیْدَ بْنَ ظُهَیْرٍ الْاَنْصَارِیَّ یُحَدِّثُ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: صَلَاةٌ فِی مَسْجِدِ قُبَاءٍ كَعُمْرَةٍ

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مسجد قباء میں نماز عمرہ کے برابر ثواب کا درجہ رکھتی ہے۔

570 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِیمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا الصَّلْتُ بْنُ مَسْعُودٍ الْجَحْدَرِیُّ، ثنا خَالِدُ بْنُ الْحَارِثِ، ثنا عَبْدُ الْحَمِیدِ بْنُ جَعْفَرٍ، قَالَ: اَخْبَرَنِی اَبِی، عَنْ رَافِعِ بْنِ اُسَیْدِ بْنِ ظُهَیْرٍ، عَنْ اَبِیهِ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ نَهَی عَنْ كِرَی الْاَرْضِ

حضرت رافع بن اُسید بن ظہیر اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے زمین کرایہ پر دینے سے منع کیا۔

اُسَیْدُ بْنُ یَرْبُوعٍ الْاَنْصَارِیُّ اسْتُشْهِدَ یَوْمَ الْیَمَامَةِ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اُسید بن یربوع انصاری رضی اللہ عنہ آپ کو جنگ یمامہ میں شہید کیا گیا تھا

571 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِیعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِی تَسْمِیَةِ مَنْ قُتِلَ یَوْمَ الْیَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِی سَاعِدَةَ: اُسَیْدُ بْنُ یَرْبُوعٍ

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے اور بنی ساعدہ سے جنگ یمامہ کے دن جن کو شہید کیا گیا' وہ حضرت اُسید بن یربوع تھے۔

572 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَیْمَانَ الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَیَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَیْحٍ، عَنْ مُوسَی بْنِ عُقْبَةَ،

حضرت عروہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے اور بنی ساعدہ سے جنگ یمامہ کے دن جن کو شہید کیا گیا' وہ حضرت اُسید بن یربوع تھے۔

جلد 1 صفحہ 453 رقم الحدیث: 1141 کلهم عن عبد الحمید بن جعفر عن أبی الأبرد عن أسید بن ظهیر .

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْأَنْصَارِ مِنْ بَنِي سَاعِدَةَ: أُسَيْدُ بْنُ يَرْبُوعٍ

أُسَيْدُ بْنُ مَالِكٍ أَبُو عَمْرَةَ الْأَنْصَارِيُّ

حضرت اُسید بن مالک ابوعمرہ انصاری رضی اللہ عنہ

وَيُقَالُ: بَشِيرُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مِحْصَنٍ رَضِيَ اللهُ عَنْهُ، وَيُقَالُ: ثَعْلَبَةُ بْنُ عَمْرِو بْنِ مِحْصَنٍ، وَيُقَالُ: عَمْرُو بْنُ مِحْصَنٍ مِنْ بَنِي مَازِنِ بْنِ النَّجَّارِ، وَيُقَالُ: إِنَّ أَبَا عَمْرَةَ أَعْطَى عَلِيًّا رَضِيَ اللهُ عَنْهُ يَوْمَ صِفِّينَ مِائَةَ أَلْفِ دِرْهَمٍ أَعَانَهُ بِهَا يَوْمَ الْجَمَلِ، وَقُتِلَ يَوْمَ صِفِّينَ

آپ کا نام بشیر بن عمرو بن محصن اور آپ کا نام ثعلبہ بن عمرو بن محصن' اور عمرو بن محصن' بنی مازن' بنی نجار بھی ہے۔ کہا جاتا ہے کہ حضرت ابوعمرہ نے صفین کے دن حضرت علی رضی اللہ عنہ کو ایک سو دینار دیئے تھے' جنگ جمل کے دن مدد کے لیے آپ کو صفین کے دن شہید کیا گیا تھا۔

573 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَدِينِيُّ فُسْتُقَةُ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ سَعِيدٍ الْجَوْهَرِيُّ، عَنِ الْوَاقِدِيِّ، قَالَ: وَفِيهَا تُوُفِّيَ أَبُو عَمْرَةَ الْمَازِنِيُّ سَنَةَ سَبْعٍ وَثَلَاثِينَ

امام واقدی نے کہا: اور اسی میں ابوعمرہ مازنی 37 ہجری کے اندر فوت ہوئے۔

بَابٌ مِنْ دَلَائِلِ نُبُوَّةِ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

یہ باب ہے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کے دلائل میں سے

574 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ أَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا الْأَوْزَاعِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا أَبُو عَبْدِ الْمَلِكِ أَحْمَدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ، ثنا إِبْرَاهِيمُ بْنُ عَبْدِ اللهِ بْنِ الْعَلَاءِ بْنِ زَبْرٍ الرَّبَعِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي عَبْدُ اللهِ بْنُ الْعَلَاءِ،

حضرت عبدالرحمن بن ابی عمرہ انصاری فرماتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بیان کیا کہ ہم ایک غزوہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ تھے' صحابہ کرام کو بھوک لگی تو صحابہ کرام نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے بعض سواریاں ذبح کرنے کی اجازت مانگی تو رسول اللہ

عَنِ الزُّهْرِيِّ، وَالْاَوْزَاعِيِّ، قَالَا: ثنا الْمُطَّلِبُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ حَنْطَبٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ اَبِي عَمْرَةَ الْاَنْصَارِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، قَالَ: كُنَّا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي غَزْوَةٍ غَزَاهَا، فَاَصَابَ النَّاسَ مَخْمَصَةٌ، فَاسْتَاْذَنَ النَّاسُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي نَحْرِ بَعْضِ ظُهُورِهِمْ، فَهَمَّ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ يَاْذَنَ لَهُمْ فِي ذَلِكَ، فَقَالَ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: اَرَاَيْتَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِذَا نَحْنُ نَحَرْنَا ظَهْرَنَا، ثُمَّ لَقِينَا عَدُوَّنَا غَدًا وَنَحْنُ جِيَاعٌ رِجَالٌ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَمَا تَرَى يَا عُمَرُ؟ قَالَ: تَدْعُو النَّاسَ بِبَقَايَا اَزْوَادِهِمْ، ثُمَّ تَدْعُو لَنَا فِيهَا بِالْبَرَكَةِ، فَاِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ سَيُبَلِّغُنَا بِدَعْوَتِكَ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ، قَالَ: فَكَاَنَّمَا كَانَ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ غِطَاءٌ، فَكُشِفَ فَدَعَا بِثَوْبٍ، فَاَمَرَ بِهِ، فَبُسِطَ، ثُمَّ دَعَا النَّاسَ بِبَقَايَا اَزْوَادِهِمْ، فَجَاءُوا بِمَا كَانَ عِنْدَهُمْ، فَمِنَ النَّاسِ مَنْ جَاءَ بِالْجَفْنَةِ مِنَ الطَّعَامِ- اَوِ الْحِفْنَةِ- وَمِنْهُمْ مَنْ جَاءَ بِمِثْلِ الْبَيْضَةِ، فَاَمَرَ بِهِ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَوُضِعَ عَلَى ذَلِكَ الثَّوْبِ، ثُمَّ دَعَا فِيهِ بِالْبَرَكَةِ، وَتَكَلَّمَ بِمَا شَاءَ اللّٰهُ اَنْ يَتَكَلَّمَ، ثُمَّ نَادَى فِي الْجَيْشِ، فَجَاءُوا، ثُمَّ اَمَرَهُمْ فَاَكَلُوا، وَطَعِمُوا، وَمَلَاُوا اَوْعِيَتَهُمْ، وَمَزَاوِدَهُمْ، ثُمَّ دَعَا بِرَكْوَةٍ فَوُضِعَتْ بَيْنَ يَدَيْهِ، ثُمَّ دَعَا بِمَاءٍ، فَصَبَّهُ فِيهَا، ثُمَّ مَجَّ فِيهَا، فَتَكَلَّمَ بِمَا شَاءَ

ﷺ نے اجازت دینے کا ارادہ فرمایا' حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا اب ہم اپنی سواریاں ذبح کریں گے' پھر ہم کل دشمنوں کا سامنا کریں گے تو پیدل ہوں گے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! تیری کیا رائے ہے؟ انہوں نے عرض کی: لوگوں کو فرمائیں کہ وہ اپنے بچے ہوئے زادِراہ لائیں' پھر آپ ہمارے لیے اس میں برکت کی دعا فرمایئے' بے شک اللہ عزوجل آپ کی دعا سے ان شاء اللہ ہمیں اپنے مقصود تک پہنچائے گا' گویا کہ رسول اللہ ﷺ پر چادر تھی' چادر کو کھولا گیا تو آپ نے کپڑا مانگا' آپ نے اس کو بچھانے کا حکم دیا' پھر لوگوں کو ان کے بچے ہوئے زادِراہ کے ساتھ بلایا' سو لوگوں میں سے کسی کے پاس کھانے کی ایک مٹھی تھی' اُن میں سے کسی کے پاس انڈوں کی طرح اشیاء تھیں۔ رسول اللہ ﷺ نے حکم دیا کہ اس کو کپڑے پر رکھا جائے' پھر حضور ﷺ نے برکت کی دعا فرمائی اور جو اللہ نے چاہا کلام پڑھا' پھر لشکر کو بلایا' وہ آئے تو آپ نے حکم دیا کہ خود کھاؤ اور کھلاؤ اور اپنے برتن بھرلو۔ پھر آپ نے ایک پتھر کا پیالہ منگوایا' پس آپ نے پانی منگوایا اور اس میں اپنا دست مبارک رکھا اور جو اللہ نے چاہا آپ نے پڑھا' پھر آپ نے اس میں خنصر انگلی رکھی۔ (راویٔ حدیث فرماتے ہیں:) میں اللہ کی قسم کھاتا ہوں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کی انگلیوں سے پانی کے چشمے اُبلتے ہوئے دیکھے' پھر آپ نے لوگوں کو حکم دیا تو انہوں نے پیا اور پلایا اور

اللّٰهُ اَنْ يَتَكَلَّمَ، ثُمَّ اَدْخَلَ خِنْصَرَهُ فِيهَا، فَاَقْسَمَ بِاللّٰهِ لَقَدْ رَاَيْتُ اَصَابِعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَفَجَّرُ يَنَابِيعَ مِنَ الْمَاءِ، ثُمَّ اَمَرَ النَّاسَ فَشَرِبُوا، وَسَقَوْا، وَمَلَاُوا قِرَبَهُمْ، وَاَدَاوِيَهُمْ، ثُمَّ ضَحِكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى بَدَتْ نَوَاجِذُهُ، ثُمَّ قَالَ: اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، لَا يَلْقَى اللّٰهَ بِهِمَا اَحَدٌ يَوْمَ الْقِيَامَةِ، اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّةَ عَلَى مَا كَانَ

اپنے برتن بھر لیے' پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسکرائے' یہاں تک کہ آپ کی داڑھیں نظر آنے لگیں' فرمایا: میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے' وہ اکیلا ہے' اس کا کوئی شریک نہیں ہے اور بلاشبہ حضرت محمد اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں' اللہ عزوجل ان دونوں اشیاء کا اقرار کرنے والے کو قیامت کے دن جنت میں داخل کرے گا' چاہے اس سے کوئی بھی گناہ ہو جائے۔

575 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ غُلَيْبٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ بُكَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْاَشَجِّ، عَنْ بَيْهَسٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اَبِي عَمْرَةَ الْاَنْصَارِيِّ، عَنْ اَبِيهِ، لَا اَعْلَمُ ذَلِكَ اِلَّا عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قِيلَ لَهُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَرَاَيْتَ مَنْ آمَنَ بِكَ وَلَمْ يَرَكَ، وَصَدَّقَكَ وَلَمْ يَرَكَ، مَاذَا لَهُمْ؟ قَالَ: طُوبَى لَهُمْ مَرَّتَيْنِ، اُولَئِكَ مِنَّا، اُولَئِكَ مَعَنَا

حضرت عبدالرحمٰن بن ابوعمرہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی بارگاہ میں عرض کی گئی: آپ بتائیں کہ جو آپ پر ایمان لائے اس حالت میں کہ اس نے آپ کو دیکھا بھی نہ ہو اور آپ کی تصدیق کرے حالانکہ اس نے آپ کو دیکھا نہ ہو۔ آپ نے فرمایا: ان کے لیے خوشخبری خوشخبری! ان کا تعلق مجھ سے ہے' وہ ہمارے ساتھ ہیں۔

اُسَيْرُ بْنُ عَمْرٍو اَبُو سَلِيطٍ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

حضرت اُسیر بن عمرو ابوسلیط انصاری بدری رضی اللہ عنہ

وَيُقَالُ: اُسَيْرَةُ بْنُ مَالِكِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ عَامِرِ بْنِ غَنْمِ بْنِ عَدِيِّ بْنِ النَّجَّارِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

آپ کو اُسیرہ بن مالک بن عدی بن عامر بن غنم بن عدی بن نجار رضی اللہ عنہ بھی کہا جاتا ہے۔

576 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ،

حضرت ابن شہاب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اُن کے نام میں سے جو انصار میں سے بدر میں شریک ہوئے تھے' ایک نام ابوسلیط اُسیر بن عمرو کا ہے۔

عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ: اَبُو سَلِيطٍ اُسَيْرُ بْنُ عَمْرٍو

بَابٌ فِي تَحْرِيمِ الْحُمُرِ الْاَهْلِيَّةِ

یہ باب ہے پالتو گدھوں کے گوشت کی حرمت میں

577 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا الْحَسَنُ بْنُ يَحْيَى الْاُرُزِّيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ هَارُونَ بْنِ اَبِي عِيسَى، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حَمْزَةَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سُلَيْطٍ، عَنْ اَبِيهِ سَلِيطٍ، قَالَ: نَهَى رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ الْاِنْسِيَّةِ، وَالْقُدُورُ تَفُورُ فَكَفَأْنَاهَا عَلَى وُجُوهِهَا

حضرت عبداللہ بن ابوسلیط اپنے والد ابوسلیط رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ حضورﷺ نے پالتو گدھوں کا گوشت کھانے سے منع کیا' اس حالت میں کہ ہانڈیاں اس گوشت سے اُبل رہی تھیں' ہم نے ان کو اوندھے منہ بہا دیا۔

578 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ الْعَزِيزِ، حَدَّثَنَا هَارُونُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، ح وَحَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا اَبِي، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ الْمَخْزُومِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ مَرْوَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سَلِيطٍ الْاَنْصَارِيُّ ابْنُ عَمْرٍو، قَالَ: اَصَابَ النَّاسَ فِي غَزْوَةِ خَيْبَرَ مَخْمَصَةٌ شَدِيدَةٌ، فَقَامُوا اِلَى حُمُرِهِمْ فِي مَحْضَرٍ مِنَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَجَزَرُوهَا، ثُمَّ طَرَحُوهَا فِي الْقُدُورِ، فَبَيْنَمَا هِيَ تَفُورُ نَزَلَ تَحْرِيمُهَا عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: نَزَلَ تَحْرِيمُ الْحُمُرِ الَّتِي تَطْبُخُونَ فَكُبَّتِ الْقُدُورُ عَلَى وُجُوهِهَا

حضرت یحییٰ بن محمد بن مروان بن عبداللہ بن ابوسلیط انصاری ابن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ لوگوں کو غزوۂ خیبر میں سخت بھوک لگی' صحابہ کرام ان پالتو گدھوں کو ذبح کرنے لگے' حضورﷺ کے پاس تھے' ان کو ذبح کیا پھر ان کو ہنڈیا میں ڈالا' وہ ہنڈیا میں اُبل رہا تھا کہ اتنی دیر میں حضورﷺ پر اس کی حرمت نازل ہوئی۔ حضورﷺ نے فرمایا: جو تم پالتو گدھے پکا رہے ہو اس کی حرمت نازل ہوئی ہے' اس کے بعد ہانڈیوں کو اوندھے منہ بہا دیا گیا۔

579 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ نُمَيْرٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَمْرِو بْنِ ضَمْرَةَ الْفَزَارِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي سَلِيطٍ، عَنْ اَبِيهِ اَبِي سَلِيطٍ، وَكَانَ بَدْرِيًّا، قَالَ: لَقَدْ اَتَانَا نَهْيُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ اَكْلِ لُحُومِ الْحُمُرِ، وَاِنَّ الْقُدُورَ لَتَفُورُ بِهَا فَكَفَأْنَاهَا عَلَى وُجُوهِهَا

حضرت عبداللہ بن ابوسلیط اپنے والد ابوسلیط رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں کہ ہمارے پاس پیغام پہنچا کہ حضور ﷺ نے پالتو گدھوں کے گوشت کھانے سے منع کیا۔ ہانڈیاں اُبل رہی تھیں لیکن ہم نے ان کو اوندھے منہ بہا دیا۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اَوْسٌ

مِمَّا اَسْنَدَ اَوْسُ بْنُ اَوْسٍ الثَّقَفِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

یہ باب ہے جس کا نام اوس ہے

وہ حدیثیں جو اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ سے مروی ہیں

بَابٌ فِي الْغُسْلِ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَالتَّكْبِيرِ لِلرَّوَاحِ

یہ باب ہے جمعہ کے دن غسل اور جمعہ کے لیے جلدی آنے کے بیان میں

580 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ يَحْيَى بْنِ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، وَبَكَّرَ وَابْتَكَرَ، وَدَنَا مِنَ الْاِمَامِ فَاَنْصَتَ، كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا، صِيَامُ سَنَةٍ وَقِيَامُهَا، وَذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيرٌ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا اور جلدی جلدی (مسجد میں آیا) امام کے قریب ہوا اور خاموش رہا تو اس کے لیے ہر قدم اُٹھانے کے بدلے ایک سال روزہ رکھنے اور قیام کرنے کا ثواب لکھا جاتا ہے یہ اللہ عزوجل پر بڑا آسان ہے۔

581 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

بْنِ اَبِی مَرْیَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ یُوسُفَ الْفِرْیَابِیُّ، ثنا سُفْیَانُ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِیسَی، عَنْ یَحْیَی بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِیِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ وَغَدَا فَابْتَكَرَ، ثُمَّ جَلَسَ قَرِیبًا مِنَ الْاِمَامِ فَاسْتَمَعَ وَاَنْصَتَ، كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ یَخْطُوهَا اَجْرُ سَنَةٍ، صِیَامُهَا وَقِیَامُهَا

حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا اور جلدی جلدی (مسجد میں آیا) امام کے قریب ہوا اور خاموش رہا تو اس کے لیے ہر قدم اُٹھانے کے بدلے ایک سال روزہ رکھنے اور قیام کرنے کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

582 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُمَرَ بْنِ اَبَانَ، ثنا عَبْدُ الرَّحِیمِ بْنُ سُلَیْمَانَ، عَنْ اَبِی الْحَكَمِ الْاَعْرَجِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عِیسَی، عَنْ یَحْیَی بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اَبِی الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِیِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِیِّ، عَنِ النَّبِیِّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَنَّهُ قَالَ فِی یَوْمِ الْجُمُعَةِ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ وَبَكَّرَ، وَدَنَا فَاسْتَمَعَ، كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ یَخْطُوهَا مِنْ بَیْتِهِ اِلَی الْمَسْجِدِ اَجْرُ سَنَةٍ، صِیَامُهَا وَقِیَامُهَا

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا اور جلدی جلدی مسجد میں آیا' امام کے قریب ہوا اور خاموش رہا تو اس کے لیے ہر قدم اُٹھانے کے بدلے ایک سال روزہ رکھنے اور قیام کرنے کا ثواب لکھا جاتا ہے۔

583 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِیفَةَ، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِینِیِّ، ثنا الْوَلِیدُ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنِ ابْنِ جَابِرٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِیَّ، یَقُولُ: سَمِعْتُ اَوْسَ بْنَ اَوْسٍ الثَّقَفِیَّ یُخْبِرُ عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، اَنَّهُ قَالَ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ یَوْمَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ غَدَا، وَابْتَكَرَ، وَمَشَی وَلَمْ یَرْكَبْ، وَلَمْ یَلْغُ كُتِبَ لَهُ بِهِ عَمَلُ سَنَةٍ قَالَ ابْنُ جَابِرٍ: فَحَدَّثْتُ بِهَذَا الْحَدِیثِ یَحْیَی بْنَ الْحَارِثِ الذِّمَارِیَّ، فَقَالَ:

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر مسجد میں جلدی چل کر آیا' سوار ہو کر نہیں آیا اور کوئی لغو بات نہ کی تو اس کے لیے ایک سال کے برابر نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔ ابن جابر فرماتے ہیں: میں نے یہ حدیث یحییٰ بن حارث ذماری کو بیان کی تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے ابواشعث کو سنا ہے' اوس بن اوس سے بیان کرتے

اَنَا سَمِعْتُ اَبَا الْاَشْعَثِ يُحَدِّثُ بِهِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ قَالَ: لَهُ بِكُلِّ قَدَمٍ عَمَلُ سَنَةٍ، صِيَامُهَا وَقِيَامُهَا ، قَالَ ابْنُ جَابِرٍ: فَحَفِظَ يَحْيَى وَنَسِيتُ قَالَ الْوَلِيدُ: فَذَكَرْتُ ذَلِكَ لِاَبِي عَمْرٍو الْاَوْزَاعِيِّ، فَقَالَ: ثَبَتَ الْحَدِيثُ اَنَّ لَهُ بِكُلِّ قَدَمٍ عَمَلَ سَنَةٍ

ہوئے کہ اُنہوں نے حضورﷺ سے پھر فرمایا: ہر قدم کے بدلے ایک سال روزہ رکھنے اور قیام کرنے کے برابر ثواب لکھا جائے گا۔ حضرت ابن جابر فرماتے ہیں: یحییٰ نے یاد رکھا اور میں بھول گیا۔ حضرت ولید فرماتے ہیں کہ میں نے اس بات کا ذکر ابوعمرو اوزاعی سے کیا فرمایا: یہ حدیث سے ثابت ہے کہ ہر قدم کے بدلے ایک سال کے برابر ثواب لکھا جائے گا۔

584 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ عَلِيٍّ الْمَعْمَرِيُّ، وَعُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، قَالَا: ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، حَدَّثَنِي حَسَّانُ بْنُ عَطِيَّةَ، حَدَّثَنِي اَبُو الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيُّ، حَدَّثَنِي اَوْسُ بْنُ اَوْسٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ بَكَّرَ وَابْتَكَرَ، وَمَشَى وَلَمْ يَرْكَبْ، وَدَنَا وَاسْتَمَعَ، وَلَمْ يَلْغُ، كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا عَمَلُ سَنَةٍ، صِيَامُهَا وَقِيَامُهَا

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ حضورﷺ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر مسجد میں جلدی چل کر آیا' سوار ہو کر نہیں آیا اور کوئی لغو بات نہ کی تو اس کے لیے ایک سال کے روزوں اور قیام کے برابر نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

585 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، حَدَّثَنَا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ يُوسُفَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَبِي اَسْمَاءَ الرَّحَبِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ وَغَدَا، وَابْتَكَرَ وَمَشَى وَلَمْ يَرْكَبْ، وَدَنَا مِنَ الْاِمَامِ، وَلَمْ يَلْغُ كَانَ لَهُ عَمَلُ سَنَةٍ: صِيَامُهَا وَقِيَامُهَا

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ حضورﷺ کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر مسجد میں جلدی چل کر آیا' سوار ہو کر نہیں آیا اور کوئی لغو بات نہ کی تو اس کے لیے ایک سال کے روزوں اور قیام کے برابر نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

586 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنِ ابْنِ جُرَيْجٍ، عَنْ عُمَرَ بْنِ مُحَمَّدٍ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْاَسَدِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِذَا كَانَ يَوْمُ الْجُمُعَةِ فَغَسَلَ اَحَدُكُمْ رَاْسَهُ وَاغْتَسَلَ، ثُمَّ غَدَا وَابْتَكَرَ، وَدَنَا وَاسْتَمَعَ وَاَنْصَتَ، كَانَ لَهُ بِكُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا صِيَامُ سَنَةٍ، وَقِيَامُ سَنَةٍ

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر مسجد میں جلدی چل کر آیا' امام کے قریب ہوکر بیٹھا اور خطبہ غور سے سنا تو اس کے لیے ایک سال کے برابر نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

587 - حَدَّثَنَا اَبُو حَبِيبٍ يَحْيَى بْنُ نَافِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ رِشْدِينَ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ صَالِحٍ، قَالَا: ثنا ابْنُ وَهْبٍ، اَخْبَرَنِي عَمْرُو بْنُ الْحَارِثِ، اَنَّ سَعِيدَ بْنَ اَبِي هِلَالٍ حَدَّثَهُ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ عُبَادَةَ بْنِ نُسَيٍّ، عَنْ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: مَنْ غَسَّلَ وَاغْتَسَلَ يَوْمَ الْجُمُعَةِ، ثُمَّ غَدَا، اَوْ رَاحَ، اَوِ ابْتَكَرَ، ثُمَّ دَنَا وَاَنْصَتَ وَاسْتَمَعَ، كَانَ لَهُ بِقَدْرِ كُلِّ خُطْوَةٍ يَخْطُوهَا كَاَجْرِ قِيَامِ سَنَةٍ، وَصِيَامِ سَنَةٍ

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالے سے بیان کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا: جس نے جمعہ کے دن غسل کیا پھر مسجد میں جلدی چل کر آیا' پھر خطیب کے قریب ہوا' خاموش رہا اور غور سے خطبہ سنا تو اس کے لیے ایک سال کے برابر نیکیوں کا ثواب لکھا جائے گا۔

بَابٌ فَصْلُ الْجُمُعَةِ

یہ باب ہے جمعہ کی فضیلت میں

588 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ

588- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد 3 صفحه 118 رقم الحديث: 1733' والحاكم في مستدركه جلد 1 صفحه 413 رقم الحديث: 1029' والدارمي في سننه جلد 1 صفحه 445 رقم الحديث: 1572' وأحمد في مسنده جلد 4 صفحه 8' والنسائي في سنن النسائي (المجتبى) جلد 3 صفحه 91 رقم الحديث: 1374' وأبو داؤد في سننه جلد 1 صفحه 275 رقم الحديث: 1047' جلد 2 صفحه 88 رقم الحديث: 1531' وابن ماجه في سننه جلد 1 صفحه 345 رقم الحديث: 1085' جلد 1 صفحه 524 رقم الحديث: 1636 .

شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ح وَحَدَّثَنِي الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: حَدَّثَنَا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا حُسَيْنُ بْنُ عَلِيٍّ الْجُعْفِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَزِيدَ بْنِ جَابِرٍ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَفْضَلَ اَيَّامِكُمْ يَوْمُ الْجُمُعَةِ، فِيهِ خُلِقَ آدَمُ، وَفِيهِ النَّفْخَةُ، وَفِيهِ الصَّعْقَةُ، فَاَكْثِرُوا عَلَيَّ فِيهِ مِنَ الصَّلَاةِ، اِنَّ صَلَاتَكُمْ مَعْرُوضَةٌ عَلَيَّ، فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ كَيْفَ تُعْرَضُ صَلَاتُنَا عَلَيْكَ وَقَدْ اَرِمْتَ؟ قَالَ: يَقُولُ: بَلِيتَ، قَالَ: اِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ حَرَّمَ عَلَى الْاَرْضِ اَنْ تَاْكُلَ اَجْسَادَ الْاَنْبِيَاءِ

حضورﷺ نے فرمایا: تمام دنوں سے افضل دن جمعہ کا دن ہے کیونکہ اس دن حضرت آدم علیہ السلام کی تخلیق کی گئی' اسی دن میں روح پھونکی گئی' اسی دن صور پھونکا جائے گا' اس دن مجھ پر زیادہ درود پڑھو کیونکہ تمام درود مجھ پر پیش کیا جاتا ہے۔ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم آپ کی بارگاہ میں کیسے درود پیش کریں حالانکہ آپ کا وصال مبارک ہوگیا ہوگا؟ آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل نے زمین پر انبیاء علیہ السلام کے اجسام کو کھانا حرام کردیا ہے۔

بَابٌ

باب

589 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمُعَلَّى الدِّمَشْقِيُّ الْقَاضِي، ثنا هِشَامُ بْنُ عُمَارَةَ، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا هِشَامُ بْنُ خَالِدٍ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ شُعَيْبٍ، ثنا يَزِيدُ بْنُ عُبَيْدَةَ، عَنْ اَبِي الْاَشْعَثِ الصَّنْعَانِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَنْزِلُ عِيسَى ابْنُ مَرْيَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ عِنْدَ الْمَنَارَةِ الْبَيْضَاءِ شَرْقِيَّ دِمَشْقَ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: حضرت عیسیٰ علیہ السلام دمشق کے سفید مشرق منارہ کے پاس اُتریں گے۔

590 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَمْرٍو الضَّبِّيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، حَدَّثَنِي عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مُحَيْرِيزٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ كَذَبَ عَلَى نَبِيِّهِ، اَوْ عَلَى

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے نبی پر یا آنکھ پر یا اپنے والدین پر جھوٹ باندھا' وہ جنت کی خوشبو نہیں پا سکے گا۔

عَيْنَيْهِ، اَوْ عَلَى وَالِدَيْهِ، لَمْ يُرِحْ رَائِحَةَ الْجَنَّةِ

بَابُ تَعْظِيمِ قَوْلِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ

یہ باب ہے کہ لا الٰہ الا اللّٰہ وان محمداً رسول اللّٰہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تعظیم کرنے کے بیان میں

591 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدُوسِ بْنِ كَامِلٍ، وَمُحَمَّدُ بْنُ جَعْفَرٍ الرَّازِيُّ، قَالَا: ثنا عَلِيُّ بْنُ الْجَعْدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ قَالَ: سَمِعْتُ اَوْسَ بْنَ اَوْسٍ الثَّقَفِيَّ يَقُولُ: اَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي وَفْدِ ثَقِيفٍ، قَالَ: وَكُنْتُ فِي اَسْفَلِ الْقِبْلَةِ لَيْسَ فِيهَا اَحَدٌ اِلَّا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَائِمٌ، اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ فَسَارَّهُ، ثُمَّ قَالَ: اذْهَبْ فَاقْتُلْهُ، ثُمَّ قَالَ: اَلَيْسَ يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَيَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ؟، قَالَ: بَلَى، قَالَ: اِنِّي اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوا، حُرِّمَتْ عَلَيَّ دِمَاؤُهُمْ، وَاَمْوَالُهُمْ، اِلَّا بِحَقِّهَا

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس ثقیف کے وفد میں آیا' میں قبلہ کی نچلی طرف میں تھا' اس طرف میں حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے علاوہ کوئی نہ تھا' اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا' اس نے آپ سے آہستہ بات کی' پھر فرمایا: جاؤ اور اس کو قتل کرو۔ پھر فرمایا: کیا تُو گواہی دیتا ہے لا الٰہ الا اللہ ان محمد رسول اللہ کی؟ میں نے عرض کی: کیوں نہیں! آپ نے فرمایا: مجھے حکم دیا گیا ہے لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ پڑھیں: لا الٰہ الا اللہ! جب وہ یہ پڑھ لیں تو ان کے خون اور اموال مجھ پر حرام ہیں مگر حق کے ساتھ۔

592 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا زُهَيْرٌ، ثنا سِمَاكُ بْنُ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَوْسٍ، قَالَ: دَخَلَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَنَحْنُ فِي قُبَّةٍ فِي مَسْجِدِ الْمَدِينَةِ، فَاَخَذَ بِشَيْءٍ مِنَ الْقُبَّةِ،

حضرت اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس تشریف لائے' ہم مدینہ کی مسجد کے ایک قبہ میں تھے' آپ نے قبہ سے کوئی شی لی' آپ کے پاس ایک آدمی آیا تو اس نے کوئی رازدارانہ گفتگو کی' میں نہیں جانتا کہ کیا کہا۔ آپ نے فرمایا: جاؤ اور ان کو قتل کرو!

591- أخرجه الدارمي في سننه جلد2صفحه287 رقم الحديث: 2446 عن شعبة عن النعمان بن سالم عن أوس بن أوس به .

فَاَتَاهُ بِشَیْءٍ مِنَ الْقُبَّةِ، فَاَتَاهُ رَجُلٌ فَسَارَّهُ بِشَیْءٍ لَا یُدْرَى مَا یَقُولُ، فَقَالَ: اذْهَبْ، فَقُلْ لَهُمْ: یَقْتُلُوهُ ثُمَّ قَالَ: لَعَلَّهُ یَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اذْهَبْ فَقُلْ لَهُمْ: یُرْسِلُوهُ، فَاِنِّی اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى یَقُولُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا حُرِّمَتْ عَلَیَّ دِمَائُهُمْ، وَاَمْوَالُهُمْ، اِلَّا بِاَمْرٍ حَقٍّ، وَکَانَ حِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ

پھر فرمایا: ہوسکتا ہے لا الہ الا اللہ کی گواہی دیتے ہوں؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جاؤ! ان سے کہو کہ ان کو چھوڑ دو کیونکہ مجھے حکم دیا گیا لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ پڑھیں' جب وہ یہ پڑھیں گے تو اُن کے خون اور اموال مجھ پر حرام ہیں مگر حق کے ساتھ' ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

593 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَیَّانَ الْمَازِنِیُّ، ثنا اَبُو الْوَلِیدِ الطَّیَالِسِیُّ، ثنا اَبُو عَوَانَةَ، عَنْ سِمَاکٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، عَنْ اَوْسٍ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى النَّبِیِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُسَارُّهُ وَاَنَا اَسْمَعُ، فَقَالَ لَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبْ اِلَیْهِمْ، فَقُلْ لَهُمْ: اقْتُلُوهُ، ثُمَّ دَعَاهُ، فَرَجَعَ اِلَیْهِ بَعْدَمَا ذَهَبَ فَقَالَ: لَعَلَّهُ یَقُولُ: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَقُلْ لَهُمْ: یُرْسِلُوهُ فَاِنَّهُ اُوحِیَ اِلَیَّ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى یَقُولُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا قَالُوهَا، حُرِّمَتْ عَلَیَّ اَمْوَالُهُمْ وَدِمَاؤُهُمْ، اِلَّا بِحَقِّهَا، وَحَقُّهُمْ عَلَى اللّٰهِ

حضرت اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا تو اس نے کوئی رازدارانہ گفتگو کی' میں سن رہا تھا آپ نے اس سے فرمایا: ان کی طرف جاؤ اور ان کو کہو کہ اسے قتل کر دو! پھر اسے بلایا' پس وہ ایک بار جانے کے بعد لوٹ کر آیا' پھر فرمایا: ہوسکتا ہے لا الہ الا اللہ کی گواہی دیتا ہو؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے فرمایا: جاؤ! ان سے کہو کہ اس کو چھوڑ دو کیونکہ مجھے حکم دیا گیا ہے لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ لا الہ الا اللہ پڑھیں' جب وہ یہ پڑھیں گے تو اُن کے خون اور اموال مجھ پر حرام ہیں مگر حق کے ساتھ' ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

594 - حَدَّثَنَا عُبَیْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَکْرِ بْنُ اَبِی شَیْبَةَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَکْرٍ السَّهْمِیُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ اَبِی صَغِیرَةَ، عَنْ سِمَاکِ بْنِ حَرْبٍ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، اَنَّ عَمْرَو بْنَ اَوْسٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَاهُ اَوْسًا اَخْبَرَهُ، قَالَ: اِنَّا لَقُعُودٌ عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَهُوَ یَقُصُّ عَلَیْنَا، وَیُذَکِّرُنَا اِذْ اَتَاهُ رَجُلٌ

حضرت اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس بیٹھے تھے' آپ ہم پر قصے بیان کر رہے تھے اور وعظ و نصیحت فرما رہے تھے کہ اچانک آپ کے پاس ایک آدمی آیا تو اس نے کوئی رازدارانہ گفتگو کی' آپ نے فرمایا: جاؤ اور اس کو قتل کرو! پھر فرمایا: ہوسکتا ہے لا الہ الا اللہ کی گواہی دیتا ہو؟ اس نے عرض کی: جی

فَسَارَّهُ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اذْهَبُوا فَاقْتُلُوهُ فَلَمَّا وَلَّى الرَّجُلُ، دَعَاهُ، فَقَالَ: يَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: اذْهَبُوا بِهِ فَخَلُّوا سَبِيلَهُ، فَاِنَّمَا اُمِرْتُ اَنْ اُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَقُولُوا: لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، فَاِذَا فَعَلُوا ذَلِكَ، حُرِّمَ عَلَيَّ دِمَاؤُهُمْ، وَاَمْوَالُهُمْ بِحَقِّهَا، وَكَانَ حِسَابُهُمْ عَلَى اللّٰهِ

ہاں! آپ نے فرمایا: اسے لے جاؤ! اس کو چھوڑ دو کیونکہ مجھے حکم دیا گیا لوگوں سے لڑنے کا یہاں تک کہ وہ لا الٰہ الا اللہ پڑھیں' جب وہ یہ پڑھیں گے تو اُن کے خون اور اموال مجھ پر حرام ہیں مگر حق کے ساتھ' ان کا حساب اللہ کے ذمہ ہے۔

بَابٌ

باب

595 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الطَّائِفِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: اَقَمْنَا عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِصْفَ شَهْرٍ، فَرَاَيْتُهُ يَنْفَتِلُ عَنْ يَمِينِهِ، وَرَاَيْتُهُ يَنْفَتِلُ عَنْ يَسَارِهِ، وَرَاَيْتُ نَعْلَيْهِ، لَهُ قِبَالَانِ

حضرت اوس بن اوس ثقفی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورﷺ کے پاس آدھا مہینہ رہے' میں نے آپ کو دائیں جانب لعاب ڈالتے ہوئے دیکھا اور میں نے آپ کو بائیں جانب لعاب ڈالتے ہوئے دیکھا اور میں نے آپ کے نعلین مبارک کو دیکھا' وہ نعلین شریف دو تسموں والے تھے۔

596 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَا: اَخْبَرَنَا يَحْيَى الْحِمَّانِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنْ عُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْخَثْعَمِيِّ، عَنْ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ الْمُغِيرَةِ الطَّائِفِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، قَالَ: اَقَمْتُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِصْفَ شَهْرٍ، فَرَاَيْتُهُ يُصَلِّي، وَعَلَيْهِ نِعَالَانِ مُقَابِلَتَانِ، وَرَاَيْتُهُ يَبْزُقُ عَنْ يَمِينِهِ، وَعَنْ شِمَالِهِ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضورﷺ کے پاس آدھا مہینہ ٹھہرا' میں نے آپ کو نماز پڑھتے ہوئے دیکھا اس حالت میں کہ آپ نے دو نعلین تسموں والے پہنے ہوئے تھے' میں نے آپ کو دائیں اور بائیں جانب لعاب دہن ڈالتے ہوئے دیکھا۔

بَابٌ فِيمَا اَعَدَّ اللّٰهُ لِعُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي الْجَنَّةِ

یہ باب ہے اس کے بیان میں کہ اللہ عزوجل نے حضرت عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کے لیے جنت میں کیا تیار کر کے رکھا ہے

597 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ وَهْبٍ الْعَلَّافُ، ثنا الْفَضْلُ بْنُ سَوَّارٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا لَيْثُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ مَرْثَدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ الْيَزَنِيِّ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بَيْنَمَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جَاءَنِي جِبْرِيلُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَحَمَلَنِي فَاَدْخَلَنِي جَنَّةَ رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ، فَبَيْنَا اَنَا جَالِسٌ اِذْ جُعِلَتْ فِي يَدِي تُفَّاحَةٌ، فَانْفَلَقَتِ التُّفَّاحَةُ بِنِصْفَيْنِ، فَخَرَجَتْ مِنْهَا جَارِيَةٌ لَمْ اَرَ جَارِيَةً اَحْسَنَ مِنْهَا حُسْنًا، وَلَا اَجْمَلَ مِنْهَا جَمَالًا، تُسَبِّحُ تَسْبِيحًا لَمْ يَسْمَعِ الْاَوَّلُونَ وَالْآخِرُونَ بِمِثْلِهِ، فَقُلْتُ: مَنْ اَنْتِ يَا جَارِيَةُ؟ قَالَتْ: اَنَا مِنَ الْحُورِ الْعِينِ خَلَقَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ مِنْ نُورِ عَرْشِهِ. فَقُلْتُ: لِمَنْ اَنْتِ؟ قَالَتْ: لِلْخَلِيفَةِ الْمَظْلُومِ عُثْمَانَ بْنِ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک میرے پاس حضرت جبریل علیہ السلام تشریف لائے مجھے اُٹھایا اور مجھے میرے رب کی جنت میں داخل کیا' میں بیٹھا ہوا تھا کہ اچانک میرے آگے سیب رکھا گیا' اس سیب کے دو حصے کیے گئے' اس سے لونڈی نکلی' اس لونڈی جیسی حسن و جمال والی میں نے نہیں دیکھی' اس نے ایسی تسبیح کی ایسی تسبیح اوّلین و آخرین میں سے کسی نے نہیں سنی۔ میں نے کہا: اے لونڈی! تُو کون ہے؟ اُس نے کہا: میں حور العین سے ہوں' مجھے اللہ عزوجل نے اپنے عرش کے نور سے پیدا کیا ہے۔ میں نے کہا: تُو کس کے لیے ہے؟ اُس نے کہا: مظلوم خلیفہ عثمان بن عفان کے لیے ہوں۔

اَوْسُ بْنُ حُذَيْفَةَ الثَّقَفِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت اوس بن حذیفہ ثقفی رضی اللہ عنہ

بَابٌ فِي فَضْلِ قِرَاءَةِ الْقُرْآن

یہ باب ہے قرآن پڑھنے کی فضیلت کے بیان میں

598 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلَطِيُّ، ثنا أَبُو نُعَيْمٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الطَّائِفِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، حَدَّثَنَا مُسَدَّدٌ، ثنا قُرَّانُ بْنُ تَمَّامٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ إِسْحَاقُ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا وَكِيعٌ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ يَعْلَى الطَّائِفِيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ أَوْسٍ الثَّقَفِيُّ، عَنْ جَدِّهِ أَوْسِ بْنِ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَفْدَ ثَقِيفٍ، فَأَنْزَلَنَا عَلَيْهِ فِي قُبَّةٍ لَهُ، فَنَزَلَ إِخْوَانُنَا مِنَ الْأَحْلَافِ عَلَى الْمُغِيرَةِ بْنِ شُعْبَةَ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْتِينَا بَعْدَ الْعِشَاءِ فَيُحَدِّثُنَا، وَكَانَ أَكْثَرُ حَدِيثِهِ تَشْكِيَةَ قُرَيْشٍ، وَيَقُولُ: وَلَا سَوَاءٌ كُنَّا بِمَكَّةَ مُسْتَذَلِّينَ مُسْتَضْعَفِينَ، فَلَمَّا أَتَيْنَا الْمَدِينَةَ كَانَتِ الْحَرْبُ سِجَالًا عَلَيْنَا وَلَنَا فَأَبْطَأَ عَلَيْنَا ذَاتَ لَيْلَةٍ، فَأَطْوَلَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ لَقَدْ أَبْطَأْتَ، فَقَالَ: إِنَّهُ طَرَأَ عَلَيَّ حِزْبِي مِنَ الْقُرْآنِ، فَكَرِهْتُ أَنْ أَخْرُجَ حَتَّى أَقْضِيَهُ فَسَأَلْنَا أَصْحَابَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: كَيْفَ كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُحَزِّبُ الْقُرْآنَ؟ فَقَالُوا: كَانَ يُحَزِّبُهُ ثَلَاثًا، وَخَمْسًا، وَسَبْعًا، وَتِسْعًا، وَإِحْدَى عَشْرَةَ، وَثَلَاثَ عَشْرَةَ، وَحِزْبَ الْمُفَصَّلِ

حضرت اوس بن حذیفہ ثقفی نے فرمایا کہ ہم وفد ثقیف نبی اکرم ﷺ کے پاس آئے، ہمارے بھائی احلافیون حضرت مغیرہ بن شعبہ رضی اللہ عنہ کے پاس ٹھہرے اور مالکیین اپنے قبہ میں ٹھہرے اور رسول اللہ ﷺ ہمارے پاس عشاء کے بعد آتے، سو ہم سے آپ گفتگو فرماتے، آپ ہم کو وہ سناتے جو قریش نے آپ کے ساتھ سلوک کیا تھا اور فرماتے، ہم مکہ میں گھٹیا اور کمزور سمجھے جاتے تھے، پھر جب مدینہ آئے تو لوگ دو حصوں میں بٹ گئے، پس جنگ کا ڈول ہمارے اور اُن کے درمیان رہا، ایک رات آپ اس وقت سے دیر سے آئے جس وقت پر پہلے آتے تھے، پھر جب ہمارے پاس آئے تو ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! آج آپ اس وقت سے دیر سے آئے ہیں جس وقت پر پہلے آپ ہمارے پاس آتے تھے، تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: آج کچھ قراءۃ القرآن کا کچھ حصہ رہ گیا تھا، میں نے پسند کیا کہ اس حصہ کو پڑھے بغیر نہ نکلوں، تو ہم نے رسول اللہ ﷺ کے اصحاب سے آپ ﷺ کی تلاوت کے حصہ کے متعلق پوچھا کہ قرآن کی تلاوت کے کتنے حصے ہوتے ہیں؟ تو صحابہ نے بتایا: تین (سورۂ فاتحہ، البقرہ، آل عمران، النساء) و پانچ (مائدہ سے سورۃ التوبہ تک) سات (سورۂ یونس سے سورۂ نمل تک) نو (بنی اسرائیل

سے سورۂ فرقان تک) گیارہ (سورۂ شعراء سے لے کر سورۂ یٰسین تک اور والصافات سے حجرات تک)' آخری حزب مفصل ہے۔

599 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ الْحَسَنِ الْاَسَدِيُّ، ثنا اَبِي، حَدَّثَنَا سُفْيَانُ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ حُذَيْفَةَ، قَالَ: قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَكَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَاْتِينَا كُلَّ لَيْلَةٍ فَيُحَدِّثُنَا، فَاَبْطَاَ عَلَيْنَا لَيْلَةً، فَقُلْنَا لَهُ: مَا شَاْنُكَ؟ فَقَالَ: طَرَاَ عَلَيَّ جُزْءٌ مِنَ الْقُرْآنِ، فَاَحْبَبْتُ اَنْ لَا اَخْرُجَ حَتَّى اَقْضِيَهُ

حضرت اوس بن حذیفہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے پاس آئے' حضور ﷺ ہر رات ہمارے پاس آتے اور ہم سے گفتگو کرتے' ایک رات آپ ہمارے پاس دیر سے آئے تو ہم نے عرض کی: کیا بات ہے؟ آپ نے فرمایا: میرا قرآن کا ایک حصہ پڑھنے سے رہ گیا تھا تو میں نے پسند کیا کہ میں پڑھ کر نکلوں۔

600 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ دُحَيْمٍ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبِي، ح وَحَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، ثنا دُحَيْمٌ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا مَرْوَانُ بْنُ مُعَاوِيَةَ، ثنا اَبُو سَعِيدِ بْنُ عَوْنٍ الْمَكِّيُّ، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَوْسٍ الثَّقَفِيِّ، عَنْ جَدِّهِ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: قِرَاءَةُ الرَّجُلِ الْقُرْآنَ فِي غَيْرِ الْمُصْحَفِ اَلْفُ دَرَجَةٍ، وَقِرَاءَتُهُ فِي الْمُصْحَفِ يُضَاعَفُ عَلَى ذَلِكَ اِلَى اَلْفَيْ دَرَجَةٍ

حضرت عثمان بن عبداللہ بن اوس ثقفی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: قرآن دیکھ کر نہ پڑھنے سے ایک ہزار درجہ ثواب ہوتا ہے' اور دیکھ کر پڑھنے سے ایک ہزار سے دو ہزار تک اضافہ ہوتا ہے۔

اَوْسُ بْنُ اَبِي اَوْسٍ مِمَّا اَسْنَدَ

حضرت اوس بن ابی اوس رضی اللہ عنہ کی مروی حدیثیں

بَابُ الْوُضُوءِ ثَلَاثًا

وضو کے وقت ہر عضو تین بار دھونے

وَالصَّلَاةِ فِي النَّعْلَيْنِ

اور نعلین میں نماز پڑھنے کا باب

601 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، حَدَّثَنَا شُعْبَةُ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ عُمَرَ بْنَ اَوْسٍ، عَنْ جَدِّهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ تَوَضَّاَ فَاسْتَوْكَفَ ثَلَاثًا قَالَ شُعْبَةُ وَكَانَ رَجُلًا عَرَبِيًّا: فَقُلْتُ لَهُ: مَا اسْتَوْكَفَ؟ قَالَ: غَسَلَ يَدَيْهِ ثَلَاثًا

حضرت عمر بن اوس اپنے دادا سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے وضو کیا اور اپنے ہاتھ تین مرتبہ دھوئے۔ حضرت شعبہ فرماتے ہیں: میں نے کہا کہ ''اسْتَوْكَفَ'' کا کیا معنی ہے؟ تو کہا: اس کا مطلب ہے کہ ہاتھوں کو تین مرتبہ دھونا۔ حضرت شعبہ دیہاتی آدمی تھے۔

602 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَبِي اَوْسٍ، قَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَتَى كِظَامَةً - يَعْنِي مَطْهَرَةً - فَتَوَضَّاَ وَمَسَحَ عَلَى قَدَمَيْهِ

حضرت اوس بن اوس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے نبی کریم ﷺ کو دیکھا کہ آپ کے پاس وضو کے لیے پانی لایا گیا تو آپ نے وضو کیا اور دونوں موزوں پر مسح کیا۔

603 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْقَطِرَانِيُّ، ثنا سُلَيْمَانُ بْنُ حَرْبٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ، ثنا اَبُو الْوَلِيدِ، ثنا شُعْبَةُ، عَنِ النُّعْمَانِ بْنِ سَالِمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ رَجُلًا جَدُّهُ اَوْسُ بْنُ اَوْسٍ، عَنْ جَدِّهِ اَوْسِ بْنِ اَوْسٍ، قَالَ: اِذَا قَامَ اِلَى الصَّلَاةِ، قَالَ: نَاوِلْنِي نَعْلِي، فَيَنْتَعِلُ وَيُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ، وَيَقُولُ: رَاَيْتُ

حضرت نعمان بن سالم فرماتے ہیں کہ میں نے ایک ایسے آدمی سے سنا جن کے دادا اوس بن اوس ہیں اور وہ اپنے دادا اوس بن اوس سے روایت کرتے ہیں کہ جب وہ نماز کے لیے ارادہ کرتے تو کہتے: مجھے میری نعل پکڑاؤ! وہ اس کو پہنتے اور وہ اس میں نماز پڑھتے اور کہتے: میں نے حضور ﷺ کو نعل میں نماز پڑھتے دیکھا

601- أخرجه الدارمي في سننه جلد **1** صفحه **187** رقم الحديث: **692**' والبيهقي في سنن البيهقي الكبرى جلد **1** صفحه **46** رقم الحديث: **211**' وأحمد في مسنده جلد **4** صفحه **10,9** كلهم عن النعمان بن سالم عن عمر بن أوس عن جده به .

602- أخرجه أبو داؤد في سننه جلد **1** صفحه **41** رقم الحديث: **160**' وأحمد في مسنده جلد **4** صفحه **8** كلاهما عن يعلى بن عطاء عن ابيه عن أوس بن أبي أوس به .

603- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد **1** صفحه **330** رقم الحديث: **1037**' وأحمد في مسنده جلد **4** صفحه **10,9,8** كلاهما عن النعمان عن رجل جده أوس بن أوس عن جده به .

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُصَلِّي فِي نَعْلَيْهِ

ہے۔

604 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَاَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا حَجَّاجُ بْنُ الْمِنْهَالِ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَبِي اَوْسٍ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبِي يَمْسَحُ عَلَى النَّعْلَيْنِ فَقُلْتُ: اَتَمْسَحُ عَلَيْهَا؟ فَقَالَ: رَاَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت اوس بن ابواوس فرماتے ہیں کہ میں نے اپنے والد کو دیکھا کہ وہ نعلین پر مسح کرتے' میں نے کہا: کیا آپ ان دونوں پر مسح کرتے ہیں؟ تو اُنہوں نے فرمایا: میں نے حضور ﷺ کو ایسا کرتے دیکھا ہے۔

605 - حَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنَا شَرِيكٌ، عَنْ يَعْلَى بْنِ عَطَاءٍ، عَنْ اَوْسِ بْنِ اَبِي اَوْسٍ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: مَرَرْنَا عَلَى مَاءٍ مِنْ مِيَاهِ الْاَعْرَابِ، فَقَامَ اَبِي فَبَالَ ثُمَّ تَوَضَّاَ، وَمَسَحَ عَلَى نَعْلَيْهِ قُلْتُ: اَلَا تَخْلَعُهُمَا؟ قَالَ: لَا اَزِيدُكَ عَلَى مَا رَاَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَفْعَلُهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں خیبر کے دن حضورﷺ کے پاس آیا' آپ سے عرض کی گئی: یارسول اللہ! پالتو گدھے کم ہورہے ہیں' حضورﷺ نے ابوطلحہ کو حکم دیا کہ اعلان کرو کہ اللہ اور اس کے رسول نے پالتو گدھوں کے گوشت سے منع کیا ہے کیونکہ یہ ناپاک ہیں۔

737 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبَّادٍ الْمَكِّيُّ، ثنا حَاتِمُ بْنُ اِسْمَاعِيلَ، عَنْ شَرِيكٍ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْقُرْآنُ غِنًى لَا فَقْرَ بَعْدَهُ، وَلَا غِنًى دُونَهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: قرآن غنی ہے' اس کے بعد فقر نہیں ہے' اس کے بغیر مال داری نہیں ہے۔

738 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ وُهَيْبٍ الْغَزِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي السَّرِيِّ، ثنا مُعْتَمِرُ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُسِرُّ بِبِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمَنِ الرَّحِيمِ وَاَبُو بَكْرٍ، وَعُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ اور حضرت ابوبکر وعمر رضی اللہ عنہما' بسم اللہ الرحمٰن الرحیم آہستہ پڑھتے تھے۔

739 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ سُلَيْمَانَ بْنِ حَاجِبٍ الْاَنْطَاكِيُّ الْمُؤَدِّبِ، ثنا اَبُو صَالِحٍ الْفَرَّاءُ، ثنا اَبُو اِسْحَاقَ الْفَزَارِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنِ الْحَسَنِ الْبَصْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَتْ اُمُّ سَلَمَةَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَخْرُجُ مَعَكَ اِلَى الْغَزْوِ؟ قَالَ: يَا اُمَّ سَلَمَةَ، اِنَّهُ لَمْ يُكْتَبْ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ کے ساتھ جہاد کے لیے عورتیں بھی نکلیں؟ آپ نے فرمایا: اے اُم سلمہ! عورتوں کے ذمہ جہاد فرض نہیں ہے؟ حضرت اُم سلمہ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: زخم پر پٹی باندھنے اور علاج کرنے اور پانی پلانے کے

عَلَى النِّسَاءِ الْجِهَادُ قَالَتْ: اُدَاوِي الْجَرْحَى، وَاُعَالِجُ الْعَيْنَ، وَاَسْقِي الْمَاءَ، قَالَ: فَنَعَمْ إِذًا

لیے؟ آپ نے فرمایا: پھر ٹھیک ہے! نکل سکتی ہیں۔

740 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا عِمْرَانُ بْنُ مَيْسَرَةَ الْاَدَمِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، ثنا الْعَوَّامُ بْنُ جُوَيْرِيَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ اَنَسٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اَرْبَعٌ لَا يُصَبْنَ اِلَّا بِعَجَبٍ: الصَّبْرُ وَهُوَ اَوَّلُ الْعِبَادَةِ، وَالتَّوَاضُعُ، وَذِكْرُ اللّٰهِ، وَقِلَّةُ الشَّيْءِ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: چار چیزیں بغیر شوق کے حاصل نہیں ہوتی ہیں: صبر وہ اوّل عبادت ہے، عاجزی، اللہ کا ذکر اور تھوڑی شی۔

741 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا النُّعْمَانُ بْنُ شِبْلٍ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ جَعْفَرٍ الْمُخَرِّمِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ مُحَمَّدِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةُ الْقَاعِدِ عَلَى مِثْلِ نِصْفِ صَلَاةِ الْقَائِمِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بیٹھ کر نماز پڑھنے سے آدھا ثواب ملتا ہے کھڑے ہو کر پڑھنے کی بہ نسبت۔

742 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يُوسُفَ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا الْاَوْزَاعِيُّ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، قَالَ: سَمِعْتُ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ، يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: بُعِثْتُ اَنَا وَالسَّاعَةُ كَهَاتَيْنِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میں اور قیامت دونوں کو اکٹھے ہی بھیجا گیا ہے۔

743 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ حَمَّادِ بْنِ زُغْبَةَ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عُفَيْرٍ، ثنا رِشْدِينُ بْنُ سَعْدٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ عَبْدِ رَبِّهِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: حضرت جبریل علیہ السلام نے میرا دل سونے کے ایک تھال میں نکالا، اس کو دھویا،

740- اخرجه الحاكم في مستدركه جلد4صفحه346 رقم الحديث: 7864.

741- أخرجه ابن ماجه في سننه جلد 1صفحه388 رقم الحديث: 1230، وذكره ابن ابي شيبة في مصنفه جلد 1 صفحه 404 رقم الحديث: 4639، وأحمد في مسنده جلد 3صفحه240 رقم الحديث: 13541 كلهم عن عبد الله بن جعفر عن اسماعيل بن محمد عن أنس بن مالك به.

رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ نَبِيِّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ جِبْرِيلَ عَلَيْهِ السَّلَامُ اَخْرَجَ حَشْوَتَهُ فِي طَسْتٍ مِنْ ذَهَبٍ، فَغَسَلَهَا، ثُمَّ كَبَسَهَا حِكْمَةً وَنُورًا- اَوْ حِكْمَةً وَعِلْمًا-

پھر اس میں حکمت اور نور یا شاید حکمت اور علم بھرا۔

744 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا عُمَرُ بْنُ اَبِي الرُّطَيْلِ، ثنا حَبِيبُ بْنُ خَالِدٍ الْاَسَدِيُّ، عَنْ سُلَيْمَانَ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الْمُغِيرَةِ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: تُوُفِّيَتْ زَيْنَبُ بِنْتُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَخَرَجْنَا مَعَهُ، فَرَاَيْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مُهْتَمًّا شَدِيدَ الْحُزْنِ، فَجَعَلْنَا لَا نُكَلِّمُهُ حَتَّى انْتَهَيْنَا اِلَى الْقَبْرِ، فَاِذَا هُوَ لَمْ يَفْرُغْ مِنْ لَحْدِهِ، فَقَعَدَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَقَعَدْنَا حَوْلَهُ، فَحَدَّثَ نَفْسَهُ هُنَيْهَةً وَجَعَلَ يَنْظُرُ اِلَى السَّمَاءِ، ثُمَّ فَرَغَ مِنَ الْقَبْرِ، فَنَزَلَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيهِ، فَرَاَيْتُهُ يَزْدَادُ حُزْنًا، ثُمَّ اِنَّهُ فَرَغَ فَخَرَجَ، فَرَاَيْتُهُ سُرِّيَ عَنْهُ وَتَبَسَّمَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْنَا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، رَاَيْنَاكَ مُهْتَمًّا حَزِينًا لَمْ نَسْتَطِعْ اَنْ نُكَلِّمَكَ، ثُمَّ رَاَيْنَاكَ سُرِّيَ عَنْكَ فَلِمَ ذَاكَ؟ قَالَ: كُنْتُ اَذْكُرُ ضِيقَ الْقَبْرِ وَغَمَّهِ وَضَعْفَ زَيْنَبَ، فَكَانَ ذَلِكَ يَشُقُّ عَلَيَّ، فَدَعَوْتُ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ اَنْ يُخَفِّفَ عَنْهَا فَفَعَلَ، وَلَقَدْ ضَغَطَهَا ضَغْطَةً سَمِعَهَا مَنْ بَيْنَ الْخَافِقَيْنِ اِلَّا الْجِنَّ وَالْاِنْسَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت زینب بنت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وصال ہوا تو ہم آپ کے ساتھ نکلے' ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو سخت پریشان دیکھا' ہم آپ سے گفتگو نہیں کرتے تھے' جب ہم قبر کے پاس گئے تو ابھی قبر تیار نہیں ہوئی تھی' ہم آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اردگرد بیٹھ گئے' آپ نے اپنے ربّ سے گفتگو کی اور آسمان کی طرف دیکھنے لگے' جب قبر تیار ہوئی تو ہم اُس میں اُترے' میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اور زیادہ پریشان دیکھا' پھر دفن کر کے باہر نکلے' میں نے آپ کو خوش اور تبسم کرتے ہوئے دیکھا۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم نے آپ کو سخت پریشان دیکھا' ہم آپ سے گفتگو کرنے کی طاقت نہیں رکھتے' پھر ہم نے آپ کو خوش دیکھا' آپ نے ایسے کیوں کیا؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے قبر کی تنگی اور پریشانی اور زینب کی کمزوری یاد آئی تھی' یہ مجھ پر دشوار تھا تو میں نے اللہ عزوجل سے دعا کی کہ وہ اس سے تخفیف کر دے' سو اللہ نے کر دی حالانکہ (میری دعا نہ ہوتی تو) قبر اسے اس طرح دباتی (اور اس کی وجہ سے آواز نکالتی) جس کو زمین و آسمان کے درمیان والے سب سنتے' سوائے انسان اور جن کے۔

745 - حَدَّثَنَا صَالِحُ بْنُ شُعَيْبٍ الْبَصْرِيُّ، ثنا بَكْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْقُرَشِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ سَعْدِ بْنِ عَمَّارِ بْنِ سَعْدٍ، عَنْ صَفْوَانَ بْنِ سُلَيْمٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اُذِّنَ فِي قَرْيَةٍ اَمَّنَهَا اللّٰهُ مِنْ عَذَابِهِ ذَلِكَ الْيَوْمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب کسی بستی میں اذان ہوتی ہے تو اس دن اللہ عزوجل اس بستی کو عذاب سے محفوظ رکھتا ہے۔

746 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ وَرْدَانَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: ابْتَغُوا السَّاعَةَ الَّتِي تُرْجَى فِي الْجُمُعَةِ بَيْنَ صَلَاةِ الْعَصْرِ اِلَى غَيْبُوبَةِ الشَّمْسِ، وَهِيَ قَدْرُ هَذَا يَقُولُ: قَبْضَةٌ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا: تم جمعہ کے دن قبولیت والی والی گھڑی کو تلاش کرو وہ گھڑی عصر کی نماز سے لے کر سورج کے غروب ہونے تک ہوتی ہے اور اس کا اندازہ یہ ہے یعنی تیری مٹھی بند کرنے کی مقدار۔

747 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ خَالِدِ بْنِ حَيَّانَ الرَّقِّيُّ، ثنا اَبُو عُبَيْدَةَ بْنُ الْفُضَيْلِ بْنِ عِيَاضٍ، ثنا اَبُو سَعِيدٍ، مَوْلَى بَنِي هَاشِمٍ، ثنا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَجُلًا اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنَّ اَبِي مَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ اَفَاحُجُّ عَنْهُ؟ قَالَ: اَرَاَيْتَ اِنْ كَانَ عَلَى اَبِيكَ دَيْنٌ فَقَضَيْتَهُ، اَقُضِيَ عَنْهُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ: فَحُجَّ عَنْ اَبِيكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ ایک آدمی نبی کریم ﷺ کے پاس آیا' اس نے عرض کی: میرا باپ فوت ہوگیا ہے' اس نے حج نہیں کیا تھا' تو کیا میں اس کی طرف سے حج کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تیرے باپ کے ذمہ قرض ہوتا تو تُو اس کو ادا کرتا تو کیا اس کا قرض ادا نہ ہوتا؟ اس نے عرض کی: جی ہاں! (ادا ہو جاتا)' آپ ﷺ نے فرمایا: تُو اپنے باپ کی طرف سے حج کر۔

748 - حَدَّثَنَا خَيْرُ بْنُ عَرَفَةَ الْمِصْرِيُّ، ثنا عُرْوَةُ بْنُ مَرْوَانَ الْعِرْقِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، عَنْ عَاصِمٍ الْاَحْوَلِ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: شَفَاعَتِي لِاَهْلِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری شفاعت میری اُمت کے کبیرہ گناہ کرنے والے کے لیے ہوگی۔

الْكَبَائِرِ مِنْ أُمَّتِي

749 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يَعْقُوبَ بْنِ سُورَةَ الْبَغْدَادِيُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْوَلِيدِ الطَّيَالِسِيُّ، ثنا اَبُو هَاشِمٍ، صَاحِبُ الزَّعْفَرَانِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ اَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، اَنَّ فَاطِمَةَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهَا جَاءَتْ بِكِسْرَةٍ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا هَذَا؟ قَالَتْ: قُرْصٌ خَبَزْتُهُ، فَلَمْ تَطِبْ نَفْسِي حَتَّى آتِيَكَ بِهَذِهِ الْكِسْرَةِ، قَالَ: اَمَا اِنَّهُ اَوَّلُ طَعَامٍ دَخَلَ فَمَ اَبِيكِ مُنْذُ ثَلَاثَةِ اَيَّامٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا حضورﷺ کی بارگاہ میں ایک ٹکڑا لائیں، آپ نے فرمایا: یہ کیا ہے؟ آپ رضی اللہ عنہا نے عرض کی: روٹی کا ٹکڑا ہے، میں نے خود کھانے کو پسند نہیں کیا یہاں تک کہ آپ کے پاس لائی ہوں۔ آپﷺ نے فرمایا: یہ پہلا کھانا ہے، جو تیرے باپ کے منہ میں داخل ہوا تین دن کے بعد۔

750 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَعِيدٍ الْاَثْرَمُ، حَدَّثَنَا هَمَّامٌ، ثنا ثَابِتٌ الْبُنَانِيُّ، ثنا اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا آمَنَ بِي مَنْ بَاتَ شَبْعَانًا وَجَارُهُ جَائِعٌ اِلَى جَنْبِهِ وَهُوَ يَعْلَمُ بِهِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس کا پڑوسی بھوکا رہا اور اُس نے خود سیر ہو کر کھایا جبکہ اُسے اس کا علم بھی ہے تو وہ مجھ پر ایمان ہی نہیں لایا۔

751 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْخُزَاعِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَنَسٍ، وَعَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَقُومُ السَّاعَةُ حَتَّى يَتَبَاهَى النَّاسُ بِالْمَسَاجِدِ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: قیامت کے قریب لوگ مسجدوں پر فخر کریں گے۔

752 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُحَمَّدٍ التَّمَّارُ، ثنا دَاوُدُ بْنُ شَبِيبٍ، ثنا اَبُو هِلَالٍ الرَّاسِبِيُّ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ نے فرمایا: جس نے قریش کی توہین کی، اُس کو اللہ اُس کی موت سے پہلے ہلاک کرے گا۔

751- أخرجه ابن خزيمة في صحيحه جلد 2 صفحه 281 رقم الحديث: 1322، وابو عبد الله الحنبلي في الأحاديث المختارة جلد 6 صفحه 223 رقم الحديث: 2238، والبيهقي في سننه الكبرى جلد 2 صفحه 439 رقم الحديث: 4097 كلهم عن أيوب عن أبي قلابة عن أنس به .

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَهَانَ قُرَيْشًا اَهَانَهُ اللّٰهُ قَبْلَ مَوْتِهِ

753 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا نُوحُ بْنُ عَبَّادٍ الْقُرَشِيُّ الْبَصْرِيُّ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ الْعَبْدَ لَيَبْلُغُ بِحُسْنِ خُلُقِهِ عَظِيمَ دَرَجَاتِ الْآخِرَةِ، وَشَرَفَ الْمَنَازِلِ، وَاِنَّهُ لَضَعِيفُ الْعِبَادَةِ، وَاِنَّهُ لَيَبْلُغُ بِسُوءِ خُلُقِهِ اَسْفَلَ دَرَجَةٍ فِي جَهَنَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: آدمی اچھے اخلاق کے ذریعے آخرت کے کئی درجات اور منزلیں حاصل کر لیتا ہے باوجود اس کے کہ وہ عبادت میں کمزور ہوتا ہے اور بداخلاقی سے جہنم کے نیچے والے درجہ کو حاصل کرتا ہے۔

754 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا سَلَمَةُ بْنُ صُبَيْحٍ الْيَحْمِدِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِذَا اغْتَسَلَتِ الْمَرْاَةُ مِنْ حَيْضِهَا نَقَضَتْ شَعْرَهَا وَغَسَلَتْهُ بِخَطْمِيٍّ وَاُشْنَانٍ، وَاِذَا اغْتَسَلَتْ مِنْ جَنَابَةٍ صَبَّتْ عَلَى رَاْسِهَا الْمَاءَ وَعَصَرَتْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جب عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے تو اس کے بال گرتے ہیں' وہ خطمی اور اشنان کے ساتھ دھوئے' جب غسل جنابت کرے تو اپنے سر پر پانی بہائے اور اس کو نچوڑے۔

755 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَزْرَقُ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ اَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: اِنَّ مِنَ الْبَيَانِ سِحْرًا، وَاِنَّ مِنَ الشِّعْرِ حِكْمَةً

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: بعض بیان جادو ہوتے ہیں اور بعض اشعار حکمت والے ہوتے ہیں۔

756 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ جَرِيرٍ الصُّورِيُّ، حَدَّثَنَا اَبُو الْجَمَاهِرِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ اَنَسٍ، قَالَ: كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں حضور ﷺ لوگوں کے درمیان صلہ رحمی کے لیے ہدیہ دینے کا حکم دیتے تھے اور فرماتے: اگر لوگ مسلمان ہوں تو وہ بغیر

يَأْمُرُ بِالْهَدِيَّةِ صِلَةً بَيْنَ النَّاسِ، وَيَقُولُ: لَوْ قَدْ أَسْلَمَ النَّاسُ تَهَادَوْا مِنْ غَيْرِ جُوعٍ

بھوک کے ایک دوسرے کو ہدیہ دیں۔

757 - حَدَّثَنَا أَبُو زَيْدٍ أَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحِيمِ بْنِ يَزِيدَ الْحَوْطِيُّ، حَدَّثَنَا أَبُو الْمُغِيرَةِ، ثنا عُفَيْرُ بْنُ مَعْدَانَ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَقُولُ: يَأْتِينِي جِبْرِيلُ عَلَيْهِ السَّلَامُ عَلَى صُورَةِ دِحْيَةَ الْكَلْبِيِّ قَالَ أَنَسٌ: وَكَانَ دِحْيَةُ رَجُلًا جَمِيلًا أَبْيَضَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ فرمایا کرتے تھے کہ حضرت جبریل علیہ السلام میرے پاس حضرت دحیہ کلبی کی شکل میں آتے ہیں۔ حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت دحیہ بڑے موٹے اور بہت سفید وخوبصورت تھے۔

758 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ إِبْرَاهِيمَ الْعَسَّالُ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا إِسْمَاعِيلُ بْنُ عَمْرٍو الْبَجَلِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ الرَّبِيعِ، عَنِ الْأَعْمَشِ، عَنْ ثَابِتٍ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، أَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يَدْعُو: يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلَى دِينِكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ یہ دعا کرتے تھے: اے دلوں کو پلٹنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر ثابت قدم رکھ!

759 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ الْقَزَّازُ، ثنا ضَمْرَةُ، عَنِ ابْنِ شَوْذَبٍ، عَنْ أَبِي التَّيَّاحِ، عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: أَدِّ الْأَمَانَةَ إِلَى مَنِ ائْتَمَنَكَ، وَلَا تَخُنْ مَنْ خَانَكَ

حضرت انس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے امانت رکھی اس کو ادا کرے امانت میں خیانت نہ کرے۔

760 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ مُوسَى الدِّمَشْقِيِّ، عَنْ ثَابِتٍ الْبُنَانِيِّ، أَنَّ أَنَسَ بْنَ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، أَنَّ أُنَاسًا أَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ

حضرت ابوسعید الخدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں غلہ مہنگا ہو گیا' صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! ہمارے لیے نرخ مقرر کریں' آپ نے فرمایا: نرخ اللہ عزوجل مقرر کرنے والا ہے'

758- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد1صفحه707 رقم الحديث: 1927 عن أنس به .

760- أخرجه الترمذي في سننه جلد3صفحه605 رقم الحديث: 1314 عن أنس به .

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالُوا: سَعِّرْ لَنَا اَسْعَارًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ غَلَاءَ اَسْعَارِكُمْ وَرُخْصِهَا بِيَدِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، اِنِّي لَاَرْجُو اَنْ اَلْقَى اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ، وَلَيْسَ لِاَحَدٍ مِنْكُمْ قِبَلِي مَظْلَمَةٌ فِي مَالٍ وَلَا دَمٍ

میں اُمید کرتا ہوں کہ اللہ عزوجل سے اس حال میں ملاقات کروں کہ تم میں سے کوئی مجھ سے مطالبہ نہ کر سکے اپنی زیادتی کا' نہ مال اور نہ خون میں۔

اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ الْقُشَيْرِيُّ يُكْنَى اَبَا اُمَيَّةَ وَيُقَالُ اَبُو مَيَّةَ، كَانَ يَنْزِلُ الْبَصْرَةَ

حضرت انس بن مالک قشیری رضی اللہ عنہ آپ کی کنیت ابوامیہ آپ کو ابومیہ بھی کہا جاتا ہے آپ بصرہ میں اُترے

761 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، ثنا اَبَانُ بْنُ يَزِيدَ الْعَطَّارُ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي كَثِيرٍ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ اَبِي اُمَيَّةَ، قَالَ: قَدِمْتُ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنْ سَفَرٍ، فَقَالَ لِيَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: تَغَدَّ فَقُلْتُ: اِنِّي صَائِمٌ، وَقَالَ: اَلَا اُخْبِرُكَ عَنِ الْمُسَافِرِ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنْهُ الصَّوْمَ، وَنِصْفَ الصَّلَاةِ

حضرت ابواُمیہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں سفر سے واپسی پر حضور ﷺ کے پاس آیا' آپ نے مجھے فرمایا: کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں' آپ نے فرمایا: کیا تمہیں سفر کے متعلق علم نہیں ہے کہ اللہ عزوجل نے مسافر کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور آدھی نماز کی۔

762 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، عَنْ عَبْدِ الرَّزَّاقِ، عَنْ مَعْمَرٍ، عَنْ اَيُّوبَ، عَنْ اَبِي قِلَابَةَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي عَامِرٍ، اَنَّ رَجُلًا يُقَالُ لَهُ: اَنَسُ بْنُ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ قَدِمَ الْمَدِينَةَ فَدَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لِحَاجَةٍ لَهُ فَوَجَدَ النَّبِيَّ

حضرت ابوقلابہ رضی اللہ عنہ' بنی عامر کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' جن کا نام انس بن مالک ہے' وہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضور ﷺ کے پاس مدینہ میں کسی کام کے لیے آئے' آپ نے حضور ﷺ کو کھانا کھاتے ہوئے پایا' آپ ﷺ نے ان کو فرمایا: قریب

صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَأْكُلُ، فَقَالَ لَهُ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ادْنُ فَقَالَ الرَّجُلُ: إِنِّي صَائِمٌ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ الْمُسَافِرَ قَدْ وَضَعَ اللَّهُ عَنْهُ الصَّوْمَ، وَشَطْرَ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الْحَامِلِ وَالْمُرْضِعِ

ہو! اس آدمی نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا: مسافر کو اللہ عزوجل نے روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور آدھی نماز رکھی ہے اور حاملہ اور دودھ پلانے والی کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے۔

763 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، وَالْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا أَبُو الرَّبِيعِ الزَّهْرَانِيُّ، حَدَّثَنَا حَمَّادٌ، عَنْ أَيُّوبَ، عَنْ أَبِي قِلَابَةَ، عَنْ رَجُلٍ، مِنْ بَنِي عَامِرٍ - قَالَ أَيُّوبُ: قَالَ لِي أَبُو قِلَابَةَ: هُوَ حَيٌّ فَالْقَهُ، وَاسْمَعْ مِنْهُ الْحَدِيثَ، قَالَ أَيُّوبُ: فَلَقِيتُ الْعَامِرِيَّ، فَحَدَّثَنِي أَنَّ رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَ خَيْلًا فَأَغَارَتْ عَلَى إِبِلِ جَارٍ لَنَا، فَذَهَبَتْ بِهَا، فَانْطَلَقَ فِي ذَلِكَ، إِمَّا قَالَ: أَبِي، وَإِمَّا قَالَ: عَمِّي، أَوْ قَالَ: قَرَابَةٌ قَرِيبَةٌ مِنْهُ، فَأَتَى رَسُولَ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي ذَاكَ، قَالَ: فَأَتَيْتُهُ وَهُوَ يَأْكُلُ، فَقَالَ: هَلُمَّ الْغَدَاءَ فَقُلْتُ: إِنِّي صَائِمٌ، قَالَ: هَلُمَّ أُحَدِّثْكَ عَنْ ذَلِكَ، إِنَّ اللَّهَ عَزَّ وَجَلَّ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ الصِّيَامَ، وَشَطْرَ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الْحُبْلَى - أَوْ قَالَ: الْمُرْضِعِ - وَأَمَرَ بِالْإِبِلِ فَرُدَّتْ، فَكَانَ إِذَا حَدَّثَ بِهَذَا الْحَدِيثِ تَلَهَّفَ، وَيَقُولُ: أَلَا كُنْتُ أَكَلْتُ مِنْ طَعَامِ رَسُولِ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت ابوقلابہ بنی عامر کے قبیلہ کے ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں' حضرت ایوب نے فرمایا: مجھے حضرت ابوقلابہ نے بیان کیا: وہ آدمی زندہ ہے'ان سے ملو'ان سے آپ حدیث سنیں۔ حضرت ایوب فرماتے ہیں کہ میں عامری سے ملا' مجھے حدیث بیان کی کہ حضور ﷺ نے ایک گھڑسوار قافلہ بھیجا' اس نے ہمارے پڑوسی کے اونٹوں پر حملہ کیا' اس کو لے گیا اس کو لے کر چلا۔ میرے والد یا میرے چچا یا کسی قریبی نے کہا: وہ اس معاملہ میں حضور ﷺ کے پاس آئے' وہ فرماتے ہیں کہ میں آپ کے پاس آیا تو آپ کھانا تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! کیونکہ اللہ عزوجل نے مسافر کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور نماز بھی آدھی فرض کی ہے اور حاملہ کو بھی روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے۔ آپ نے اونٹوں کے متعلق حکم دیا کہ ان کو واپس کر دے۔ یہ حدیث جب بھی بیان کرتے تو افسوس کرتے' کہتے: میں حضور ﷺ کے ساتھ کھانا کھالیتا تو بہتر تھا۔

764 - حَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَلْطِيُّ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا الْحَضْرَمِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ الْمَكِّيِّ، ثنا كَامِلُ بْنُ طَلْحَةَ الْجَحْدَرِيُّ، وَهُدْبَةُ بْنُ خَالِدٍ، قَالُوا: ثنا اَبُو هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ سَوَادَةَ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، رَجُلٍ مِنْ بَنِي كَعْبٍ قَالَ: اَغَارَتْ عَلَيْنَا خَيْلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَانْتَهَيْتُ اِلَيْهِ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: اجْلِسْ فَاَصِبْ مِنْ طَعَامِنَا هٰذَا فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اِنِّي صَائِمٌ، قَالَ: اجْلِسْ اُحَدِّثْكَ عَنِ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الصَّوْمِ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ شَطْرَ - اَوْ نِصْفَ - الصَّلَاةِ عَنِ الْمُسَافِرِ، وَوَضَعَ الصَّوْمَ - اَوِ الصِّيَامَ - عَنِ الْمُسَافِرِ، وَالْمَرِيضِ، وَالْحَامِلِ وَاللّٰهِ لَقَدْ قَالَهَا جَمِيعًا، اَوْ اِحْدَاهَا، فَلُمْتُ نَفْسِي اَلَّا اَكُونَ اَكَلْتُ مِنْ طَعَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ بنی کعب کے ایک آدمی نے کہا: حضورﷺ کے ایک گھڑسوار قافلہ نے ہمارے اوپر غارت کی ہے' میں آپﷺ کے پاس آیا تو آپ کھانا تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: بیٹھو! میں تمہیں نماز اور روزہ کے بارے بتاتا ہوں' بے شک اللہ عزوجل نے مسافر' بیمار اور حاملہ عورت کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور نماز بھی آدھی فرض کی ہے تو بعد میں افسوس کرتے' کہتے: میں حضورﷺ کے ساتھ کھانا کھالیتا تو بہتر تھا۔

765 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا يُوسُفُ بْنُ عَدِيٍّ، ثنا عَبْدُ الرَّحِيمِ بْنُ سُلَيْمَانَ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ ابْنِ سَوَادَةَ الْقُشَيْرِيِّ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَغَارَتْ عَلَيْنَا خَيْلٌ لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَانْطَلَقْتُ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: اجْلِسْ فَاَصِبْ مِنْ طَعَامِنَا

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضورﷺ کے ایک گھڑسوار قافلہ نے ہمارے اوپر حملہ کیا' میں آپ کے پاس آیا تو آپ کھانا تناول کر رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھانا کھاؤ! میں نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: بیٹھو! ابھی میں نماز اور روزے کے متعلق تجھے بتاتا ہوں' اللہ نے مسافر کو آدھی نماز معاف کی ہے

764- أخرج نحوه الترمذي في سننه جلد 3 صفحه 94 رقم الحديث: 715 عن أبي هلال عن عبد الله سوادة عن أنس بن مالك رجل من بني كعب به .

فَقُلْتُ: اِنِّي صَائِمٌ، فَقَالَ: اجْلِسْ اُحَدِّثْكَ عَنِ الصَّلَاةِ، وَعَنِ الصِّيَامِ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ شَطْرَ الصَّلَاةِ عَنِ الْمُسَافِرِ، وَوَضَعَ الصِّيَامَ عَنِ الْمُسَافِرِ، وَعَنِ الْمُرْضِعِ فَلُمْتُ نَفْسِي اَلَّا اَكُونَ اَكَلْتُ مِنْ طَعَامِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

مسافر اور دودھ پلانے والی عورت کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے' میں نے اپنے آپ کو ملامت کیا کہ میں حضورﷺ کے ساتھ کھانا کھالیتا تو بہتر تھا۔

766 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا هَنَّادُ بْنُ السَّرِيِّ، ثنا عَبْثَرُ بْنُ الْقَاسِمِ، عَنْ اَشْعَثَ بْنِ سَوَّارٍ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدٍ، عَنْ زُرَارَةَ بْنِ اَوْفَى، عَنْ رَجُلٍ مِنْهُمْ، اَنَّهُ دَخَلَ عَلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَهُوَ يَاْكُلُ، فَقَالَ: هَلُمَّ فَقَالَ: اِنِّي صَائِمٌ، فَقَالَ: هَلُمَّ اُحَدِّثْكَ، اِنَّ اللّٰهَ وَضَعَ عَنِ الْمُسَافِرِ الصِّيَامَ، وَشَطْرَ الصَّلَاةِ

حضرت زرارہ بن اوفیٰ رضی اللہ عنہ ایک آدمی سے روایت کرتے ہیں کہ وہ آدمی حضورﷺ کے پاس آیا' آپ کھانا تناول فرما رہے تھے' آپ نے فرمایا: آؤ! کھاؤ! اس نے عرض کی: میں روزہ کی حالت میں ہوں۔ آپ نے فرمایا: آؤ! میں تمہیں بتاتا ہوں کہ اللہ عزوجل نے مسافر کو روزہ نہ رکھنے کی اجازت دی ہے اور آدھی نماز معاف کی ہے۔

اَنَسُ بْنُ النَّضْرِ الْاَنْصَارِيُّ عَمُّ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کے چچا حضرت انس بن نضر انصاری رضی اللہ عنہ

767 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْاَنْصَارِيُّ، ثنا حُمَيْدٌ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ الرُّبَيِّعَ بِنْتَ النَّضْرِ، عَمَّتَهُ لَطَمَتْ جَارِيَةً وَكَسَرَتْ سِنَّهَا، فَعَرَضُوا عَلَيْهِمُ الْاَرْشَ فَاَبَوْا، فَطَلَبُوا الْعَفْوَ، فَاَبَوْا، فَاَتَوُا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَهُمْ بِالْقِصَاصِ، فَجَاءَ اَخُوهَا اَنَسُ بْنُ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضرت ربیع بنت نضر نے (میری پھوپھی) اپنی لونڈی کو تھپڑ مارا تو اس کے دانت ٹوٹ گئے' اسے اس کی دیت دی گئی تو اس نے لینے سے انکار کر دیا' ان سے معافی مانگی تو اُنہوں نے انکار کر دیا' وہ لوگ حضورﷺ کے پاس آئے' آپ نے قصاص کا حکم دے دیا۔ بنو ربیع

767- أخرجه البخاري في صحيحه جلد 2 صفحه 961 رقم الحديث: 2556 عن محمد بن عبد الله عن حميد عن أنس به .

النَّضْرِ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتُكْسَرُ سِنُّ الرُّبَيِّعِ؟ لَا، وَالَّذِي بَعَثَكَ بِالْحَقِّ، لَا تُكْسَرُ سِنُّهَا، فَقَالَ: يَا اَنَسُ، كِتَابُ اللّٰهِ الْقِصَاصُ، فَعَفَا الْقَوْمُ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ مِنْ عِبَادِ اللّٰهِ مَنْ لَوْ اَقْسَمَ عَلَى اللّٰهِ لَاَبَرَّهُ

کے بھائی حضرت انس بن نضر آئے‘ عرض کی: یارسول اللہ! کیا آپ ربیع کے دانت توڑیں گے؟ ایسا نہیں ہو سکتا! قسم اُس ذات کی جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے! اس کے دانت نہیں توڑے جائیں گے۔ آپ نے فرمایا: اے انس! اللہ کی کتاب میں قصاص کا حکم ہے۔ لوگوں نے معاف کر دیا۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ کے بندوں میں سے کچھ بندے ایسے ہیں کہ اگر وہ اللہ پر قسم اُٹھائیں تو اللہ عزوجل قسم پوری کرتا ہے۔

768 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا بِشْرُ بْنُ الْوَلِيدِ الْكِنْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ طَلْحَةَ بْنِ مُصَرِّفٍ، عَنْ حُمَيْدٍ، عَنْ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّ عَمَّهُ اَنَسَ بْنَ النَّضْرِ غَابَ عَنْ قِتَالِ بَدْرٍ، فَقَالَ: غِبْتُ عَنْ اَوَّلِ قِتَالِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْمُشْرِكِينَ، لَئِنْ اَشْهَدَنِي اللّٰهُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَيَرَيَنَّ اللّٰهُ مَا اَصْنَعُ فَلَمَّا كَانَ يَوْمُ اُحُدٍ لَقِيَ الْمُشْرِكِينَ، وَهُزِمَ النَّاسُ، فَقَالَ: اللّٰهُمَّ اِنِّي اَعْتَذِرُ اِلَيْكَ مِمَّا صَنَعَ هَؤُلَاءِ - يَعْنِي الْمُسْلِمِينَ - وَاَبْرَاُ اِلَيْكَ مِمَّا جَاءَ بِهِ هَؤُلَاءِ - يَعْنِي الْمُشْرِكِينَ - ثُمَّ اَخَذَ السَّيْفَ فَلَقِيَ سَعْدَ بْنَ مُعَاذٍ، فَقَالَ: اَيْ سَعْدُ اِنِّي لَاَجِدُ رِيحَ الْجَنَّةِ دُونَ اُحُدٍ فَمَضَى فَقُتِلَ، فَمَا عُرِفَ حَتَّى عَرَفَتْهُ اُخْتُهُ مِنْ حُسْنِ بَنَانِهِ، وَاِذَا بِهِ بِضْعٌ وَثَمَانُونَ مِنْ طَعْنَةٍ بِرُمْحٍ، وَضَرْبَةٍ بِسَيْفٍ، وَرَمْيَةٍ بِسَهْمٍ

حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میرے چچا حضرت انس بن نضر بدر کی جنگ میں شریک نہیں ہوئے‘ میرے چچا نے کہا: میں اس جنگ میں شریک نہیں ہو سکا‘ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مشرکوں کو مارا ہے‘ اگر اللہ عزوجل نے مجھے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کسی جنگ کا موقع دیا تو اللہ بھی دیکھے گا کہ میں کیا کرتا ہوں‘ جب اُحد کا دن تھا تو مشرکوں سے لڑائی ہوئی‘ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کسی وجہ سے شکست کا شکار ہونے لگے‘ حضرت انس بن نضر نے کہا: اے اللہ! جو انہوں نے کیا ہے‘ میں اس سے معذور ہوں‘ جو مشرکین لے کر آئے ہیں‘ ان سے بَری ہوں‘ پھر تلوار پکڑ کر حضرت سعد بن معاذ سے مل کر کہا: اے سعد! میں اُحد کی طرف سے جنت کی خوشبو محسوس کر رہا ہوں۔ آپ چلے اور شہید ہو گئے (مشرکوں نے آپ کا مثلہ کر دیا تھا) اس لیے آپ کا لاشہ نہ پہچانا جا سکا۔ آپ کی بہن نے آپ کو پوروں

768- أخرجه البخاري في صحيحه جلد4صفحه1487 رقم الحديث: 3822 عن محمد بن طلحة بن مصرف عن حميد عن أنس به .

سے پہچانا' آپ کے جسم پر اسّی سے زیادہ نیزہ' تلوار اور تیر کے زخم تھے۔

اَنَسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ اَوْسٍ الْاَنْصَارِيُّ

حضرت انس بن معاذ بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ

769 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ مِنَ الْاَنْصَارِ يَوْمَ الْخَنْدَقِ: اَنَسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ اَوْسِ بْنِ عَبْدِ عَمْرٍو

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو خندق کے دن شریک ہوئے' ان ناموں میں سے ایک نام حضرت انس بن معاذ بن اوس بن عبد عمرو ہے۔

اَنَسُ بْنُ اَوْسٍ الْاَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت انس بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ

770 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْجِسْرِ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ: اَنَسُ بْنُ اَوْسٍ

حضرت ابن شہاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جسر کے دن انصار اور بنی عبدالاشہل میں سے جو شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے ایک نام حضرت انس بن اوس کا ہے۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اُنَيْسٌ

یہ باب ہے جس کا نام اُنیس ہے

اُنَيْسُ بْنُ اَبِي مَرْثَدٍ الْغَنَوِيُّ، وَيُقَالُ اُنَيْسٌ يُكَنَّى

حضرت انس بن ابومرثد غنوی رضی اللہ عنہ' آپ کو اُنیس بھی کہا جاتا ہے' آپ کی

اَبَا زَيْدٍ

771 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدَةَ الْمِصِّيصِيُّ، ثنا اَبُو تَوْبَةَ الرَّبِيعُ بْنُ نَافِعٍ، ثنا مُعَاوِيَةُ بْنُ سَلَّامٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ سَلَّامٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا سَلَّامٍ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي السَّلُولِيُّ، اَنَّهُ حَدَّثَهُ سَهْلُ بْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ اَنَّهُمْ سَارُوا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمَ خَيْبَرَ وَذَكَرَ الْحَدِيثَ . يَكْتُبُ تَمَامَهُ مِنْ بَابِ السِّينِ، سَهْلُ بْنُ الْحَنْظَلِيَّةِ يُكْتَبُ مِنْ بَابِ الزَّايِ، زَيْدُ بْنُ رَافِعٍ قِصَّةُ الرَّجْمِ

کنیت ابوزید ہے

حضرت سہل بن حنظلیہ بیان کرتے ہیں کہ وہ حضورﷺ کے ساتھ خیبر کے دن چل رہے تھے۔ اس کے بعد باقی حدیث ذکر کی؛ مکمل حدیث باب السین میں لکھی گئی ہے سہل بن حنظلیہ کے نام سے اور باب زاء میں زید بن رافع کے نام سے رجم والے واقعہ میں۔

اُنَيْسُ بْنُ جُنَادَةَ الْغِفَارِيُّ اَخُو اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

772 - حَدَّثَنَا اَبُو عَبْدِ الْمَلِكِ اَحْمَدُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الْقُرَشِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَائِذٍ، ثنا الْوَلِيدُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا اَبُو طَرَفَةَ عَبَّادُ بْنُ الرَّيَّانِ اللَّخْمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ عُرْوَةَ بْنَ رُوَيْمٍ اللَّخْمِيَّ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي عَامِرُ بْنُ لُدَيْنٍ، قَاضِي النَّاسِ مَعَ عَبْدِ الْمَلِكِ بْنِ مَرْوَانَ قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا لَيْلَى الْاَشْعَرِيَّ، يَقُولُ: حَدَّثَنِي اَبُو ذَرٍّ، قَالَ: اِنَّ اَوَّلَ مَا دَعَانِي اِلَى الْاِسْلَامِ اَنَّا كُنَّا قَوْمًا عُرُبًا فَاَصَابَتْنَا السَّنَةُ، فَحَمَلْتُ اُمِّي وَاَخِي، وَكَانَ اسْمُهُ اُنَيْسًا اِلَى اَصْهَارٍ لَنَا بِاَعْلَى

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے بھائی حضرت انیس بن جنادہ غفاری رضی اللہ عنہ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ سب سے پہلے جس شی نے مجھے اسلام کی دعوت دی؛ وہ یہ تھی کہ ہم دیہاتی لوگ تھے؛ ہم کو فاقہ پہنچا تو میں نے اپنی امی اور اپنے بھائی کو اُٹھایا؛ بھائی کا نام انیس تھا؛ نجد کی اونچی جگہ؛ جب ہم ان کے پاس پہنچے تو انہوں نے ہماری عزت کی؛ جب یہ قبیلہ سے ایک آدمی نے دیکھا تو وہ میرے خالو کے پاس گیا؛ اس نے کہا: آپ کو معلوم ہے کہ انیس آپ کے اہل خانہ کی مخالفت کرتا ہے؟ اس نے یہ بات اپنے دل میں رکھ لی؛ میں اونٹ چرا کران کی

772- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد 3 صفحه 383 رقم الحديث: 5457؛ وأورده الطبراني في الأوسط جلد 1 صفحه 23 رقم الحديث: 60 عن عامر بن لدين عن أبي ليلى الأشعري عن أبي ذر به .

نَجْدٍ، فَلَمَّا حَلَلْنَا بِهِمْ اَكْرَمُونَا، فَلَمَّا رَاٰى ذٰلِكَ رَجُلٌ مِنَ الْحَيِّ مَشٰى اِلَى خَالِي، فَقَالَ: تَعْلَمُ اَنَّ اُنَيْسًا يُخَالِفُكَ اِلٰى اَهْلِكَ؟ فَحَزَّ فِي قَلْبِهِ، فَانْصَرَفَ مِنْ رَعِيَّةِ اِبِلِي، فَوَجَدْتُهُ كَئِيبًا يَبْكِي، فَقُلْتُ: مَا بُكَاؤُكَ يَا خَالُ؟ فَاَعْلَمَنِي الْخَبَرَ، فَقُلْتُ: حَجَزَ اللّٰهُ مِنْ ذٰلِكَ، اِنَّا نَعَافُ الْفَاحِشَةَ، وَاِنْ كَانَ الزَّمَانُ قَدْ اَحَلَّ بِنَا، وَلَقَدْ كَدَّرْتَ عَلَيْنَا صَفْوَ مَا اَبْدَاْتَنَا بِهِ، وَلَا سَبِيلَ اِلَى اجْتِمَاعٍ، فَاحْتَمَلْتُ اُمِّي وَاَخِي حَتّٰى نَزَلْنَا بِحَضْرَةِ مَكَّةَ، فَقَالَ اَخِي: اِنِّي مُدَافِعٌ رَجُلًا شَاعِرًا، فَقُلْتُ: لَا تَفْعَلْ، فَخَرَجَ بِهِ اللَّجَّاجُ حَتّٰى دَافَعَ دُرَيْدَ بْنَ الصِّمَّةِ صِرْمَتَهُ اِلٰى صِرْمَتِهِ، وَايْمُ اللّٰهِ لَدُرَيْدٌ يَوْمَئِذٍ اَشْعَرُ مِنْ اَخِي، فَتَقَاضَيَا اِلٰى خَنْسَاءَ، فَفَضَّلَتْ اَخِي عَلٰى دُرَيْدٍ وَذَاكَ اَنَّ دُرَيْدًا خَطَبَهَا اِلٰى اَبِيهَا، فَقَالَتْ: شَيْخٌ كَبِيرٌ لَا حَاجَةَ لِي فِيهِ، فَحَقَدَتْ ذٰلِكَ عَلَيْهِ، فَضَمَمْنَا صِرْمَتَهُ اِلٰى صِرْمَتِنَا، فَكَانَتْ لَنَا هَجْمَةٌ، قَالَ: ثُمَّ اَتَيْتُ مَكَّةَ فَابْتَدَاْتُ بِالصَّفَا فَاِذَا عَلَيْهَا رِجَالَاتُ قُرَيْشٍ، وَقَدْ بَلَغَنِي اَنَّ بِهَا صَابِئًا، اَوْ مَجْنُونًا، اَوْ شَاعِرًا، اَوْ سَاحِرًا، فَقُلْتُ: اَيْنَ هٰذَا الَّذِي تَزْعُمُونَهُ؟ قَالُوا: هَا هُوَ ذَاكَ حَيْثُ تَرٰى، فَانْقَلَبْتُ اِلَيْهِ فَوَاللّٰهِ مَا جُزْتُ عَنْهُمْ قِيسَ حَجَرٍ حَتّٰى اَكَبُّوا عَلَيَّ كُلِّ عَظْمٍ وَحَجَرٍ وَمَدَرٍ، فَضَرَّجُونِي بِدَمِي، فَاَتَيْتُ الْبَيْتَ فَدَخَلْتُ بَيْنَ السُّتُورِ وَالْبِنَاءِ، وَصَوَّمْتُ فِيهِ ثَلَاثِينَ يَوْمًا لَا آكُلُ وَلَا اَشْرَبُ اِلَّا مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ، حَتّٰى اِذَا كَانَتْ لَيْلَةٌ قَمْرَاءُ اُضْحِيَانُ،

طرف گیا۔ وہ پریشان رو رہے تھے میں نے کہا: اے خالو! آپ کو کس نے رُلایا ہے؟ مجھے انہوں نے معاملہ بتایا تو میں نے کہا: اللہ عزوجل نے اس سے روک دیا ہے ہم تو بے حیائی ناپسند کرتے ہیں اگرچہ زمانہ ہم پر مسلط ہوگیا ہے تو ہم کو گدلا کر دیا جس صفائی پر ہم ابتداء سے تھے۔ بُرائی اور اچھائی جمع نہیں ہوسکتی میں نے اپنی امی اور بھائی کو اُٹھایا یہاں تک کہ ہم مکہ کے پاس آ کر اُترے۔ میرے بھائی نے کہا: ایک شاعر نے شعر بازی کا مقابلہ رکھا ہوا تھا میرا بھائی شاعر تھا۔ میں نے کہا: آپ ایسا نہ کریں ان کو لجاج نامی آدمی لے کر نکلا یہاں تک کہ درید بن صمہ کو ایک دوسرے سے شعر بازی میں ہوتا ہے اللہ کی قسم! درید ان دنوں میرے بھائی سے زیادہ شاعر تھا۔ اور خنساء کے متعلق جھگڑے۔ خنساء نے میرے بھائی کو اختیار کیا درید نے مقابلہ کیا۔ اس وجہ سے کہ درید نے اپنے والد کے لیے نکاح کا پیغام دیا تھا۔ خنساء نے کہا: وہ بہت بزرگ ہے اس کو کوئی ضرورت نہیں ہے وہ اس سے نفرت کرتی تھی ہم نے اس کو ایک طرف سے دوسری کی طرف پھیر دیا۔ اس نے ہم کو جواب دیا: پھر میں مکہ آیا تو میں نے صفاء سے ابتداء کی۔ وہاں قریش کے چند مرد تھے خبر پہنچی کہ وہاں ستارہ پرست یا مجنون یا شاعرہ یا جادوگر ہے۔ میں نے کہا: وہ کہاں ہے جو گمان کرتا ہے؟ انہوں نے کہا: وہ یہاں ہی ہے جس جگہ آپ دیکھ رہے ہیں۔ میں اس کی طرف پلٹا۔ اللہ کی قسم! انہوں نے مجھے پتھر مارا جس

اَقْبَلَتِ امْرَاَتَانِ مِنْ خُزَاعَةَ فَطَافَتَا بِالْبَيْتِ، ثُمَّ ذَكَرَتَا اِسَافَ، وَنَائِلَةَ، وَهُمَا وَثَنَانِ كَانُوا يَعْبُدُونَهُمَا، فَاَخْرَجْتُ رَاْسِي مِنْ تَحْتِ السُّتُورِ، فَقُلْتُ: احْمِلَا اَحَدَهُمَا عَلَى صَاحِبِهِ، فَغَضِبَتَا، ثُمَّ قَالَتَا: اَمْ وَاللّٰهِ لَوْ كَانَتْ رِجَالُنَا حُضُورًا مَا تَكَلَّمْتَ بِهٰذَا، ثُمَّ وَلَّتَا، فَخَرَجْتُ اَقْفُو آثَارَهُمَا حَتَّى لَقِيَتَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا اَنْتُمَا، وَمِنْ اَيْنَ اَنْتُمَا، وَمِنْ اَيْنَ جِئْتُمَا، وَمَا جَاءَ بِكُمَا فَاَخْبَرَتَاهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ: اَيْنَ تَرَكْتُمَا الصَّابِءَ؟ فَقَالَتَا: تَرَكْنَاهُ بَيْنَ السُّتُورِ وَالْبِنَاءِ۔ فَقَالَ لَهُمَا: هَلْ قَالَ لَكُمَا شَيْئًا؟ قَالَتَا: نَعَمْ، كَلِمَةً تَمْلَأُ الْفَمَ، فَتَبَسَّمَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ انْسَلَّتَا، وَاَقْبَلْتُ حَيْثُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ سَلَّمْتُ عَلَيْهِ عِنْدَ ذٰلِكَ۔ فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ، وَمِمَّنْ اَنْتَ، وَمِنْ اَيْنَ اَنْتَ، وَمِنْ اَيْنَ جِئْتَ، وَمَا جَاءَ بِكَ؟ فَاَنْشَاْتُ اُعْلِمُهُ الْخَبَرَ، فَقَالَ: مِنْ اَيْنَ كُنْتَ تَاْكُلُ وَتَشْرَبُ؟ فَقُلْتُ: مِنْ مَاءِ زَمْزَمَ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّهُ طَعَامُ طُعْمٍ وَمَعَهُ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، ائْذَنْ لِي اَنْ اُعَشِّيَهُ، قَالَ: نَعَمْ، ثُمَّ خَرَجَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَمْشِي، وَاَخَذَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِيَدِي حَتَّى وَقَفَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِبَابِ اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، ثُمَّ دَخَلَ اَبُو بَكْرٍ بَيْتَهُ، ثُمَّ اَتَى بِزَبِيبٍ مِنْ زَبِيبِ الطَّائِفِ، فَجَعَلَ يُلْقِيهِ لَنَا قَبْضًا قَبْضًا وَنَحْنُ نَاْكُلُ مِنْهُ حَتَّى تَمَلَّانَا

سے میں خون سے لت پت ہوگیا' میں مسجد کے پاس آیا تو میں کعبہ کے پردوں کے درمیان داخل ہوا' وہاں میں تین دن ٹھہرا' میں نے سوائے آبِ زم زم کے نہ کھایا نہ پیا یہاں تک کہ چاند والی راتیں آئیں تو قبیلہ خزاعہ سے دو عورتیں آئیں' دونوں نے خانہ کعبہ کا طواف کیا' پھر دونوں نے اساف اور نائلہ کا ذکر کیا' یہ دونوں بتوں کے نام ہیں۔ دونوں کی عبادت کی جاتی تھی' میں نے پردوں کے نیچے سے اپنا سر نکالا۔ میں نے کہا: ان دونوں میں سے ایک اپنے ساتھی کو اُٹھائے۔ دونوں عورتوں کو غصہ آیا' پھر دونوں نے کہا: بہرحال اللہ کی قسم! اگر ہمارے مرد موجود ہوتے تو یہ گفتگو نہ کرتا۔ پھر وہ لوٹنے لگیں' میں نکلا اور دونوں کے پیچھے چلا۔ دونوں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملیں۔ آپ نے فرمایا: تم دونوں کون ہو؟ کس قبیلہ سے ہو؟ کہاں سے آئی ہو: کون سی شی لائی ہے آپ کی؟ دونوں نے بتایا' آپ نے فرمایا: دونوں اس بے دین کو کہاں چھوڑ کر آئی ہو؟ دونوں نے کہا: ہم اسے کعبہ کے پردوں کے درمیان چھوڑ کر آئی ہیں۔ آپ نے دونوں سے فرمایا: کیا اس نے ہم دونوں کو کہا ہے کوئی شی؟ ان دونوں نے کہا: جی ہاں! ایسی بات کہ جس سے ہمارا منہ بند ہوگیا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے تبسم فرمایا' پھر دونوں چلی گئیں' میں پلٹا یہاں تک کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آیا' میں نے آپ کو سلام کیا جو آپ کے پاس تھا' آپ نے فرمایا: کون ہے اور کس قبیلہ سے تعلق ہے؟ کہاں سے آئے ہو؟ کیسے آئے ہو؟

مِنْهُ، فَقَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ ـ فَقَالَ: اَمَا اِنَّهُ قَدْ رُفِعَتْ لِي اَرْضٌ وَهِيَ ذَاتُ مَاءٍ لَا اَحْسَبُهَا اِلَّا تِهَامَةَ، فَاخْرُجْ اِلَى قَوْمِكَ فَادْعُهُمْ اِلَى مَا دَخَلْتَ فِيهِ قَالَ: فَخَرَجْتُ حَتَّى اَتَيْتُ اُمِّي وَاَخِي فَاَعْلَمْتُهُمَا الْخَبَرَ، فَقَالَا: مَا بِنَا رَغْبَةٌ عَنِ الدِّينِ الَّذِي دَخَلْتَ فِيهِ فَاَسْلَمَا، ثُمَّ خَرَجْنَا حَتَّى اَتَيْنَا الْمَدِينَةَ فَاَعْلَمْتُ قَوْمِي، فَقَالُوا: اِنَّا قَدْ صَدَّقْنَاكَ، وَلَكِنْ نَلْقَى مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا قَدِمْنَا عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ لَقِينَاهُ، فَقَالَتْ لَهُ غِفَارٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّ اَبَا ذَرٍّ اَعْلَمَنَا مَا اَعْلَمْتَهُ، وَقَدْ اَسْلَمْنَا وَشَهِدْنَا اَنَّكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، ثُمَّ تَقَدَّمَتْ اَسْلَمُ وَخُزَاعَةُ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّا قَدْ رَغِبْنَا وَدَخَلْنَا فِيمَا دَخَلَ فِيهِ اِخْوَانُنَا وَحُلَفَاؤُنَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اَسْلَمُ سَالَمَهَا اللّٰهُ، وَغِفَارٌ غَفَرَ اللّٰهُ لَهَا ثُمَّ اَخَذَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ بِيَدِي، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، فَقُلْتُ: لَبَّيْكَ يَا اَبَا بَكْرٍ، فَقَالَ: هَلْ كُنْتَ تَاَلَّهُ فِي جَاهِلِيَّتِكَ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، لَقَدْ رَاَيْتُنِي اَقُومُ عِنْدَ الشَّمْسِ وَلَا اَزَالُ مُصَلِّيًا حَتَّى يُؤْذِيَنِي حَرُّهَا، فَاَخِرُّ كَاَنِّي خِفَاءٌ، فَقَالَ لِي: فَاَيْنَ كُنْتَ تَوَجَّهُ؟ قُلْتُ: لَا اَدْرِي اِلَّا حَيْثُ وَجَّهَنِي اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ حَتَّى اَدْخَلَ اللّٰهُ عَلَيَّ الْاِسْلَامَ

میں نے آپ کو بتایا' آپ نے فرمایا: اتنی دیر کیا کھاتے پیتے رہے ہو؟ میں نے عرض کی: آبِ زمزم! آپ نے فرمایا: آبِ زمزم کھانے کا کھانا ہے۔ آپ ﷺ کے ساتھ حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ تھے۔ حضرت ابوبکر نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے اجازت دیں! رات کے کھانے کی دعوت کی۔ آپ نے فرمایا: ٹھیک ہے' پھر رسول اللہ ﷺ چلے۔ حضرت ابوبکر نے میرا ہاتھ پکڑا یہاں تک کہ رسول اللہ ﷺ حضرت ابوبکر کے دروازے پر کھڑے ہوئے۔ پھر حضرت ابوبکر اپنے گھر داخل ہوئے' آپ طائف کی کشمش لائے' ہم کو ایک ایک مٹھی دینے لگے' ہم اس سے کھاتے رہے یہاں تک کہ ہمارا پیٹ بھر گیا۔ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! میں نے عرض کی: لبیک! آپ نے فرمایا: میرے سامنے کھجور والی زمین ظاہر ہوگئی ہے' میرا خیال ہے کہ وہ تہامہ ہے' تم اپنی قوم کے پاس جاؤ' ان کو اس دین کی دعوت دو جس میں تم داخل ہوئے ہو۔ میں نکلا یہاں تک کہ اپنی امی اور بھائی کے پاس آیا' دونوں کو بتایا تو دونوں نے کہا: جی ہاں! دین میں آپ داخل ہوئے ہیں ہم کو اس سے رغبت ہے۔ ہم مسلمان ہوئے پھر ہم نکلے یہاں تک کہ مدینہ آئے' میں نے اپنی قوم کو بتایا تو انہوں نے کہا: ہم آپ کی تصدیق کرتے ہیں لیکن ہم محمد ﷺ سے ملاقات کریں گے' جب ہم حضور ﷺ کے پاس آئے تو ہم نے آپ سے ملاقات کی۔ بنوغفار نے عرض کی: یارسول اللہ! ابوذر نے ہم کو بتایا جو آپ

نے بتایا ہے' ہم مسلمان ہوئے' ہم نے گواہی دی ہے کہ آپ اللہ کے رسول ہیں' پھر قبیلہ اسلم اور خزاعہ والے آگے بڑھے انہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم کو شوق تھا اور ہم اس میں داخل ہوئے' جس میں ہمارے بھائی اور پیچھے آنے والے داخل ہوئے ہیں۔ حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: قبیلہ اسلم والوں کو سلامتی عطا فرما! قبیلہ غفار والوں کی اللہ نے مغفرت فرما دی ہے۔ پھر حضرت ابوبکر نے میرا ہاتھ پکڑا' فرمایا: اے ابوذر! میں نے عرض کی: اے ابوبکر! لبیک! آپ نے فرمایا: تو جاہلیت میں سخت تھا؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! میں سورج کی گرمی میں کھڑا ہو جاتا' میں مسلسل نماز پڑھتا رہا یہاں تک کہ مجھے گرمی نے تکلیف دی' میں گرا' گویا میں کپڑے کا پردہ ہوں۔ حضرت ابوبکر نے مجھے فرمایا: آپ نے منہ کس طرف کیا تھا؟ میں نے عرض کی: مجھے معلوم نہیں مگر جس طرف اللہ نے میرا منہ پھیر دیا یہاں تک کہ مجھے اسلام لانے کی توفیق دی۔

أُنَيْسُ بْنُ عَتِيكِ بْنِ عَامِرٍ الْاَنْصَارِيُّ، وَيُقَالُ اَوْسٌ

حضرت اُنیس بن عتیک بن عامر انصاری رضی اللہ عنہ' آپ کو اوس بھی کہا جاتا ہے

773 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ جِسْرِ الْمَدَائِنِ مِنَ الْاَنْصَارِ، مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ ثُمَّ بَنِي زَعُورَاءَ:

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی عبدالاشہل اور بنی زعوراء میں سے جسر مدائن کے دن جو شہید کیے گئے' ان کے ناموں میں سے انیس بن عتیک بن عامر بھی ہے۔

اُنَيْسُ بْنُ عَتِيكِ بْنِ عَامِرٍ

774 - حَدَّثَنَا اَبُو شُعَيْبٍ الْحَرَّانِيُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَيْلِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْجِسْرِ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي عَبْدِ الْاَشْهَلِ، ثُمَّ مِنْ بَنِي زَعُورَاءَ: اَوْسُ بْنُ عَتِيكِ بْنِ عَامِرٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار اور بنی عبدالاشہل اور بنی زعوراء میں سے جسر کے دن جو شہید کیے گئے' ان کے ناموں میں سے انیس بن عتیک بن عامر بھی ہے۔

اُنَيْسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ قَيْسٍ الْاَنْصَارِيُّ، بَدْرِيٌّ

حضرت انیس بن معاذ بن قیس انصاری بدری رضی اللہ عنہ

775 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ مِنْ بَنِي عَمْرِو بْنِ مَالِكِ بْنِ النَّجَّارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي قَيْسِ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ زَيْدِ بْنِ مُعَاوِيَةَ بْنِ عَمْرِو بْنِ مَالِكٍ: اُنَيْسُ بْنُ مُعَاذِ بْنِ قَيْسٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ انصار بنی عمرو بن مالک بن نجار اور بنی قیس بن عبید بن زید بن معاویہ بن عمرو بن مالک میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں حضرت اُنیس بن معاذ بن قیس بھی ہیں۔

اُنَيْسُ بْنُ قَتَادَةَ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت اُنیس بن قتادہ انصاری بدری رضی اللہ عنہ

776 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ اُحُدٍ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي زُرَيْقٍ: اُنَيْسُ بْنُ قَتَادَةَ

حضرت ابن شہاب سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی زریق میں سے جو لوگ شریک ہوئے' اُن ناموں میں حضرت اُنیس بن قتادہ کا بھی نام ہے۔

776م - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ، فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنَ الْاَوْسِ اُنَيْسُ بْنُ قَتَادَةَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ بدر کی جنگ میں انصار اور قبیلہ اوس میں سے جو شریک ہوئے' اُن ناموں میں سے ایک نام اُنیس بن قتادہ کا بھی ہے۔

اَنَسَةُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَكَانَ آذَنَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَهِدَ بَدْرًا

حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام انسہ رضی اللہ عنہ' آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے بدر میں شریک ہونے کی اجازت دی تھی

777 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ زَكَرِيَّا التُّسْتَرِيُّ، ثنا شَبَابٌ الْعُصْفُرِيُّ، قَالَ: كَانَ يَاْذَنُ عَلَيْهِ مَوْلَاهُ، يَعْنِي رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت شباب عصفری فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے غلام کو (جنگ بدر) میں شریک ہونے کی اجازت دی تھی۔

778 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: اَنَسَةَ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ بدر میں جو لوگ شریک ہوئے' اُن ناموں میں ایک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام انسہ بھی تھے۔

779 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيِّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا: اَنَسَةُ مَوْلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ بدر میں جو لوگ شریک ہوئے' اُن ناموں میں ایک حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے غلام انسہ بھی تھے۔

بَابُ مَنِ اسْمُهُ اِيَاسٌ

یہ باب ہے جن کا نام ایاس ہے'

اِيَاسُ بْنُ عَبْدٍ الْمُزَنِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ایاس بن عبدالمزنی رضی اللہ عنہ

780 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ح وَحَدَّثَنَا عُبَيْدُ بْنُ غَنَّامٍ، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدٍ الْمُزَنِيِّ، وَكَانَ مِنْ اَصْحَابِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْمَاءِ

حضرت ایاس بن مزنی رضی اللہ عنہ' حضور ﷺ کے اصحاب میں سے تھے' فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پانی کی بیع سے منع کیا۔

781 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عَبْدُ الْاَعْلَى بْنُ حَمَّادٍ النَّرْسِيُّ، ثنا دَاوُدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ الْعَطَّارُ، عَنْ عَمْرِو بْنِ دِينَارٍ، عَنْ اَبِي الْمِنْهَالِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدٍ الْمُزَنِيِّ اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نَهَى عَنْ بَيْعِ الْمَاءِ

حضرت ایاس بن عبدالمزنی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے پانی کی بیع سے منع کیا۔

اِيَاسُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ

حضرت ایاس بن عبداللہ بن ابوذباب رضی اللہ عنہ

782 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ،

حضرت ایاس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت

780- أخرجه الحاكم في مستدركه جلد2صفحه51 رقم الحديث: 2287' وأحمد في مسنده جلد3صفحه417' جلد4صفحه138 كلاهما عن عمروبن دينار عن أبي المنهال عن اياس بن عبد المزني به .

782- أخرجه ابن حبان في صحيحه جلد 9صفحه499 رقم الحديث: 4189' والبيهقي في سننه الكبرى جلد 7 صفحه304 رقم الحديث: 14552' جلد7صفحه305 رقم الحديث: 14558' والنسائي في السنن الكبرى جلد5صفحه 371 رقم الحديث: 9167' وابن ماجه في سننه جلد 1صفحه638 رقم الحديث: 1985 كلهم عن الزهري عن عبد الله بن عبد الله بن عمر عن اياس بن ابي ذباب به .

اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَضْرِبُوا اِمَاءَ اللّٰهِ قَالَ: فَذَئِرَ النِّسَاءُ، وَسَاءَتْ اَخْلَاقُهُنَّ عَلَى اَزْوَاجِهِنَّ، فَقَالَ عُمَرُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ ذَئِرَ النِّسَاءُ، وَسَاءَتْ اَخْلَاقُهُنَّ عَلَى اَزْوَاجِهِنَّ مُنْذُ نَهَيْتَ عَنْ ضَرْبِهِنَّ، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: فَاضْرِبُوهُنَّ فَضَرَبَ النَّاسُ النِّسَاءَ تِلْكَ اللَّيْلَةَ، فَاَتَى نِسَاءٌ كَثِيرٌ يَشْتَكِينَ الضَّرْبَ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حِينَ اَصْبَحَ: لَقَدْ اَطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اللَّيْلَةَ سَبْعُونَ امْرَاَةً كُلُّهُنَّ يَشْتَكِينَ مِنَ الضَّرْبِ، وَايْمُ اللّٰهِ، لَا تَجِدُونَ اُولَئِكَ خِيَارَكُمْ

ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو نہ مارو! میں نے عرض کی: عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں۔ حضرت عمر نے کہا: یارسول اللہ! عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں' جب سے آپ نے ان کو مارنے سے منع کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم مارلیا کرو' عورتوں کو مردوں نے مارنا شروع کر دیا' بہت زیادہ عورتیں مار کا اثر لے کر آئیں' جب صبح ہوئی تو حضور ﷺ نے فرمایا: آلِ محمد کے پاس تمیں عورتیں آئی ہیں سب نے مارنے کی شکایت کی ہے' اللہ کی قسم! تم میں سے کسی کو انہیں مارنے کا اختیار نہیں ہے۔

783 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا الْحُمَيْدِيُّ، ح وَثنا اَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، ثنا الْقَعْنَبِيُّ، وَاِبْرَاهِيمُ بْنُ بَشَّارٍ الرَّمَادِيُّ، قَالُوا: اَنَا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُمَرَ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا تَضْرِبُوا اِمَاءَ اللّٰهِ فَجَاءَ عُمَرُ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ ذَئِرَ النِّسَاءُ عَلَى اَزْوَاجِهِنَّ مُنْذُ نَهَيْتَ عَنْ ضَرْبِهِنَّ، فَاَذِنَ لَهُمْ، فَضَرَبُوا، فَاَطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءٌ كَثِيرٌ سَبْعُونَ امْرَاَةً، كُلُّهُنَّ يَشْتَكِي زَوْجَهَا، وَلَا

حضرت ایاس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو نہ مارو! میں نے عرض کی: عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں۔ حضرت عمر نے کہا: یارسول اللہ! عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں' جب سے آپ نے ان کو مارنے سے منع کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم مارلیا کرو' عورتوں کو مردوں نے مارنا شروع کر دیا' بہت زیادہ عورتیں مار کا اثر لے کر آئیں' جب صبح ہوئی تو حضور ﷺ نے فرمایا: آلِ محمد کے پاس تمیں عورتیں آئی ہیں سب نے مارنے کی شکایت کی ہے' اللہ کی قسم! تم

تَجِدُ اُولَئِكَ خِيَارَكُمْ

میں سے کسی کوانہیں مارنے کا اختیار نہیں ہے۔

784 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، ثنا عِيسَى بْنُ سَالِمٍ الشَّاشِيُّ، ثنا ابْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الزُّهْرِيِّ، عَنْ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُتْبَةَ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ اَبِي ذُبَابٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا تَضْرِبُوا اِمَاءَ اللّٰهِ فَتَرَكُوا ضَرْبَهُنَّ، فَجَاءَ عُمَرُ، فَقَالَ: وَاللّٰهِ لَقَدْ ذَئِرَ النِّسَاءُ عَلَى اَزْوَاجِهِنَّ، فَاَمَرَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِضَرْبِهِنَّ، فَاَطَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ نِسَاءٌ كَثِيرٌ، فَلَمَّا اَصْبَحَ، قَالَ: لَقَدْ طَافَ بِآلِ مُحَمَّدٍ اللَّيْلَةَ سَبْعُونَ امْرَاَةً كُلُّهُنَّ يَشْتَكِي الضَّرْبَ، وَايْمُ اللّٰهِ مَا اَحْسَبُ اُولَئِكَ خِيَارَكُمْ

حضرت ایاس بن عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اللہ کی لونڈیوں کو نہ مارو! میں نے عرض کی: عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں۔ حضرت عمر نے کہا: یارسول اللہ! عورتیں دلیر ہوگئی ہیں' ان کے اخلاق مردوں کے متعلق بُرے ہو گئے ہیں' جب سے آپ نے ان کو مارنے سے منع کیا ہے۔ حضور ﷺ نے فرمایا: تم مارلیا کرو' عورتوں کو مردوں نے مارنا شروع کر دیا' بہت زیادہ عورتیں مار کا اثر لے کر آئیں' جب صبح ہوئی تو حضور ﷺ نے فرمایا: آلِ محمد کے پاس ستر عورتیں آئی ہیں سب نے مارنے کی شکایت کی ہے' اللہ کی قسم! تم میں سے کسی کوانہیں مارنے کا اختیار نہیں ہے۔

اِيَاسُ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْمُزَنِيُّ

حضرت ایاس بن معاویہ مزنی رضی اللہ عنہ

785 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ رُزَيْقِ بْنِ جَامِعٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا يَزِيدُ بْنُ هَارُونَ، اَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ الْحَارِثِ، عَنْ اِيَاسِ بْنِ مُعَاوِيَةَ الْمُزَنِيِّ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: لَا بُدَّ مِنْ صَلَاةٍ بِلَيْلٍ، وَلَوْ نَاقَةً، وَلَوْ حَلْبَ شَاةٍ، وَمَا كَانَ بَعْدَ صَلَاةِ الْعِشَاءِ الْآخِرَةِ فَهُوَ مِنَ اللَّيْلِ

حضرت ایاس بن معاویہ مزنی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: رات کی نماز ضروری ہے' اگرچہ اونٹنی پر ہو' اگرچہ بکری کا دودھ نکالنے کی مقدار ہو' نمازِ عشاء کے بعد جو نماز ہے وہ رات کی نماز ہے۔

اِيَاسُ بْنُ ثَعْلَبَةَ

حضرت ایاس بن ثعلبہ

اَبُو اُمَامَةَ الْبَلَوِيُّ

786 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، وَيَحْيَى بْنُ اَيُّوبَ الْعَلَّافُ، قَالَا: ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ، اَخْبَرَنِي اَبِي، قَالَ: انْصَرَفْتُ مِنَ الْمَسْجِدِ فَاِذَا بِرَجُلٍ عَلَيْهِ ثِيَابٌ بِيضٌ، وَقَمِيصٌ وَرِدَاءٌ، فَقَالَ لِي: اَخْبَرَنِي جَدُّكَ اَبُو اُمَامَةَ بْنُ ثَعْلَبَةَ، عَنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيمَانِ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيمَانِ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيمَانِ

787 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ السَّمَيْدَعِ الْاَنْطَاكِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْمُبَارَكِ الصُّورِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ عَبْدِ الْعَزِيزِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ حَكِيمِ بْنِ حِزَامٍ، اَنَّ اَبَا الْمُنِيبِ بْنَ اَبِي اُمَامَةَ اَخْبَرَهُ، اَنَّهُ لَقِيَ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، حَدَّثَنِي اَبُوكَ، قَالَ: كُنَّا فِي مَجْلِسٍ نَتَذَاكَرُ فِيهِ الدُّنْيَا، فَخَرَجَ عَلَيْنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: الْبَذَاذَةُ مِنَ الْاِيمَانِ ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

788 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ مُعَاذٍ الْحَلَبِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِي الْحُسَامِ، حَدَّثَنِي صَالِحُ بْنُ كَيْسَانَ، اَنَّ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِيهِ، اَنَّهُ كَانَ يَقُولُ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ الْبَذَاذَةَ

ابوامامہ بلوی رضی اللہ عنہ

حضرت عبداللہ بن منیب بن عبداللہ بن ابوامامہ بن ثعلبہ فرماتے ہیں کہ میرے والد نے مجھے بتایا کہ میں مسجد سے نکلا' وہاں ایک آدمی تھا اُس پر سفید کپڑے اور قمیص اور چادر تھی' مجھے کہا کہ مجھے تمہارے دادا ابوامامہ بن ثعلبہ نے حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حوالہ سے بتایا کہ آپ نے فرمایا: سادگی ایمان سے ہے' سادگی ایمان سے ہے' سادگی ایمان سے ہے۔

حضرت ابومنیب بن ابوامامہ بتاتے ہیں کہ وہ حضرت عبداللہ بن کعب بن مالک سے ملے' فرمایا: مجھے آپ کے والد نے بتایا کہ ہم ایک مجلس میں تھے' اس میں ہم دنیا کا ذکر کر رہے تھے کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہمارے پاس آئے' آپ نے فرمایا: سادگی ایمان سے ہے۔ یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔

حضرت عبداللہ بن ابوامامہ بن ثعلبہ نے اپنے والد کے حوالہ سے بتایا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرمایا کرتے تھے: سادگی ایمان سے ہے' سادگی ایمان سے ہے۔

مِنَ الْاِيمَانِ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيمَانِ

789 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ عَاصِمِ بْنِ عَنْبَسَةَ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَاكَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيمَانِ ، يَعْنِي التَّقَشُّفَ

حضرت عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک فرماتے ہیں کہ میں نے آپ کے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: سادگی ایمان سے ہے۔

790 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مَهْدِيٍّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ الْمَدَنِيُّ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ اَبِي اُمَامَةَ بْنِ ثَعْلَبَةَ اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَخْبَرَهُمْ بِالْخُرُوجِ اِلَى بَدْرٍ، وَاَجْمَعَ الْخُرُوجَ مَعَهُ فَقَالَ لَهُ خَالُهُ اَبُو بُرْدَةَ بْنُ نِيَارٍ: اَقِمْ عَلَى اُمِّكَ يَا ابْنَ اُخْتٍ، فَقَالَ اَبُو اُمَامَةَ: بَلْ اَنْتَ اَقِمْ عَلَى اُخْتِكَ، فَذُكِرَ ذَلِكَ لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَمَرَ اَبَا اُمَامَةَ بِالْمُقَامِ عَلَى اُمِّهِ، وَخَرَجَ بِاَبِي بُرْدَةَ، فَقَدِمَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَقَدْ تُوُفِّيَتْ، فَصَلَّى عَلَيْهَا

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ حضور ﷺ نے بدر کی طرف نکلتے ہوئے بتایا کہ آپ کے پاس نکلنے والے جمع ہوئے' مجھے میرے خالو ابوبردہ بن نیار نے کہا: اے میری بہن کے بیٹے! اپنی والدہ کے پاس رہیں! حضرت ابوامامہ نے کہا: آپ اپنی بہن کے پاس رہیں۔ اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں ہوا تو آپ نے ابوامامہ کو اپنی والدہ کے پاس ٹھہرنے کا حکم دیا۔ ابوبردہ آپ کے ساتھ نکلے' جب حضور ﷺ تشریف لائے تو میری والدہ کا وصال ہو گیا تھا' آپ نے نمازِ جنازہ پڑھائی۔

791 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زُهَيْرٍ التُّسْتَرِيُّ، وَاَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ التُّسْتَرِيُّ، قَالَا: ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ الْاَسْلَمِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ الْبَلَوِيُّ، وَكَانَ اسْمُهُ اِيَاسَ بْنَ ثَعْلَبَةَ قَدْ

حضرت عبداللہ بن منیب بن عبداللہ بن ابوامامہ بلوی جن کا نام ایاس بن ثعلبہ ہے' حضور ﷺ کے صحابی ہیں' یہ اپنے دادا عبداللہ بن ابوامامہ سے' وہ اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ ہم کو چھوٹے سے پیالہ سے وضو کرنے کا حکم دیتے تھے' ہم ایک دوسرے کو

صَحِبَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ جَدِّهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِي اُمَامَةَ، عَنْ اَبِيهِ، قَالَ: اَمَرَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَنْ نَتَوَضَّاَ مِنَ الْغَمْرِ، وَلَا يُؤْذِي بَعْضُنَا بَعْضًا

تکلیف نہیں دیتے تھے۔

792 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْبَزَّازُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْاَزْدِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُمَرَ، حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ اَبِيهِ اَبِي اُمَامَةَ، قَالَ: كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَجْلِسُ الْقُرْفُصَاءَ

حضرت عبداللہ بن منیب اپنے دادا' وہ اپنے والد ابوامامہ سے روایت کرتے ہیں' وہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ سرین پر بیٹھ کر رانوں کو پیٹ سے ملاتے' دونوں ہاتھوں کو پنڈلیوں پر رکھ کر حلقہ بناتے۔

793 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْمُنِيبِ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَطِيَّةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ اُنَيْسٍ، اَنَّهُ قَالَ: اَخْبَرَنَا اَبُو اُمَامَةَ بْنُ ثَعْلَبَةَ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنْ تَوَلَّى غَيْرَ مَوَالِيهِ فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ وَلَا عَدْلٌ، وَمَنْ حَلَفَ عِنْدَ مِنْبَرِي هٰذَا بِيَمِينٍ كَاذِبَةٍ يَسْتَحِلُّ بِهَا مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِغَيْرِ حَقٍّ، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ، وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يُقْبَلُ مِنْهُ صَرْفٌ، وَلَا عَدْلٌ، وَمَنْ اَحْدَثَ فِي مَدِينَتِي هٰذِهِ حَدَثًا اَوْ آوَى مُحْدِثًا، فَعَلَيْهِ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلَائِكَةِ، وَالنَّاسِ اَجْمَعِينَ، لَا يَقْبَلُ اللّٰهُ مِنْهُ صَرْفًا، وَلَا عَدْلًا

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے آقا کے علاوہ کوئی اور آقا بنایا' اس پر اللہ اور اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو' اس کے نہ فرض اور نہ ہی نفل قابلِ قبول ہوں گے اور جس نے میرے اس شہر میں کوئی بدعت ایجاد کی یا بدعتی کو پناہ دی' اس پر اللہ اور اس کے فرشتوں اور تمام لوگوں کی لعنت ہو' اس سے بھی نہ فرض اور نہ نفل قابلِ قبول ہوگا۔

794 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ زَكَرِيَّا الْغَلَابِيُّ، اَنْبَاَ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں

794- أخرجه مسلم في صحيحه جلد 1 صفحه 122 رقم الحديث: 137' والدارمي في سننه جلد 2 صفحه 345 رقم

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، اَنَا سَعِيدُ بْنُ سَلَمَةَ بْنِ اَبِی الْحُسَامِ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، اَنَّ مَعْبَدَ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ اَخْبَرَهُ، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ ثَعْلَبَةَ، يَقُولُ: كُنَّا عِنْدَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ، فَقَدْ اَوْجَبَ اللّٰهُ لَهُ النَّارَ وَحَرَّمَ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ: وَاِنْ شَیْءٌ يَسِيرٌ يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاِنْ قَضِيبًا مِنْ اَرَاكٍ

کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ تھوڑی سی شی ہو؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگرچہ وہ پیلو کی مسواک ہو۔

795 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِیُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عَبْدِ الْحَكَمِ، اَنَا مَالِكٌ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَخِيهِ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ اَبِی اُمَامَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ، حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، وَاَوْجَبَ لَهُ النَّارَ قَالُوا: وَاِنْ كَانَ شَيْئًا يَسِيرًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ قَالَ: وَاِنْ كَانَ قَضِيبًا مِنْ اَرَاكٍ قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ تھوڑی سی شی ہو؟ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اگرچہ وہ پیلو کی مسواک ہو۔ آپ نے یہ بات تین بار فرمائی۔

796 - حَدَّثَنَا اَبُو عَرُوبَةَ الْحُسَيْنُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْحَرَّانِیُّ، ثنا اَبُو الْمُعَافَى، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحِيمِ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَبِی اُنَيْسَةَ، عَنِ الْعَلَاءِ بْنِ عَبْدِ الرَّحْمَنِ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ كَعْبٍ، عَنْ اَبِی اُمَامَةَ رَضِیَ اللّٰهُ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھے' آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ

الحديث: 2603 كلاهما عن معبد بن كعب عن عبد الله عن أبى أمامة به .

عَنْهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَطَعَ بِيَمِينِهِ حَقَّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، وَاَوْجَبَ لَهُ النَّارَ فَقَامَ رَجُلٌ، فَقَالَ: وَاِنْ شَيْئًا يَسِيرًا؟ فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: وَاِنْ قَضِيبًا مِنْ اَرَاكٍ

تھوڑی سی شی ہو؟ حضورصلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اگرچہ وہ پیلو کی مسواک ہو۔

797 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا اَبُو اُسَامَةَ، عَنِ الْوَلِيدِ بْنِ كَثِيرٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَخَاهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبٍ، يُحَدِّثُ، اَنَّ اَبَا اُمَامَةَ بْنَ ثَعْلَبَةَ الْحَارِثِيَّ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَقْتَطِعُ رَجُلٌ حَقَّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ، وَاَوْجَبَ لَهُ النَّارَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: وَاِنْ كَانَ يَسِيرًا يَا رَسُولَ اللّٰهِ؟ فَقَالَ: وَاِنْ كَانَ سِوَاكًا مِنْ اَرَاكٍ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورصلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس تھے آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ تھوڑی سی شی ہو؟ حضورصلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اگرچہ وہ اراک کی مسواک ہو۔

798 - حَدَّثَنَا عَمْرُو بْنُ اَبِي الطَّاهِرِ بْنِ السَّرْحِ الْمِصْرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَزِيزٍ الْاَيْلِيُّ، ثنا سَلَامَةُ بْنُ رَوْحٍ، عَنْ عُقَيْلٍ، عَنْ مَعْبَدِ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ اَخَاهُ عَبْدَ اللّٰهِ بْنَ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ حَدَّثَهُ، اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا اُمَامَةَ الْحَارِثِيَّ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: لَا يَقْتَطِعُ رَجُلٌ حَقَّ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينِهِ اِلَّا حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَاَوْجَبَ لَهُ النَّارَ فَقَالَ رَجُلٌ مِنَ الْقَوْمِ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، وَاِنْ شَيْئًا يَسِيرًا؟ قَالَ: وَاِنْ كَانَ سِوَاكًا مِنْ اَرَاكٍ

حضرت ابوامامہ بن ثعلبہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم حضورصلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس تھے آپ نے فرمایا: جس نے جھوٹی قسم اُٹھا کر کسی مسلمان کا مال لیا' اللہ عزوجل اس کے لیے جہنم واجب کر دے گا اور جنت حرام کر دے گا۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! اگرچہ تھوڑی سی شی ہو؟ حضورصلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا: اگرچہ وہ پیلو کی مسواک ہو۔

799 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَحْمَدُ بْنُ عَاصِمِ بْنِ عَنْبَسَةَ الْعَبَّادَانِيُّ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ حُمْرَانَ، عَنْ عَبْدِ الْحَمِيدِ بْنِ جَعْفَرٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ ثَعْلَبَةَ، عَنْ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ كَعْبِ بْنِ مَالِكٍ، أَنَّهُ قَالَ: سَمِعْتُ أَبَاكَ، يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنِ اقْتَطَعَ مَالَ امْرِءٍ مُسْلِمٍ بِيَمِينٍ كَاذِبَةٍ كَانَتْ نُكْتَةً سَوْدَاءَ فِي قَلْبِهِ، لَا يُغَيِّرُهَا شَيْءٌ إِلَى يَوْمِ الْقِيَامَةِ

حضرت عبدالرحمٰن بن کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے آپ کے والد کو فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے کسی مسلمان کا مال جھوٹی قسم اُٹھا کر لیا' اس کے دل میں سیاہ نکتہ بن جاتا ہے' قیامت کے دن تک اس میں کسی شی کی کمی نہیں ہوگی۔

إِيَاسُ بْنُ أَوْسٍ الْأَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ایاس بن اوس انصاری رضی اللہ عنہ

800 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي أَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ أَبِي الْأَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي مُعَاوِيَةَ بْنِ عَوْفٍ: إِيَاسُ بْنُ أَوْسٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی معاویہ بن عوف کے قبیلہ میں سے جو شہید ہوئے' ان ناموں میں سے حضرت ایاس بن اوس بھی ہیں۔

801 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ الْأَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ إِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِي تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ أُحُدٍ مِنَ الْأَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِي النَّبِيتِ: إِيَاسُ بْنُ أَوْسٍ

حضرت عروہ سے روایت ہے کہ اُحد کے دن انصار اور بنی معاویہ بن عوف کے قبیلہ میں سے جو شہید ہوئے' ان ناموں میں سے حضرت ایاس بن اوس بھی ہیں۔

إِيَاسُ بْنُ وَدْقَةَ الْأَنْصَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ایاس بن وذقہ انصاری رضی اللہ عنہ

802 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ

حضرت ابن شہاب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے

الْاَصْبَهَانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ فِی تَسْمِيَةِ مَنِ اسْتُشْهِدَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْاَنْصَارِ ثُمَّ مِنْ بَنِی سَالِمِ بْنِ عَوْفٍ: اِيَاسُ بْنُ وَدْقَةَ

کہ انصار اور بنی سالم بن عوف میں سے جو بدر میں شریک ہوئے اُن کے ناموں میں سے ایاس بن ودقہ ہیں۔

اِيَاسُ بْنُ مُعَاذٍ الْاَنْصَارِیُّ

حضرت ایاس بن معاذ انصاری رضی اللہ عنہ

803 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ هِشَامِ بْنِ اَبِی الدُّمَيْكِ، ثنا عَلِیُّ بْنُ الْمَدِينِیِّ، ثنا يَعْقُوبُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ بْنِ سَعْدٍ، حَدَّثَنِی اَبِی، عَنِ ابْنِ اِسْحَاقَ، حَدَّثَنِی حُصَيْنُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عَمْرِو بْنِ سَعْدِ بْنِ مُعَاذٍ، اَخُو بَنِی عَبْدِ الْاَشْهَلِ، عَنْ مَحْمُودِ بْنِ لَبِيدٍ، اَخِی بَنِی عَبْدِ الْاَشْهَلِ، قَالَ: لَمَّا قَدِمَ اَبُو الْحَيْسَرِ اَنَسُ بْنُ رَافِعٍ مَكَّةَ وَمَعَهُ فِتْيَةٌ مِنْ بَنِی عَبْدِ الْاَشْهَلِ فِيهِمْ اِيَاسُ بْنُ مُعَاذٍ، يَلْتَمِسُونَ الْحِلْفَ مِنْ قُرَيْشٍ عَلَى قَوْمِهِمْ مِنَ الْخَزْرَجِ، سَمِعَ بِهِمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَتَاهُمْ فَجَلَسَ اِلَيْهِمْ، فَقَالَ: هَلْ لَكُمْ اِلَى خَيْرٍ مِمَّا جِئْتُمْ لَهُ؟ قَالُوا: وَمَا ذَاكَ؟ قَالَ: اَنَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، بَعَثَنِی اِلَى الْعِبَادِ اَدْعُوهُمْ اِلَى اَنْ يَعْبُدُوهُ وَلَا يُشْرِكُوا بِهِ شَيْئًا، وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَیَّ الْكِتَابَ ثُمَّ شَرَعَ لَهُمُ الْاِسْلَامَ وَتَلَا عَلَيْهِمُ الْقُرْآنَ، فَقَالَ اِيَاسُ بْنُ

حضرت محمود بن لبید بنی عبدالاشہل کے بھائی سے روایت ہے کہ جب ابوحیسر انس بن رافع مکہ آئے تو ان کے ساتھ بنی عبدالاشہل کا گروہ تھا' ان میں حضرت ایاس بن معاذ بھی تھے' قریش سے نکل کر اپنی قوم خزرج کے پاس جانا چاہتے تھے' اس تلاش میں تھے کہ حضور ﷺ نے ان کی بات سن لی۔ آپ ان کے پاس آئے' ان کے پاس بیٹھے' آپ نے انہیں فرمایا: کیا تمہارے پاس ایسی بھلائی ہے جو میں لے کر آیا ہوں؟ اُنہوں نے کہا: وہ کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میں اللہ کا رسول ہوں' مجھے بندوں کی طرف بھیجا گیا ہے کہ میں ان کو اللہ کی عبادت کی دعوت دوں' اس کے ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہراؤ' اللہ عزوجل نے مجھ پر کتاب نازل فرمائی ہے۔ پھر آپ نے ان کے سامنے اسلام کے احکامات واضح کیے' قرآن کی تلاوت سنائی۔ حضرت ایاس بن معاذ رضی اللہ عنہ نے کہا' یہ اُس وقت نوعمر تھے: اے میری قوم!

803- أخرجه الحاكم فی مستدركه جلد3صفحه198 رقم الحديث: 4831' ونحوه البخاری فی التاريخ الكبير جلد 1 صفحه 422 رقم الحديث: 1417 كلاهما عن محمود بن لبيد به' وذكره الهيثمی فی مجمع الزوائد جلد6 صفحه36 عن محمود بن لبيد .

مُعَاذٍ وَكَانَ غُلَامًا حَدَثًا: اَیْ قَوْمِی، هَذَا وَاللّٰهِ خَیْرٌ مِمَّا جِئْتُمْ لَهُ، قَالَ: فَاَخَذَ اَبُو الْحَیْسَرِ اَنَسُ بْنُ رَافِعٍ حِفْنَةً مِنَ الْبَطْحَاءِ، فَضَرَبَ بِهَا فِی وَجْهِ اِیَاسٍ، وَقَالَ: دَعْنَا مِنْكَ فَلَعَمْرِی، لَقَدْ جِئْنَا لِغَیْرِ هَذَا، قَالَ: فَصَمَتَ اِیَاسٌ، وَقَامَ عَنْهُمْ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، وَانْصَرَفُوا اِلَى الْمَدِینَةِ، فَكَانَتْ وَقْعَةُ بُعَاثَ بَیْنَ الْاَوْسِ وَالْخَزْرَجِ، ثُمَّ لَمْ یَلْبَثْ اِیَاسُ بْنُ مُعَاذٍ اَنْ هَلَكَ قَالَ مَحْمُودُ بْنُ لَبِیدٍ: فَاَخْبَرَنِی مَنْ حَضَرَهُ مِنْ قَوْمِهِ عِنْدَ مَوْتِهِ اَنَّهُمْ لَمْ یَزَالُوا یَسْمَعُونَهُ یُهَلِّلُ اللّٰهَ، وَیُكَبِّرُهُ، وَیَحْمَدُهُ، وَیُسَبِّحُهُ حَتَّى مَاتَ، فَمَا كَانُوا یَشُكُّونَ اَنْ قَدْ مَاتَ مُسْلِمًا، لَقَدْ كَانَ اسْتَشْعَرَ الْاِسْلَامَ فِی ذَلِكَ الْمَجْلِسِ حِینَ سَمِعَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مَا سَمِعَ

اللہ کی قسم! یہ بہتر ہے جو تم لے کر آئے ہو۔ ابوحیسر انس بن رافع نے بطحاء سے مٹھی مٹی لے کر حضرت ایاس کے چہرے پر ماری اور کہا: ہم نے تجھے چھوڑ دیا' عمر کی قسم! ہم اس کے علاوہ لے کر رہیں گے۔ حضرت ایاس خاموش رہے۔ حضورﷺ ان کے پاس سے اُٹھ گئے' آپ مدینہ تشریف لے گئے' ابھی آپ اوس اور خزرج کے درمیان والی جگہ میں تھے' واقعۂ بعاث کے پاس' حضرت ایاس بن معاذ ہلاک ہونے سے نہیں ٹھہرے۔ حضرت محمود بن لبید فرماتے ہیں کہ مجھے اس نے بتایا کہ جو ان کی قوم میں سے ان کی موت کے وقت موجود تھے کہ وہ مسلسل آپ سے لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور اللہ اکبر' الحمد للہ اور سبحان اللہ پڑھتے رہے وصال تک' وہ لوگ شکوہ کرتے رہے کہ آپ کا وصال حالتِ اسلام میں ہوا ہے' وہ اس وقت اسلام لائے تھے جس وقت رسول اللہﷺ سے اُنہوں نے سنا تھا۔

اَبَیَضُ بْنُ حَمَّالٍ الْمَازِنِیُّ السَّبَئِیُّ

حضرت ابیض بن حمال مازنی السبئی رضی اللہ عنہ

804 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِی عُمَرَ الْعَدَنِیُّ، ثنا فَرَجُ بْنُ سَعِیدِ بْنِ عَلْقَمَةَ بْنِ سَعِیدِ بْنِ اَبْیَضَ بْنِ حَمَّالٍ الْمَازِنِیُّ السَّبَئِیُّ، حَدَّثَنِی عَمِّی ثَابِتُ بْنُ سَعِیدِ بْنِ اَبْیَضَ بْنِ حَمَّالٍ، اَنَّ سَعِیدَ بْنَ اَبْیَضَ بْنِ حَمَّالٍ حَدَّثَهُ، عَنْ اَبِیهِ اَبْیَضَ بْنِ حَمَّالٍ، اَنَّهُ كَلَّمَ رَسُولَ

حضرت سعید بن ابیض بن حمال اپنے والد ابیض بن حمال سے روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہﷺ نے زکوٰۃ کے متعلق گفتگو کی جس وقت آپ کے پاس مدینہ میں وفد آیا' آپ نے فرمایا: اے سبا کے بھائی! زکوٰۃ ضروری ہے۔ ہم نے عرض کی: یارسول اللہ! ہم روئی کاشت کرتے ہیں' سبا نے تباہی مچائی' اس میں سے

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِي الصَّدَقَةِ حِينَ وَفَدَ عَلَيْهِ الْمَدِينَةَ، فَقَالَ: يَا اَخَا سَبَإٍ، لَا بُدَّ مِنْ صَدَقَةٍ قَالَ: اِنَّمَا زَرْعُنَا الْقُطْنَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَدْ تَبَدَّدَتْ سَبَأٌ وَلَمْ يَبْقَ مِنْهُمْ اِلَّا قَلِيلٌ بِمَأْرِبَ، فَصَالَحَ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْيَضَ بْنَ حَمَّالٍ عَلَى سَبْعِينَ حُلَّةً مِنْ اَوْفَى قِيمَةِ بَزِّ الْمَعَافِرِ كُلَّ سَنَةٍ عَمَّنْ بَقِيَ مِنْ سَبَا بِمَأْرِبَ، فَلَمْ يَزَالُوا يُؤَدُّونَهَا حَتَّى قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

تھوڑا سا مارب کے مقام پر باقی رہ گیا ہے۔ پس نبی کریم ﷺ نے ابیض بن حمال سے صلح فرمائی کہ وہ ہر سال ستر لباس دیں گے جو درمیانی قیمت والے اور استعمال شدہ بھی ہوں۔ ان سے جو مآرب کے مقام سے سبا سے باقی بچے ہیں۔ پس وہ مسلسل ادا کرتے رہے یہاں تک کہ رسول کریم ﷺ کا وصال ہوگیا۔

805 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ الْمَكِّيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْعَدَنِيُّ، ثنا فَرَجُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ عَمِّهِ ثَابِتِ بْنِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ، اَنَّهُ اَسْلَمَ عَلَى ثَلَاثَةِ نَفَرٍ اِخْوَةٍ مِنْ كِنْدَةَ كَانُوا عَبِيدًا لَهُ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، فَوَفَدَ اِلَى اَبِي بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ وَاَحَدُهُمْ مَعَهُ يَخْدُمُهُ، فَكَلَّمَ الْخَادِمُ اَبَا بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فِي خِلَافَتِهِ، فَدَعَا اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَبْيَضَ بْنَ حَمَّالٍ فَطَلَبَ مِنْهُ اَنْ يَعْتِقَ رَقَبَةَ الَّذِي يَخْدُمُهُ، وَيَشْتَرِيَ مِنْهُ اَخَوَيْنِ اللَّذَيْنِ بِمَأْرِبَ بِسِتَّةٍ مِنْ عُلُوجِ سَبْيِ الْقَادِسِيَّةِ، فَفَعَلَ ذٰلِكَ اَبْيَضُ بْنُ حَمَّالٍ، فَاَعْتَقَ الَّذِي كَانَ مَعَهُ وَاَخَذَ مَكَانَ اَخَوَيْهِ سِتَّةً مِنْ عُلُوجِ سَبْيِ الْقَادِسِيَّةِ، قَالَ: وَكَانَتْ وِفَادَةُ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ اِلَى اَبِي بَكْرٍ الصِّدِّيقِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ اَنَّ الْعُمَّالَ انْتَقَضُوا عَلَيْهِمْ لَمَّا قُبِضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فِيمَا صَالَحَ اَبْيَضُ بْنُ حَمَّالٍ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابیض بن حمال روایت کرتے ہیں کہ وہ کندہ برادری کے تین آدمیوں کی شرط پر مسلمان ہوئے جو زمانۂ جاہلیت میں اس کے غلام تھے اور تینوں بھائی تھے پس حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی طرف وفد لے کر آیا ان تین میں سے ایک غلام بھی تھا جو اس کی خدمت کے لیے اس کے ساتھ تھا پس خادم غلام نے حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت کے زمانہ میں ان سے گفتگو کی تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے ابیض بن حمال کو بلا کر اس سے ان دو بھائیوں کو واپس کرنے کا مطالبہ کیا جو مأرب کے مقام پر تھے فرمایا: ان کے بدلے قادسیہ کے قیدیوں میں چھ مضبوط آدمی لے لے! ابیض بن حمال مان گیا اس نے ایسا ہی کیا پس جو غلام اس کے ساتھ تھا اُسے اس نے آزاد کر دیا اور اس کے دو بھائیوں کے بدلے قادسیہ کے مضبوط قیدیوں میں سے چھ لے لیے۔ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ کی خدمت میں ابیض بن حمال کے وفد کا

وَسَلَّمَ بِالْحُلَلِ السَّبْعِينَ فَاَقَرَّ ذَلِكَ اَبُو بَكْرٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَلَى مَا وَضَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَتَّى مَاتَ اَبُو بَكْرٍ، فَلَمَّا مَاتَ اَبُو بَكْرٍ انْتُقِضَ ذَلِكَ وَصَارَ عَلَى الصَّدَقَةِ

پیغام یہ تھا کہ عمال نے ان سے معاہدہ توڑ دیا ہے جب رسول کریم ﷺ کا وصال ہوا اس چیز میں جو ابیض بن حمال نے رسول کریم ﷺ سے ستر حلّوں کے بدلے میں کیا تھا پس حضرت ابوبکر نے اس کو اسی وضع پر رکھا جو رسول کریم ﷺ نے کیا تھا یہاں تک کہ حضرت ابوبکر کا وصال ہوا پس جب حضرت ابوبکر کا وصال ہوا تو وہ ٹوٹ گیا اور معاملہ صدقہ وزکوٰۃ پہ آ پڑا۔

ابیض بن حمال المازنی السبئی

806 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْخَلَّالُ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ، حَدَّثَنَا فَرَجُ بْنُ سَعِيدِ بْنِ عَلْقَمَةَ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ، حَدَّثَنِي عَمِّي ثَابِتُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ، اَنَّهُ اسْتَقْطَعَ الْمِلْحَ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الَّذِي يُقَالُ لَهُ: شَذًّا بِمَأْرِبَ، فَقَطَعَهُ لَهُ، ثُمَّ اِنَّ الْاَقْرَعَ بْنَ حَابِسٍ التَّمِيمِيَّ، قَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اِنِّي قَدْ وَرَدْتُ الْمِلْحَ فِي الْجَاهِلِيَّةِ، وَهُوَ بِاَرْضٍ، فَمَنْ وَرَدَهُ اَخَذَهُ، وَهُوَ مِثْلُ الْمَاءِ الْعِدِّ، قَالَ: فَاسْتَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَبْيَضَ بْنَ حَمَّالٍ فِي قَطِيعَتِهِ، فَقَالَ اَبْيَضُ: قَدْ اَقَلْتُهُ مِنْهُ عَلَى اَنْ يَجْعَلَهُ مِنِّي صَدَقَةً، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: هُوَ مِنْكَ صَدَقَةٌ، وَهُوَ مِثْلُ الْمَاءِ الْعِدِّ، فَمَنْ وَرَدَهُ اَخَذَهُ قَالَ: فَقَطَعَ لَهُ نَبِيُّ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَرْضًا وَعُشْبًا بِالْجَوْفِ- جَوْفِ مُرَادٍ مَكَانَهُ حِينَ اَقَالَهُ مِنْهُ- وَاَنَّهُ سَاَلَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَنْ حِمَى الْاَرَاكِ، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ

حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ آپ نے رسول کریم ﷺ سے ملح کی زمین کا مطالبہ کیا جسے شذ کہا جاتا تھا اور وہ مأرب کے مقام پر تھی پس آپ نے وہ اسے دے دی پھر اقرع بن حابس تمیمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! زمانۂ جاہلیت میں اس مقام ملح پر گیا تھا وہ ایسی زمین ہے جو اس میں جاتا ہے وہ اسے پکڑ لیتی ہے وہ کیچڑ والی ہے۔ پس نبی کریم ﷺ ابیض بن حمال کو دوسری زمین دے کر وہ واپس لے لی۔ حضرت ابیض کا قول ہے: میں نے آپ ﷺ سے اس شرط پر تبدیلی کی کہ آپ اسے میری طرف سے صدقہ بنائیں گے تو رسول کریم ﷺ نے فرمایا: وہ تیری طرف سے صدقہ ہے حالانکہ وہ پھسلا دینے والے پانی کی مانند ہے پس جو اس پر قدم رکھتا ہے وہ اسے پکڑ لیتا ہے۔ پس نبی کریم ﷺ نے اسے جوف کے مقام پر زمین اور گھاس عطا فرمائی یعنی جوف مراد۔ یہ زمین پہلی کی جگہ تھی جب آپ ﷺ نے اس سے اقالہ کیا اور اس نے رسول کریم ﷺ سے سوال کیا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: لَا حِمَى فِي الْاَرَاكِ فَقَالَ: اَرَاكَةٌ فِي حِظَارِي، فَقَالَ: لَا حِمَى فِي الْاَرَاكِ قَالَ فَرَجٌ: يَعْنِي اَبْيَضَ فِي حِظَارِي الْاَرْضِ الَّتِي فِيهَا الزَّرْعُ الْمُحَاطُ عَلَيْهِ

مقامِ اراک کی کسی چراگاہ کا' تو نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اراک میں کوئی چراگاہ فارغ نہیں ہے' اس نے کہا: مقام فرج والی جو ہے' یعنی سفید زمین کی چار دیواری میں' جس میں کھیتی اس پر چھائی ہوئی ہے۔

807 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرٍو التَّنُورِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ قَيْسٍ الْمَارِبِيُّ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ سُمَيِّ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ، عَنْ شُمَيْرٍ، عَنْ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ، اَنَّهُ وَفَدَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَسْتَقْطِعُهُ الْمِلْحَ، فَاَقْطَعَهُ اِيَّاهُ، فَقَالَ لَهُ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، تَدْرِي مَا اَقْطَعْتَهُ الْمَاءَ الْعِدَّ فَارْجَعَهُ مِنْهُ، وَسَاَلْتُهُ مَا يُحْمَى مِنَ الْاَرَاكِ؟ قَالَ: مَا لَمْ تَبْلُغْهُ اَخْفَافُ الْاِبِلِ

حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں وفد لے کر حاضر ہوئے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اسے مقامِ ملح کی زمین میں عطا فرمائیں' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسے وہ عطا فرما دی' پس اس کے حق میں ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپ کو معلوم ہوگا کہ آپ نے اسے کیچڑ اور دلدل والی زمین دی ہے' پس آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وہ اس سے واپس لے لی اور میں نے پوچھا: اراک میں کوئی چراگاہ ہے؟ کہا: وہ جگہ جہاں تک اونٹ نہیں پہنچ سکتے۔

808 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، ثنا نُعَيْمُ بْنُ حَمَّادٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ حُبَابٍ الْجُمَحِيُّ، ثنا قَيْسُ بْنُ حَفْصٍ الدَّارِمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ قَيْسٍ الْمَارِبِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ، عَنْ شُمَيْرِ بْنِ عَبْدِ الْمَدَانِ، عَنْ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ، اَنَّهُ وَفَدَ اِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ وَاَقْطَعَهُ الْمِلْحَ، فَلَمَّا اَدْبَرَ قَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَتَدْرِي مَا اَقْطَعْتَهُ، اِنَّمَا اَقْطَعْتَهُ الْمَاءَ الْعِدَّ، قَالَ: فَرَجَعَ فِيهِ، قَالَ: وَسَاَلْتُهُ عَمَّا يُحْمَى مِنَ الْاَرَاكِ؟ قَالَ: مَا لَمْ تَنَلْهُ اَخْفَافُ الْاِبِلِ

حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ وہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں ایک وفد لائے اور آپ نے اسے ملح کی زمین عنایت فرما دی' پس جب وہ چلا گیا تو ایک آدمی بولا: اے اللہ کے نبی! آپ اس زمین سے واقف ہوں گے جو آپ نے اس کو دی ہے' وہ جو آپ نے اسے دی ہے وہ تو کیچڑ والی زمین ہے۔ راوی کا بیان ہے: آپ نے اس میں رجوع فرمایا۔ راوی کہتا ہے: میں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مقام اراک کی کسی چراگاہ کے بارے میں پوچھا تو فرمایا: وہ جہاں اونٹ بھی نہیں جا سکتے۔

809 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ،

حضرت ابیض بن حمال رضی اللہ عنہ سے روایت

ثنا سُرَيْجُ بْنُ النُّعْمَانِ الْجَوْهَرِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى بْنِ قَيْسٍ الْمَأْرِبِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبِي يَذْكُرُ، عَنْ ثُمَامَةَ بْنِ شَرَاحِيلَ، عَنْ سُمَيِّ بْنِ قَيْسٍ، عَنْ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ، اَنَّهُ وَفَدَ اِلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاسْتَقْطَعَهُ الْمِلْحَ الَّذِي بِمَأْرِبَ، فَاَقْطَعَهُ لَهُ، فَقَالَ رَجُلٌ: تَدْرِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا قَطَعْتَ لَهُ؟ قَطَعْتَ لَهُ الْمَاءَ الْعِدَّ، قَالَ: فَرَجَعَهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِنِّي، قَالَ: وَسَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا يُحْمَى مِنَ الْاَرَاكِ؟ قَالَ: يُحْمَى مَا لَمْ تَنَلْهُ اَخْفَافُ الْاِبِلِ

ہے کہ میں ایک وفد لے کر رسول کریم ﷺ کی بارگاہ میں حاضر ہوا' پس میں نے مأرب کے مقام پر ملح کی زمین کا مطالبہ کیا' پس آپ نے منظور فرمایا اور زمین مجھے دے دی' پس ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپ کو معلوم ہے جو آپ نے زمین دی ہے کہ وہ کیسی ہے؟ آپ نے اسے کیچڑ اور دلدل والی زمین عطا فرمائی ہے (وہ اسے کیا کرے گا؟) راوی کا بیان ہے: رسول کریم ﷺ نے وہ مجھ سے واپس لے لی اور میں نے آپ سے سوال کیا: مقامِ اراک میں کوئی چراگاہ پڑی ہے؟ فرمایا: وہاں تک تو اونٹ بھی پہنچنے سے قاصر ہیں۔

810 - حَدَّثَنَا مُوسَى بْنُ هَارُونَ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي عُمَرَ الْمَدَنِيُّ، ثنا فَرَجُ بْنُ سَعِيدٍ، حَدَّثَنِي عَمِّي ثَابِتُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ اَبِيهِ سَعِيدِ بْنِ اَبْيَضَ بْنِ حَمَّالٍ اَنَّهُ كَانَ بِوَجْهِهِ حَزَازَةٌ- يَعْنِي الْقُوبَاءَ- فَنَقَمْتُ اَنْفَهُ فَدَعَاهُ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَمَسَحَ عَلَى وَجْهِهِ فَلَمْ يُمْسِ ذَلِكَ الْيَوْمَ وَفِيهِ اَثَرٌ

حضرت سعید بن ابیض بن حمال سے روایت ہے کہ میرے چہرے پر خارشی دانے تھے' میں نے اپنی ناک کو عیب دار دیکھا' پس رسول کریم ﷺ نے مجھے بلا کر میرے چہرے پر ہاتھ مبارک پھیرا' پس وہ اسی دن درست ہو گیا۔

اَحْمَرُ بْنُ جَزْءٍ السَّدُوسِيُّ

حضرت احمر بن جزء السدوسی رضی اللہ عنہ

811 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ الْعَبَّاسِ الْمُؤَدِّبُ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ح وَحَدَّثَنَا فُضَيْلُ بْنُ مُحَمَّدٍ

حضرت احمر بن جزء' رسول اللہ ﷺ کے صحابی سے روایت ہے' فرماتے ہیں کہ ہم حضور ﷺ کے

811- أخرجه ابن ماجة في سننه جلد 1صفحه287 رقم الحديث: 886' وأحمد في مسنده جلد 5صفحه31,30 كلاهما عن عباس بن راشد عن الحسن عن أحمر به .

الْمَلَطِیُّ، ثنا اَبُو نُعَیْمٍ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْکَشِّیُّ، ثنا بَکَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ السِّیرِینِیُّ، قَالُوا: اَنَا عَبَّادُ بْنُ رَاشِدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: ثنا اَحْمَرُ بْنُ جَزْءٍ، صَاحِبُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: اِنْ کُنَّا لَنَاْوِی لِرَسُولِ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ مِمَّا یُجَافِی یَدَهُ عَنْ جَنْبَیْهِ اِذَا سَجَدَ

متعلق تکلیف محسوس کرتے تھے جب آپ سجدہ کرتے تو دونوں بازوؤں کو علیحدہ رکھتے۔

اَسْمَرُ بْنُ مُضَرِّسٍ

حضرت اسمر بن مضرس رضی اللہ عنہ

812 - حَدَّثَنَا زَکَرِیَّا بْنُ یَحْیَی السَّاجِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بَشَّارٍ بُنْدَارٌ، ثنا عَبْدُ الْحَمِیدِ بْنُ عَبْدِ الْوَاحِدِ، حَدَّثَتْنِی اُمُّ جَنُوبٍ بِنْتُ شُمَیْلَةَ، عَنْ اُمِّهَا سُوَیْدَةَ بِنْتِ جَابِرٍ، عَنْ اُمِّهَا عُقَیْلَةَ بِنْتِ اَسْمَرَ بْنِ مُضَرِّسٍ، عَنْ اَبِیهَا اَسْمَرَ بْنِ مُضَرِّسٍ، قَالَ: اَتَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ فَبَایَعْتُهُ، فَقَالَ: مَنْ سَبَقَ اِلَی مَا لَمْ یَسْبِقْ اِلَیْهِ مُسْلِمٌ فَهُوَ لَهُ فَخَرَجَ النَّاسُ یَتَعَادُونَ یَتَخَاطُونَ

حضرت اسمر بن مضرس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے آپ کی بیعت کی' آپ نے فرمایا: جو اس طرف سبقت لے گیا' جس طرف کوئی مسلمان سبقت نہیں لے گیا' وہ اس کا اپنا عمل ہے' لوگ اس کی عادت پر نکلیں گے تو غلطی کریں گے۔

اَلْاَسْوَدُ بْنُ خَلَفٍ الْخُزَاعِیُّ

حضرت اسود بن خلف خزاعی رضی اللہ عنہ

813 - حَدَّثَنَا اَبُو مُسْلِمٍ الْکَشِّیُّ، ثنا اَبُو عَاصِمٍ الضَّحَّاکُ بْنُ مَخْلَدٍ، عَنِ ابْنِ جُرَیْجٍ، اَخْبَرَنِی عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَیْمٍ، اَنَّ مُحَمَّدَ بْنَ الْاَسْوَدِ بْنِ خَلَفٍ اَخْبَرَهُ، اَنَّ اَبَاهُ الْاَسْوَدَ، حَضَرَ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُبَایِعُ النَّاسَ عِنْدَ قَرْنِ مَسْقَلَةَ - قَالَ: وَقَرْنُ مَسْقَلَةَ مِمَّا یَلِی بُیُوتَ اَبِی ثُمَامَةَ، وَهُوَ

حضرت محمد بن اسود بن خلف بتاتے ہیں کہ حضرت ابو اسود' حضور ﷺ کے پاس آئے تو لوگ آپ کی قرن مسقلہ کے پاس بیعت کر رہے تھے۔ قرن مسقلہ وہ جگہ ہے جو ابوثمامہ کے گھروں کے پاس تھی' وہ جگہ ابن عامر کے گھر آتے ہوئے اور ابن سمرہ سے جاتے ہوئے اور اس کے قریب تھا۔ حضرت اسود

الَّذِی مَا اَقْبَلَ مِنْهُ عَلَی دَارِ ابْنِ عَامِرٍ، وَمَا اَدْبَرَ مِنْهُ عَلَي دَارِ ابْنِ سَمُرَةَ وَمَا حَوْلَهَا۔ قَالَ الْاَسْوَدُ: فَرَاَیْتُ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ یُبَایِعُ النَّاسَ، فَجَاءَهُ الرِّجَالُ وَالنِّسَاءُ وَالصِّغَارُ وَالْكِبَارُ فَبَایَعُوهُ عَلَی الْاِسْلَامِ وَالشَّهَادَةِ قُلْتُ: وَمَا الشَّهَادَةُ؟ فَاَخْبَرَنِی مُحَمَّدُ بْنُ الْاَسْوَدِ قَالَ: عَلَی شَهَادَةِ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا رَسُولُ اللّٰهِ

فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کو دیکھا کہ لوگ آپ کی بیعت کر رہے تھے مرد عورتیں بچے بڑے آ رہے ہیں اور وہ اسلام اور شہادت پر بیعت کر رہے ہیں۔ میں نے عرض کی: شہادت کیا ہے؟ تو مجھے محمد بن اسود نے بتایا کہ لا الٰہ الا اللہ وانّ محمد رسول اللہ پڑھنا۔

814 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، ثنا بِشْرُ بْنُ مُعَاذٍ الْعَقَدِیُّ، ثنا فُضَیْلُ بْنُ سُلَیْمَانَ، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ خُثَیْمٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ الْاَسْوَدِ بْنِ خَلَفٍ، عَنْ اَبِیهِ، اَنَّ النَّبِیَّ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ اَمَرَهُ اَنْ یُجَدِّدَ اَنْصَابَ الْحَرَمِ عَامَ الْفَتْحِ

حضرت محمد بن اسود بن خلف اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فتح کے سال حرم کے ستونوں کو نیا کرنے کا حکم دیا۔

اَسْوَدُ بْنُ اَصْرَمَ الْمُحَارِبِیُّ

حضرت اسود بن اصرم محاربی رضی اللہ عنہ

815 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ الرَّحْمَنِ بْنِ عِقَالٍ الْحَرَّانِیُّ، ثنا اَبُو جَعْفَرٍ النُّفَیْلِیُّ، ح وَحَدَّثَنَا اَبُو عَقِیلٍ اَنَسُ بْنُ سَلْمٍ الْخَوْلَانِیُّ، وَالْحُسَیْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِیُّ، قَالَا: ثنا اَبُو الْمُعَافَی مُحَمَّدُ بْنُ وَهْبِ بْنِ اَبِی كَرِیمَةَ الْحَرَّانِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ اَبِی عَبْدِ الرَّحِیمِ، عَنْ عَبْدِ الْوَهَّابِ بْنِ بُخْتٍ، عَنْ سُلَیْمَانَ بْنِ حَبِیبٍ الْمُحَارِبِیِّ، عَنْ اَسْوَدَ بْنِ اَصْرَمَ الْمُحَارِبِیِّ، اَنَّهُ قَدِمَ بِاِبِلٍ لَهُ سِمَانٍ اِلَی الْمَدِینَةِ فِی زَمَنِ قَحْلٍ وَجُدُوبٍ مِنَ الْاَرْضِ، فَلَمَّا

حضرت اسود بن اصرم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں اونٹ پر سمان سے مدینہ میں آیا' زمن قحل اور جدوب کی زمین سے' جب اس کو مدینہ والوں نے دیکھا تو وہ اس کے موٹے ہونے پر تعجب کرنے لگے' میں نے اس کا ذکر حضور ﷺ کی بارگاہ میں کیا' حضور ﷺ نے اس اونٹ کو لانے کے لیے فرمایا اس کو لایا گیا تو آپ اونٹ کے پاس آئے' اُسے دیکھا اور فرمایا: تُو نے اپنا اونٹ اتنا موٹا کیوں کیا ہے؟ عرض کی: میں اس سے خدمت لینے کا ارادہ رکھتا ہوں۔ حضور ﷺ نے فرمایا:

رَآهَا اَهْلُ الْمَدِينَةِ عَجِبُوا مِنْ سِمَنِهَا، فَذَكَرْتُ ذٰلِكَ لِلرَّسُولِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَرْسَلَ اِلَيْهَا رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَاُتِيَ بِهَا، فَخَرَجَ اِلَيْهَا، فَنَظَرَ اِلَيْهَا، فَقَالَ: لِمَ جَلَبْتَ اِبِلَكَ هٰذِهِ؟ قَالَ: اَرَدْتُ بِهَا خَادِمًا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ عِنْدَهُ خَادِمٌ؟ فَقَالَ عُثْمَانُ بْنُ عَفَّانَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عِنْدِي يَا رَسُولَ اللّٰهِ، قَالَ: فَاْتِ بِهَا فَجَاءَ بِهَا عُثْمَانُ فَلَمَّا رَآهَا اَسْوَدُ قَالَ: مِثْلَهَا اُرِيدُ، فَقَالَ: عِنْدَكَ فَخُذْهَا فَاَخَذَهَا اَسْوَدُ وَقَبَضَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِبِلَهُ، فَقَالَ اَسْوَدُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَوْصِنِي، قَالَ: هَلْ تَمْلِكُ لِسَانَكَ؟ قَالَ: فَمَا اَمْلِكُ اِذَا لَمْ اَمْلِكْهُ؟ قَالَ: اَفَتَمْلِكُ يَدَكَ؟ قَالَ: فَمَاذَا اَمْلِكُ اِذَا لَمْ اَمْلِكْ يَدِي؟ قَالَ: فَلَا تَقُلْ بِلِسَانِكَ اِلَّا مَعْرُوفًا، وَلَا تَبْسُطْ يَدَكَ اِلَّا اِلَى خَيْرٍ

کسی کے پاس خادم ہے؟ حضرت عثمان بن عفان نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے پاس ہے! آپ نے فرمایا: اسے لاؤ! حضرت عثمان لے کر آئے تو میں نے اس کو دیکھا اور عرض کی: اس کی مثل میرا ارادہ تھا۔ آپ نے فرمایا: تیرے پاس ہے اس کو لے لے۔ میں نے پکڑ لیا اور حضور ﷺ نے اونٹ لے لیا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے کوئی وصیت کریں۔ آپ نے فرمایا: کیا تیری زبان تیرے قابو میں ہے؟ میں نے عرض کی: اس کا کون مالک ہوگا جب میں نہیں ہوں گا؟ آپ نے فرمایا: کیا تو اپنے ہاتھ کا مالک ہوں؟ میں نے عرض کی: میں اپنے ہاتھ کا مالک نہیں ہوں گا تو کون ہو گا؟ آپ نے فرمایا: تو زبان سے اچھی بات کہہ اور اپنا ہاتھ بھلائی کے لیے پھیلا۔

816 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مَسْعُودٍ الْمَقْدِسِيُّ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، ثنا صَدَقَةُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَلِيٍّ الْقُرَشِيِّ، عَنْ سُلَيْمَانَ بْنِ حَبِيبٍ الْمُحَارِبِيِّ، حَدَّثَنِي اَسْوَدُ بْنُ اَصْرَمَ الْمُحَارِبِيُّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَوْصِنِي، قَالَ: تَمْلِكُ يَدَكَ؟ قُلْتُ: فَمَاذَا اَمْلِكُ اِذَا لَمْ اَمْلِكْ يَدِي؟ قَالَ: تَمْلِكُ لِسَانَكَ؟ قَالَ: فَمَاذَا اَمْلِكُ اِذَا لَمْ اَمْلِكْ لِسَانِي؟ قَالَ: لَا تَبْسُطْ يَدَكَ اِلَّا اِلَى خَيْرٍ، وَلَا تَقُلْ بِلِسَانِكَ اِلَّا مَعْرُوفًا

حضرت اسود بن اصرم محاربی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: تُو اپنے ہاتھ کا مالک ہے؟ میں نے عرض کی: میں اپنے ہاتھ کا مالک نہیں ہوں گا تو کس چیز کا مالک ہوں گا؟ آپ نے فرمایا: تُو اپنی زبان کا مالک ہے؟ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میں اپنی زبان کا مالک نہیں ہوں گا تو کس چیز کا مالک ہوں؟ آپ نے فرمایا: اپنا ہاتھ بھلائی کے لیے پھیلا اور اپنی زبان سے نیک بات کر۔

الْاَسْوَدُ بْنُ سَرِيعٍ

حضرت اسود بن سریع

الْمُجَاشِعِيُّ

مجاشعی رضی اللہ عنہ

817 - حَدَّثَنَا اَبُو يَزِيدَ الْقَرَاطِيسِيُّ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: كُنْتُ اُنْشِدُهُ- يَعْنِي النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ - وَلَا اَعْرِفُ اَصْحَابَهُ حَتَّى جَاءَ رَجُلٌ بَعِيدُ مَا بَيْنَ الْمَنَاكِبِ، اَصْلَعُ، فَقِيلَ لِي: اسْكُتِ، اسْكُتْ، فَقُلْتُ: وَاثُكْلَاهُ، مَنْ هَذَا الَّذِي اَسْكُتُ لَهُ عِنْدَ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقِيلَ: اِنَّهُ عُمَرُ بْنُ الْخَطَّابِ، فَعَرَفْتُ وَاللّٰهِ بَعْدُ اَنَّهُ كَانَ يَهُونُ عَلَيْهِ لَوْ سَمِعَنِي اَنْ لَا يُكَلِّمَنِي حَتَّى يَاْخُذَ بِرِجْلِي فَيَسْحَبَنِي اِلَى الْبَقِيعِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے سامنے اشعار پڑھ رہا تھا' میں آپ کے صحابہ کو نہیں جانتا تھا' ایک آدمی آیا اس کے دونوں کندھوں کے درمیان فاصلہ تھا اور سر کے اگلے حصہ پر بال نہیں تھے' مجھے کہا گیا کہ خاموش ہو جاؤ! خاموش ہو جاؤ! میں نے کہا: میری ماں روئے! یہ آدمی کون ہے؟ کہ مجھے حضور ﷺ کے سامنے خاموش کروایا گیا ہے۔ کہا گیا: عمر بن خطاب! میں نے پہچان لیا' اللہ کی قسم! دور سے اس کا رعب ڈالا گیا' اگر میری بات سن لیتے تو میرے ساتھ گفتگو کیے بغیر مجھے پاؤں سے پکڑتا اور جنت البقیع چھوڑ آتا۔

818 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ يَحْيَى الْمَرْوَزِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ سُلَيْمَانَ، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: كُنْتُ رَجُلًا شَاعِرًا، فَاَتَيْتُ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا اُنْشِدُكَ مَحَامِدَ حَمِدْتُ بِهَا رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ؟ قَالَ: اَمَا اِنَّ رَبَّكَ يُحِبُّ الْمَحَامِدَ فَمَا اسْتَزَادَنِي

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں شاعر آدمی تھا' میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یا رسول اللہ! کیا میں آپ کے سامنے اپنے رب کی تعریف کروں؟ آپ نے فرمایا: تمہارا رب اپنی تعریف کو پسند کرتا ہے' میرے لیے اضافہ نہ کر۔

819 - حَدَّثَنَا عُمَرُ بْنُ حَفْصٍ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنَا عَاصِمُ بْنُ عَلِيٍّ، ح وَحَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَوَّارٍ الْعَنْبَرِيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ بَكْرٍ الْمُزَنِيُّ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: قَالَ الْاَسْوَدُ بْنُ سَرِيعٍ: اَلَا اُنْشِدُكَ مَحَامِدَ حَمِدْتُ بِهَا رَبِّي؟ قَالَ:

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں آپ کو وہ حمد سناؤں جو میں نے اپنے رب کی کی ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارا رب تعریف کو پسند کرتا ہے' اس پر اضافہ نہ کر۔

اِنَّ رَبَّكَ يُحِبُّ الْحَمْدَ وَلَمْ يَسْتَزِدْهُ عَلَى ذٰلِكَ

820 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ نُوحِ بْنِ حَرْبٍ الْعَسْكَرِيُّ، ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا اَبُو الْاَشْهَبِ، عَنِ الْحَسَنِ، قَالَ: كَانَ الْاَسْوَدُ بْنُ سَرِيعٍ رَجُلًا شَاعِرًا، فَقَالَ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، اَلَا اُسْمِعُكَ مَحَامِدَ حَمِدْتُ بِهَا رَبِّي؟ قَالَ: اَمَا اِنَّ رَبَّكَ يُحِبُّ الْحَمْدَ - اَوْ مَا شَيْءٌ اَحَبُّ اِلَيْهِ الْحَمْدُ مِنَ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ-

حضرت حسن فرماتے ہیں کہ حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ شاعر آدمی تھے' اُنہوں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں آپ کو وہ حمد سناؤں جو میں نے اپنے رب کی کی ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارا رب اپنی تعریف کو پسند کرتا ہے' اللہ عزوجل کو حمد سے زیادہ کوئی شی پسند نہیں ہے۔

821 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ اِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ اَبِي شَيْبَةَ، ثنا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، عَنْ عَمْرِو بْنِ عُبَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، اَنَّهُ اَتَى النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اِنِّي قَدْ حَمِدْتُ رَبِّي بِمَحَامِدَ، فَقَالَ: اَمَا اِنَّ رَبَّكَ يُحِبُّ الْحَمْدَ وَلَمْ يَسْتَنْشِدْهُ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: میں نے اپنے رب کی حمد کی ہے' آپ نے فرمایا: تمہارا رب حمد کو پسند کرتا ہے' وہ اشعار میں نے نہیں پڑھے۔

822 - حَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا عَامِرُ بْنُ صَالِحٍ، ثنا يُونُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَلَا اُنْشِدُكَ مَحَامِدَ حَمِدْتُ بِهَا رَبِّي عَزَّ وَجَلَّ؟ قَالَ: اَمَا اِنَّ رَبَّكَ يُحِبُّ الْحَمْدَ وَمَا اسْتَزَادَنِي

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! کیا میں آپ کو حمد کے اشعار سناؤں جو میں نے اپنے رب کی حمد کی ہے؟ آپ نے فرمایا: تمہارا رب حمد کو پسند کرتا ہے' میرے لیے اضافہ نہ کر۔

823 - حَدَّثَنَا عَبْدَانُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْمَرْوَزِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، اَنَا عَبْدُ السَّلَامِ بْنُ حَرْبٍ، ثنا يُونُسُ، وَآخَرُ سَمَّاهُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، اَنَّهُ اَتَى رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنِّي حَمِدْتُكَ بِمَحَامِدَ،

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں حضور ﷺ کے پاس آیا' عرض کی: یارسول اللہ! میں نے اپنے رب کی حمد کی ہے' آپ نے فرمایا: اللہ عزوجل حمد کو پسند کرتا ہے۔ میں نے وہ اشعار پڑھے نہیں۔

فَقَالَ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّ اَنْ يُحْمَدَ وَلَمْ يَسْتَنْشِدْهُ

824 - حَدَّثَنَا بِشْرُ بْنُ مُوسَى، ثنا يَعْلَى بْنُ عَبَّادِ بْنِ يَعْلَى، حَدَّثَنَا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَعَثَ سَرِيَّةً، فَبَلَغَ مِنْ قَتْلِهِمْ اَنْ قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا بَالُ اَقْوَامٍ بَلَغَ مِنْ قَتْلِهِمْ اَنْ قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ مِنَ الْمُشْرِكِينَ فَقَالُوا: يَا رَسُولَ اللّٰهِ - وَذَكَرَ كَلِمَةً بَعْدَهَا - فَقَالَ: اَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ اَوْلَادَ الْمُشْرِكِينَ، وَالَّذِي نَفْسِي بِيَدِهِ مَا مَوْلُودٌ يُولَدُ اِلَّا عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يَكُونَ اَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک سریہ بھیجا' وہ دشمن سے لڑے تو انہوں نے لڑائی میں ان کا پیچھا کیا یہاں تک کہ بچوں تک پہنچ گئے' جب سریہ واپس آیا تو ہم نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بارگاہ میں گئے' آپ نے فرمایا: کیا میں نے تمہیں منع نہیں کیا تھا؟ صحابہ کرام نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ مشرکوں کے بچے تھے' آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کیا تم کو مشرکوں کے بچوں پر اختیار دیا گیا ہے؟ پھر آپ نے اعلان کرنے کا حکم دیا کہ سنو! ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اُس کے والدین اُسے یہودی اور نصرانی بنا دیتے ہیں۔

825 - حَدَّثَنَا اَبُو خَلِيفَةَ الْفَضْلُ بْنُ الْحُبَابِ، وَحَفْصُ بْنُ عُمَرَ الرَّقِّيُّ، قَالَا: ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، عَنِ السَّرِيِّ بْنِ يَحْيَى اَبِي الْهَيْثَمِ، وَكَانَ عَاقِلًا، ثنا الْحَسَنُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، وَكَانَ رَجُلًا شَاعِرًا، وَكَانَ اَوَّلَ مَنْ قَصَّ فِي هٰذَا الْمَسْجِدِ، قَالَ: اَفْضَى بَيْنَهُمُ الْقَتْلُ اَنْ قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: اَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ اَوْلَادَ الْمُشْرِكِينَ مَا مِنْ مَوْلُودٍ يُولَدُ اِلَّا عَلَى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ، حَتَّى يُعْرِبَ فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، اَوْ يُنَصِّرَانِهِ، اَوْ يُمَجِّسَانِهِ

حضرت حسن سے روایت ہے کہ حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ شاعر آدمی تھے' یہ پہلے شخص تھے جنہوں نے اس مسجد میں اطلاع دی' کہا: صحابہ کرام کے درمیان یہ بات مشہور ہوئی کہ میں نے بچوں کو قتل کیا۔ یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: کیا تمہیں مشرکوں کی اولاد پر اختیار دیا گیا ہے' ہر بچہ دینِ اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کے ماں باپ اس کو یہودی یا عیسائی یا مجوسی بنا دیں۔

826 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت

الْحَضْرَمِيُّ، وَعَبْدَانُ بْنُ اَحْمَدَ، قَالَا: ثنا شَيْبَانُ بْنُ فَرُّوخٍ، ثنا اَبُو حَمْزَةَ الْعَطَّارُ، ثنا الْحَسَنُ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يُعْرِبَ عَنْهُ لِسَانُهُ، فَاَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، وَيُنَصِّرَانِهِ

ہے کہ حضور ﷺ نے فرمایا: ہر بچہ دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ زبان سے بولنے لگے اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

827 - حَدَّثَنَا مُعَاذُ بْنُ الْمُثَنَّى، ثنا مُسَدَّدٌ، ثنا يَزِيدُ بْنُ زُرَيْعٍ، ثنا يُونُسُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: غَزَوْتُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَفَتَحَ لَهُمْ، فَتَنَاوَلَ بَعْضُ النَّاسِ قَتْلَ الْوِلْدَانِ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَا بَالُ اَقْوَامٍ جَاوَزَ بِهِمُ الْقَتْلُ حَتَّى قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اِنَّمَا هُمْ اَبْنَاءُ الْمُشْرِكِينَ، فَقَالَ: خِيَارُكُمْ اَبْنَاءُ الْمُشْرِكِينَ، اَلَا لَا تُقْتَلُ الذُّرِّيَّةُ، كُلُّ نَسَمَةٍ تُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يُعْرِبَ عَنْهَا لِسَانُهَا، فَاَبَوَاهَا يُهَوِّدَانِهَا وَيُنَصِّرَانِهَا

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ جہاد کیا' ان کو فتح ہوئی تو بعض لوگوں نے بچوں کو پکڑ کر قتل کیا' یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہے کہ جو قتل میں حد سے بڑھتے ہیں یہاں تک کہ بچوں کو قتل کرتے ہیں۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ مشرکوں کے بچے تھے۔ آپ نے فرمایا: تم کو مشرکوں کے بچوں پر اختیار دیا گیا ہے' خبردار! بچوں کو قتل نہ کرو' ہر بچہ دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ زبان سے بولنے لگے' اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

828 - حَدَّثَنَا جَعْفَرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْفِرْيَابِيُّ، ثنا اِسْحَاقُ بْنُ رَاهَوَيْهِ، ثنا النَّضْرُ بْنُ شُمَيْلٍ، حَدَّثَنَا اَشْعَثُ بْنُ عَبْدِ الْمَلِكِ، ح وَحَدَّثَنَا اِبْرَاهِيمُ بْنُ نَائِلَةَ الْاَصْبَهَانِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ اَبِي بَكْرٍ الْمُقَدَّمِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ عَامِرٍ، عَنْ اَشْعَثَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، قَالَ: غَزَوْنَا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاَفْضَى بِهِمُ الْقَتْلُ اِلَى اَنْ قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ، فَبَلَغَ ذٰلِكَ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ،

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے حضور ﷺ کے ساتھ جہاد کیا' ان کو فتح ہوئی تو بعض لوگوں نے بچوں کو پکڑ کر قتل کیا' یہ بات حضور ﷺ تک پہنچی تو آپ نے فرمایا: ان لوگوں کا کیا حال ہے کہ جو قتل میں حد سے بڑھتے ہیں یہاں تک کہ بچوں کو قتل کرتے ہیں۔ ایک آدمی نے عرض کی: یارسول اللہ! وہ مشرکوں کے بچے تھے۔ آپ نے فرمایا: تم کو مشرکوں کے بچوں پر اختیار دیا گیا ہے' خبردار! بچوں کو قتل نہ کرو'

فَقَالَ: مَا بَالُ اَقْوَامٍ اَفْضَى بِهِمُ الْقَتْلُ اِلَى اَنْ قَتَلُوا الذُّرِّيَّةَ فَقَالَ رَجُلٌ: اَوَلَيْسُوا اَوْلَادَ الْمُشْرِكِينَ؟ فَقَالَ: اَوَلَيْسَ خِيَارُكُمْ اَوْلَادَ الْمُشْرِكِينَ، كُلُّ مَوْلُودٍ يُولَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يَكُونَ اَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ، وَيُنَصِّرَانِهِ، وَيُمَجِّسَانِهِ وَاللَّفْظُ لِحَدِيثِ الْمُقَدَّمِيِّ

ہر بچہ دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ زبان سے بولنے لگے اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

829 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَمْرٍو الْبَزَّارُ، حَدَّثَنَا رَوْحُ بْنُ حَاتِمٍ الْجُذُوعِيُّ، ثنا الْاَزْرَقُ بْنُ عَلِيٍّ، ثنا حَسَّانُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا ابْنُ جُرَيْجٍ، حَدَّثَنِي عُمَارَةُ بْنُ اَبِي حَفْصَةَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنِ الْاَسْوَدِ بْنِ سَرِيعٍ، اَنَّهُمْ غَزَوْا مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَلَقُوا الْعَدُوَّ، فَقَتَلُوا حَتَّى اَفْضَوْا اِلَى الذُّرِّيَّةِ، فَسَاَلُوا النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: كُلُّ مَوْلُودٍ عَلَى الْفِطْرَةِ حَتَّى يَكُونَ اَبَوَاهُ يُهَوِّدَانِهِ وَيُنَصِّرَانِهِ

حضرت اسود بن سریع رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اُنہوں نے رسول اللہ ﷺ کے ساتھ جہاد کیا' ہم دشمن سے ملے تو ان کو قتل کیا یہاں تک کہ بچوں تک پہنچے (تو ان کو بھی قتل کیا) اس کے متعلق حضور ﷺ سے صحابہ کرام نے پوچھا تو آپ نے فرمایا: ہر بچہ دین اسلام پر پیدا ہوتا ہے یہاں تک کہ اس کے ماں باپ اس کو یہودی اور عیسائی بناتے ہیں۔

1584 - حَدَّثَنَا الْحُسَيْنُ بْنُ إِسْحَاقَ التُّسْتَرِيُّ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ أَبِي شَيْبَةَ، ثنا هُشَيْمٌ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ بْنِ يَزِيدَ بْنِ رُكَانَةَ الْمُطَّلِبِيِّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي أَفْضَلُ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز دوسری مسجدوں میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے سوائے مسجد حرام کے۔

مِنْ اَلْفِ صَلَاةٍ، فِيمَا سِوَاهُ اِلَّا الْمَسْجِدَ الْحَرَامَ

1585 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ دَاوُدَ الْمَكِّيُّ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ السَّامِيُّ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ مُسْلِمٍ، عَنْ حُصَيْنٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ طَلْحَةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: صَلَاةٌ فِي مَسْجِدِي تَزِيدُ عَلَى سِوَاهُ، مِنَ الْمَسَاجِدِ اَلْفَ صَلَاةٍ، غَيْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ

حضرت محمد بن جبیر بن مطعم اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: میری اس مسجد میں نماز دوسری مسجدوں میں ہزار نمازوں سے بہتر ہے سوائے مسجد حرام کے۔

عَطَاءُ بْنُ اَبِي رَبَاحٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت عطاء بن ابورباح' حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

1586 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ حَمْدَانَ الْحَنَفِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ كَرَامَةَ، ثنا عُبَيْدُ اللّٰهِ بْنُ مُوسَى، عَنْ عُثْمَانَ بْنِ الْاَسْوَدِ، عَنْ عَطَاءٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: كُنْتُ مَعَ قُرَيْشٍ فِي مَنْزِلِهِمْ، دُونَ عَرَفَةَ، فَاَضْلَلْتُ حِمَارًا، فَانْطَلَقْتُ اَبْتَغِيهِ، فِي النَّاسِ الَّذِينَ بِعَرَفَةَ، فَوَجَدْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِعَرَفَةَ

حضرت جبیر بن مطعم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں قریش کے ساتھ ان کے گھروں میں عرفہ کے علاوہ تھا' میرا گدھا گم ہوگیا تو میں اس کی تلاش میں گیا' لوگ عرفات میں تھے' میں نے رسول اللہ ﷺ کو عرفات میں پایا۔

عَلِيُّ بْنُ رَبَاحٍ اللَّخْمِيُّ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ

حضرت علی بن رباح لخمی' حضرت جبیر بن مطعم سے روایت کرتے ہیں

1587 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ الْمِصْرِيُّ، ثنا اَبُو الْاَسْوَدِ النَّضْرُ بْنُ عَبْدِ الْجَبَّارِ، اَنَا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، عَنْ عَامِرِ بْنِ يَحْيَى، عَنْ

حضرت جبیر بن مطعم فرماتے ہیں: قریش مکہ رسول کریم ﷺ کو تکلیفیں دیتے تھے' میں اس چیز کو ناپسند کرتا تھا' پس جب مجھے یہ گمان ہوا کہ وہ آپ کو قتل

عَلِيِّ بْنِ رَبَاحٍ، حَدَّثَهُ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ مُطْعِمٍ، قَالَ: كُنْتُ اَكْرَهُ اَذَى قُرَيْشٍ، رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَلَمَّا ظَنَنْتُ اَنَّهُمْ سَيَقْتُلُوهُ، خَرَجْتُ، حَتَّى لَحِقْتُ بِدَيْرٍ مِنَ الدَّيْرَاتِ، فَذَهَبَ اَهْلُ الدَّيْرِ، اِلَى رَاْسِهِمْ، فَاَخْبَرُوهُ، فَقَالَ: لَهُ حَقُّهُ الَّذِي يَنْبَغِي لَهُ ثَلَاثًا، فَلَمَّا مَرَّتْ ثَلَاثٌ رَاَوْهُ، لَمْ يَذْهَبْ فَانْطَلَقُوا اِلَى صَاحِبِهِمْ، فَاَخْبَرُوهُ (?:145)، فَقَالَ: قُولُوا لَهُ قَدْ، اَقَمْنَا لَكَ حَقَّكَ الَّذِي يَنْبَغِي لَكَ، فَاِنْ كُنْتَ وَصِيًّا، فَقَدْ ذَهَبَ وَصِيَّتُكَ، وَاِنْ كُنْتَ وَاصِلًا، فَقَدْ نَالَكَ اَنْ تَذْهَبَ اِلَى مَنْ تَصِلُ، وَاِنْ كُنْتَ تَاجِرًا، فَقَدْ نَالَكَ اَنْ تَخْرُجَ اِلَى تِجَارَتِكَ، فَقَالَ: مَا كُنْتُ وَاصِلًا، وَلَا تَاجِرًا، وَمَا اَنَا بِنَصِيبٍ، فَذَهَبُوا اِلَيْهِ، فَاَخْبَرُوهُ، فَقَالَ: اِنَّ لَهُ لَشَاْنًا، فَسَلُوهُ مَا شَاْنُهُ، قَالَ: فَاَتَوْهُ، فَسَاَلُوهُ، فَقَالَ: لَا، وَاللّٰهِ اِلَّا اَنِّي فِي قَرْيَةِ اِبْرَاهِيمَ، وَابْنُ عَمِّي، يَزْعُمُ اَنَّهُ نَبِيٌّ فَاَذَوْهُ قَوْمُهُ، وَتَخَوَّفْتُ اَنْ يَقْتُلُوهُ، فَخَرَجْتُ لِاَنْ لَا اَشْهَدَ ذٰلِكَ، قَالَ: فَذَهَبُوا اِلَى صَاحِبِهِمْ، فَاَخْبَرُوهُ بِقَوْلِي قَالَ: هَلُمُّوا، فَاَتَيْتُهُ فَقَصَصْتُ عَلَيْهِ، قَصَصِي، وَقَالَ: تَخَافُ اَنْ يَقْتُلُوهُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ قَالَ: وَتَعْرِفُ شَبَهَهُ لَوْ تَرَاهُ مُصَوَّرًا؟، قُلْتُ: نَعَمْ، عَهْدِي بِهِ مُنْذُ قَرِيبٍ، فَاَرَاهُ صُوَرًا مُغَطَّاةً، فَجَعَلَ يَكْشِفُ صُورَةً صُورَةً، ثُمَّ يَقُولُ: اَتَعْرِفُ؟ فَاَقُولُ: لَا، حَتَّى كَشَفَ صُورَةً مُغَطَّاةً، فَقُلْتُ: مَا رَاَيْتُ اَشْبَهَ شَيْءٍ مِنْ هٰذِهِ الصُّورَةِ بِهِ، كَاَنَّهُ طُولُهُ، وَجِسْمُهُ، وَبُعْدَ مَا بَيْنَ

کر دیں گے‘ میں نکلا‘ ایک گرجا میں جا ڈیرہ لگایا‘ گرجا والے اپنے سردار کے پاس گئے اور اسے بتایا تو اس نے کہا: اس کا حق ہے کہ وہ تین دن رہے‘ پس جب تین دن گزر گئے‘ انہوں نے اسے دیکھا‘ وہ نہیں گیا‘ پس اپنے مالک کی طرف گئے‘ اسے خبر دی‘ اس نے کہا: اس سے بولو! جتنے دن ٹھہرنا تیرا حق تھا ہم نے تجھے ٹھہرایا‘ پس اگر آپ وصی ہیں تو آپ کی وصیت ختم ہوگئی اور اگر آپ نے یہاں سے کسی آدمی کے پاس جانا ہے تو راستہ کھلا ہے‘ آپ اس سے جا کر ملیں اور اگر آپ تاجر ہیں تو آپ اپنی تجارت کرنے کو جائیں‘ پس آپ نے کہا: میں نے کسی سے ملنے بھی نہیں جانا‘ تاجر نہیں ہوں‘ اور نہ ہی یہاں پر مستقل ٹھہرنے والا ہوں‘ پس انہوں نے اپنے سردار کے پاس جا کر خبر دی‘ اس نے کہا: بے شک اسے کوئی ضروری کام ہے‘ اس سے پوچھو اس کا خاص کام کیا ہے۔ پس وہ آئے‘ سوال کیا تو فرمایا: پس مجھے اور کام نہیں ہے‘ اتنی بات ہے کہ میں ابراہیم علیہ السلام کے گاؤں (مکہ) میں رہتا ہوں اور میرے چچا کا بیٹا گمان کرتا ہے کہ وہ نبی ہے‘ اس کی قوم نے اسے بہت تکلیف دی‘ مجھے خوف ہے کہیں وہ اسے قتل ہی نہ کر دیں‘ پس میں وہاں سے اس لیے نکل آیا ہوں کہ یہ کام میری آنکھوں کے سامنے نہ ہو‘ پس انہوں نے اپنے سردار کو اس کی جا کر خبر دی اور میری باتیں اسے بتائیں‘ اس نے کہا: اسے لے آؤ! پس میں اس کے پاس آیا‘ میں نے اپنے قصے اسے سنائے اور اس نے کہا: کیا تجھے خوف

مَنْكِبَيْهِ، قَالَ: قَالَ: فَتَخَافُ اَنْ يَقْتُلُوهُ؟ قَالَ: اَظُنُّهُمْ قَدْ فَرَغُوا مِنْهُ، قَالَ: وَاللّٰهِ لَا يَقْتُلُوهُ، وَلَيَقْتُلَنَّ مَنْ يُرِيدُ قَتْلَهُ، وَاِنَّهُ لَنَبِيٌّ، وَلَيُظْهِرَنَّهُ اللّٰهُ، وَلٰكِنْ قَدْ وَجَبَ حَقُّهُ عَلَيْنَا، فَامْكُثْ مَا بَدَا لَكَ وَادْعُ بِمَا شِئْتَ، قَالَ: فَمَكَثْتُ عِنْدَهُمْ حِينًا ثُمَّ، قُلْتُ: لَوْ اَطَعْتُهُمْ، فَقَدِمْتُ مَكَّةَ، فَوَجَدْتُهُمْ قَدْ اَخْرَجُوا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اِلَى الْمَدِينَةِ، فَلَمَّا قَدِمْتُ، قَامَتْ اِلَيَّ قُرَيْشٌ، فَقَالُوا: قَدْ تَبَيَّنَ لَنَا اَمْرُكَ، وَعَرَفْنَا شَاْنَكَ، فَهَلُمَّ اَمْوَالَ الصِّبْيَةِ الَّتِي عِنْدَكَ اَسْتَوْدَعَكَهَا اَبُوكَ؟، فَقُلْتُ: مَا كُنْتُ لِاَفْعَلَ هٰذَا حَتّٰى تُفَرِّقُوا بَيْنَ رَاْسِي، وَجَسَدِي، وَلٰكِنْ دَعُونِي اَذْهَبْ فَاَدْفَعُهَا اِلَيْهِمْ، فَقَالُوا: اِنَّ عَلَيْكَ عَهْدَ اللّٰهِ، وَمِيثَاقَهُ اَنْ لَا تَاْكُلَ مِنْ طَعَامِهِ قَالَ: فَقَدِمْتُ الْمَدِينَةَ، وَقَدْ بَلَغَ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ الْخَبَرُ، فَدَخَلْتُ عَلَيْهِ، فَقَالَ لِي فِيمَا يَقُولُ: اِنِّي لَاَرَاكَ جَائِعًا، هَلُمُّوا طَعَامًا ، قُلْتُ: لَا آكُلُ حَتّٰى اُخْبِرَكَ، فَاِنْ رَاَيْتَ اَنْ آكُلَ اَكَلْتُ، قَالَ: فَحَدَّثْتُهُ بِمَا اَخَذُوا عَلَيَّ، قَالَ: فَاَوْفِ بِعَهْدِ اللّٰهِ، وَلَا تَاْكُلْ مِنْ طَعَامِنَا، وَلَا تَشْرَبْ مِنْ شَرَابِنَا

ہے کہ وہ اسے قتل کر دیں گے؟ میں نے کہا: ہاں! اس نے کہا: کیا تُو اس کی شبیہ کو پہچان لے گا اگر تُو اس کی تصویر دیکھے؟ میں نے کہا: ہاں! میرا زمانہ اس کے قریب ہے' پس اس نے چند ایسی تصویریں دکھائیں جن پر عزت و احترام سے پردہ ڈال رکھا تھا' پس وہ ایک ایک تصویر نکال کر سامنے کرنے لگا' پھر کہتا: کیا تم پہچانتے ہو؟ میں کہتا: نہیں! آخر میں اس نے ایک تصویر نکالی جسے خوب ادب سے ڈھانپ کر رکھا گیا تھا' پس میں نے کہا: یہی سب سے زیادہ ان کے مشابہ ہے' گویا وہ ان کی مکمل لمبائی' ڈیل ڈول جسم تھا اور اس کے بعد اس نے اُن کے دونوں کندھوں کو ظاہر کیا' اس نے کہا: کیا تمہیں خوف ہے کہ وہ انہیں شہید کر دیں گے؟ میں نے کہا: میرا گمان ہے کہ وہ اس کام سے فارغ بھی ہو چکے ہوں گے' اس نے کہا: قسم بخدا! وہ اسے قتل نہیں کر سکیں گے' جو اس کے قتل کا ارادہ کرے گا وہ خود قتل ہو جائے گا' بے شک وہ نبی برحق ہیں' اللہ تعالیٰ انہیں غلبہ عطا فرمائے گا' لیکن اس کا حق ہم پر بھی واجب ہے' جتنا چاہو رہو اور دل کرے' مانگو۔ ایک گھڑی ٹھہر کر میں نے کہا: کاش! میں ان کی اطاعت کرتا۔ پس میں مکہ واپس آیا' میں نے دیکھا کہ قریش نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو مکہ سے مدینہ کی طرف ہجرت پر مجبور کر دیا' پس جب میں آیا' قریش آ کر میرے پاس کھڑے ہوئے' کہا: تیری بات بھی ہمیں پتہ چل گئی ہے اور ہم نے تیرا کام پہچان لیا' پس (جلدی کرو) بچپن کے زمانے کے وہ مال لاؤ

جوتمہارے باپ نے تمہیں دیئے تھے؟ میں نے جواب میں کہا: میں یہ کام نہیں کروں گا حتیٰ کہ تم میرا سرتن سے جدا کر دو لیکن مجھے جانے دو۔ پس میں نے وہ ان کو دیا تو انہوں نے کہا: تم پر اللہ کا وعدہ اور میثاق لازم ہے کہ ان کا کھانا نہیں کھاؤ گے۔ فرماتے ہیں: میں وہاں سے چل کر مدینے آیا' اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ کو بھی میرے آنے کی خبر ہوگئی' پس میں آپ کے پاس آیا' باتوں باتوں میں آپ ﷺ نے مجھے فرمایا: آپ پر بھوک کے آثار دیکھتا ہوں' آؤ کھانا کھالو! میں نے عرض کی: میں کھانا نہیں کھاؤں گا یہاں تک کہ میں آپ کو ایک بات بتاؤں' پس اس کے بعد اگر آپ کا خیال ہوا کہ میں کھاؤں تو کھاؤں گا' پس جو قریش نے مجھ سے وعدہ لیا تھا' میں نے بیان کر دیا' آپ ﷺ نے فرمایا: پس اللہ کا وعدہ پورا کرو اور ہمارا کھانا نہ کھاؤ اور نہ ہی ہمارا پانی پیو۔

جُبَيْرُ بْنُ اِيَاسٍ الْاَنْصَارِيُّ بَدْرِيٌّ

حضرت جبیر بن ایاس انصاری بدری رضی اللہ عنہ

1588 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِي تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا مِنَ الْاَنْصَارِ، جُبَيْرُ بْنُ اِيَاسِ بْنِ خَالِدِ بْنِ مَخْلَدِ بْنِ زُرَيْقٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ انصار میں سے جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت جبیر بن ایاس بن خالد بن مخلد بن زریق کا بھی ہے۔

1589 - حَدَّثَنَا الْحَسَنُ بْنُ هَارُونَ بْنِ سُلَيْمَانَ

حضرت ابن شہاب فرماتے ہیں کہ انصار میں سے

الْاَصْبَهَانِیُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ اِسْحَاقَ الْمُسَيَّبِیُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ فُلَيْحٍ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُقْبَةَ، عَنِ ابْنِ شِهَابٍ: فِی تَسْمِيَتِهِ مَنْ شَهِدَ بَدْرًا، مِنَ الْاَنْصَارِ، ثُمَّ مِنْ بَنِی زُرَيْقٍ، جُبَيْرُ بْنُ خَالِدِ بْنِ مَخْلَدِ بْنِ اِيَاسٍ

جو بدر میں شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت جبیر بن ایاس بن خالد بن مخلد بن زریق کا بھی ہے۔

جُبَيْرُ بْنُ حُبَابِ بْنِ الْمُنْذِرِ

حضرت جبیر بن حباب بن المنذر رضی اللہ عنہ

1590 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، قَالَ: وَفِی حَدِيثِ عُبَيْدِ اللّٰهِ بْنِ اَبِی رَافِعٍ: فِی تَسْمِيَةِ مَنْ شَهِدَ مَعَ عَلِیِّ بْنِ اَبِی طَالِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ، جُبَيْرُ بْنُ حُبَابِ بْنِ الْمُنْذِرِ

حضرت عبیداللہ بن ابورافع فرماتے ہیں کہ حضرت علی رضی اللہ عنہ کے ساتھ جو شریک ہوئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام حضرت جبیر بن حباب بن منذر کا بھی ہے۔

جُبَيْرُ بْنُ مَالِكٍ النَّوْفَلِیُّ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ

حضرت جبیر بن مالک نوفلی' یمامہ کے دن شہید کیے گئے تھے

1591 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَمْرِو بْنِ خَالِدٍ الْحَرَّانِیُّ، حَدَّثَنِی اَبِی، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ اَبِی الْاَسْوَدِ، عَنْ عُرْوَةَ: فِی تَسْمِيَةِ مَنْ قُتِلَ يَوْمَ الْيَمَامَةِ مِنَ الْمُسْلِمِينَ، ثُمَّ مِنْ بَنِی قُرَيْشٍ، جُبَيْرُ بْنُ مَالِكٍ، وَهُوَ ابْنُ بُحَيْنَةَ، وَهُوَ مِنْ بَنِی نَوْفَلِ بْنِ عَبْدِ مَنَافٍ

حضرت عروہ فرماتے ہیں کہ مسلمانوں میں سے اور بنی قریش میں سے جو یمامہ کے دن شہید کیے گئے' اُن کے ناموں میں سے ایک نام جبیر بن مالک کا بھی ہے' جو ابن بحینہ کے بیٹے ہیں اور بنی نوفل بن عبد مناف سے ہیں۔

جُبَيْرُ بْنُ نَوْفَلٍ غَيْرُ مَنْسُوبٍ

حضرت جبیر بن نوفل (جو منسوب نہیں ہیں)

1592 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِیُّ، ثنا اَبُو كُرَيْبٍ، ثنا يَحْيَى بْنُ آدَمَ، عَنْ اَبِی بَكْرِ بْنِ عَيَّاشٍ، عَنْ لَيْثٍ، عَنْ عِيسَى، عَنْ زَيْدِ

حضرت جبیر بن نوفل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: اللہ عزوجل نے کسی بندے کو اجازت نہیں دی جو افضل ہو دو رکعتوں یا اس سے زیادہ

بْنِ اَرْطَاةَ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا اَذِنَ اللّٰهُ لِعَبْدٍ فِي شَيْءٍ اَفْضَلَ مِنْ رَكْعَتَيْنِ، اَوْ اَكْثَرَ، وَالْبِرُّ يَتَنَاثَرُ فَوْقَ رَاْسِ الْعَبْدِ، مَا كَانَ فِي صَلَاةٍ، وَمَا عَبْدٌ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، بِاَفْضَلَ مِمَّا خَرَجَ مِنْهُ يَعْنِي الْقُرْآنَ

سے نیکیاں بندے کے سر کے اوپر سے گرتی ہیں جب تک وہ نماز میں ہوتا ہے اللہ عزوجل کے ہاں افضل آدمی وہ ہے جو قرآن پڑھتا ہے۔

جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ اَبُو ذَرٍّ الْغِفَارِيُّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت جندب بن جنادہ ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ

وَهُوَ جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ بْنِ سُفْيَانَ بْنِ عُبَيْدِ بْنِ حَرَامِ بْنِ غِفَارِ بْنِ مُلَيْلِ بْنِ ضَمْرَةَ بْنِ بَكْرِ بْنِ عَبْدِ مَنَاةِ بْنِ كِنَانَةَ بْنِ خُزَيْمَةَ بْنِ مُدْرِكَةَ بْنِ اِلْيَاسِ بْنِ مُضَرِ بْنِ نِزَارِ بْنِ مَعْدِ بْنِ عَدْنَانَ

آپ کا نسب یوں ہے: جندب بن جنادہ بن سفیان بن عبید بن حرام بن غفار بن ملیل بن ضمرہ بن بکر بن عبد مناۃ بن کنانہ بن خزیمہ بن مدرکہ بن الیاس بن مضر بن نزار بن معد بن عدنان۔

1593 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: اسْمُ اَبِي ذَرٍّ، جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ، وَيُقَالُ اسْمُ اَبِي ذَرٍّ بَرِيرٌ

حضرت محمد بن عبداللہ بن نمیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر کا نام جندب بن جنادہ ہے یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ابوذر کا نام بریر ہے۔

1594 - حَدَّثَنَا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ مُعَاوِيَةَ الْعُتْبِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، حَدَّثَنِي اللَّيْثُ، عَنْ خَالِدِ بْنِ يَزِيدَ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي هِلَالٍ، عَنْ زَيْدِ بْنِ اَسْلَمَ، اَنَّ النَّبِيَّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ لِاَبِي ذَرٍّ: كَيْفَ اَنْتَ يَا بَرِيرُ؟ فِي حَدِيثٍ اخْتَصَرْنَاهُ"

حضرت زید بن اسلم رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے فرمایا: اے بریر! کیسے ہو؟ ایک حدیث میں جس کو ہم نے مختصر ذکر کیا ہے۔

1595 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، وَالْحَسَنُ بْنُ عَلُّوَيْهِ الْقَطَّانُ، قَالَا: ثنا

حضرت ابوذر غفاری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں اسلام لانے میں چوتھے نمبر پر ہوں مجھ سے پہلے

1595- أخرج نحوه ابن حبان في صحيحه جلد16 صفحه83 رقم الحديث: 7134 وبنحوه الحاكم في مستدركه جلد3 صفحه385 رقم الحديث: 5459 كلاهما عن مالك بن مرثد عن أبيه عن أبي ذر به .

عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الرُّومِيّ الْيَمَامِيُّ، ثنا النَّضْرُ بْنُ مُحَمَّدٍ الْجُرَشِيُّ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، ثنا اَبُو زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: كُنْتُ رَبْعَ الْإِسْلَامِ اَسْلَمَ، قَبْلِي ثَلَاثَةُ نَفَرٍ، وَاَنَا الرَّابِعُ، اَتَيْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقُلْتُ: السَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُولَ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنْ لَا اِلَهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهُ وَرَسُولُهُ، فَرَاَيْتُ الِاسْتِبْشَارَ فِي وَجْهِ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَقَالَ: مَنْ اَنْتَ؟ فَقُلْتُ: اَنَا جُنْدُبٌ رَجُلٌ مِنْ بَنِي غِفَارٍ، فَكَاَنَّهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ ارْتَدَعَ وَوَدَّ اَنِّي كُنْتُ مِنْ قَبِيلَةٍ غَيْرِ الَّتِي اَنَا مِنْهُمْ، وَذَاكَ اَنِّي كُنْتُ مِنْ قَبِيلَةٍ يَسْرِقُونَ الْحَاجَّ، بِمَحَاجِنَ لَهُمْ

تین آدمی اسلام لا چکے تھے' میں چوتھا تھا' میں حضور ﷺ کے پاس آیا' میں نے عرض کی: یارسول اللہ! السلام علیک! میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے علاوہ کوئی معبود نہیں ہے اور محمد اس کے بندے اور رسول ہیں! میں نے رسول اللہ ﷺ کے چہرے پر خوشی دیکھی' آپ نے فرمایا: تُو کون ہے؟ میں نے عرض کی: میں بنی غفار سے ایک آدمی جندب ہوں۔ پس گویا آپ ﷺ کانپ اُٹھے' اور پسند کیا کہ میں کسی اور قبیلہ سے ہوتا' اس وجہ سے کہ میرے قبیلے والے وہ تھے جو حاجیوں کو لوٹ لیتے تھے' اپنی غلیلیں استعمال کر کے۔

1596 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا عَمْرُو بْنُ اَبِي سَلَمَةَ، عَنْ صَدَقَةَ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ نَصْرِ بْنِ عَلْقَمَةَ، عَنْ اَخِيهِ، عَنِ ابْنِ عَائِذٍ، عَنْ جُبَيْرِ بْنِ نُفَيْرٍ، قَالَ: كَانَ اَبُو ذَرٍّ يَقُولُ: لَقَدْ رَاَيْتُنِي رَبْعَ الْإِسْلَامِ، لَمْ يُسْلِمْ قَبْلِي، اِلَّا النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَاَبُو بَكْرٍ، وَبِلَالٌ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُمَا

حضرت جبیر بن نفیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے تھے: میں اسلام لانے میں چوتھے نمبر پر ہوں' مجھ سے پہلے حضور ﷺ' حضرت ابوبکر اور حضرت بلال تھے۔

1597 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، قَالَ: سَمِعْتُ مُحَمَّدَ بْنَ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، يَقُولُ: اَبُو ذَرٍّ، جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ

حضرت محمد بن نمیر فرماتے ہیں کہ ابوذر کا نام جندب بن جنادہ تھا۔

1598 - حَدَّثَنَا اَبُو الزِّنْبَاعِ رَوْحُ بْنُ

حضرت یحییٰ بن بکیر فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر

الْفَرَجِ، ثنا يَحْيَى بْنُ بُكَيْرٍ، قَالَ: مَاتَ اَبُو ذَرٍّ، بِالرَّبَذَةِ سَنَةَ ثِنْتَيْنِ وَثَلَاثِينَ، وَاسْمُهُ جُنْدُبُ بْنُ جُنَادَةَ

رضی اللہ عنہ کا وصال ربذہ کے مقام پر 32 ہجری میں ہوا' آپ کا اسم گرامی جندب بن جنادہ تھا۔

1599 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ عَبْدِ الرَّحِيمِ الْبَرْقِيُّ، ثنا عَبْدُ الْمَلِكِ بْنُ هِشَامٍ السَّدُوسِيُّ، ثنا زِيَادُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ اِسْحَاقَ، عَنْ بُرَيْدَةَ بْنِ سُفْيَانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ كَعْبٍ، اَنَّ ابْنَ مَسْعُودٍ: اَقْبَلَ فِي رَكْبٍ غِمَارٍ، فَمَرَّ بِجِنَازَةِ اَبِي ذَرٍّ، عَلَى ظَهْرِ الطَّرِيقِ، فَنَزَلَ هُوَ، وَاَصْحَابُهُ فَوَارَوْهُ، وَكَانَ اَبُو ذَرٍّ دَخَلَ مِصْرَ، واخْتَطَّ بِهَا دَارًا

حضرت محمد بن کعب فرماتے ہیں کہ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ لوگوں کے جم غفیر میں آئے' ابوذر کے جنازہ کے پاس سے گزرے' راستے میں حضرت ابن مسعود اور آپ کے ساتھی رضی اللہ عنہم اُترے اور آپ نے (جنازہ پڑھ کر) دفن کیا جبکہ (اپنی زندگی میں) حضرت ابوذر مصر آئے تھے' وہاں گھر بنایا تھا۔

1600 - حَدَّثَنَا يَحْيَى بْنُ عُثْمَانَ بْنِ صَالِحٍ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ اَبِي حَبِيبٍ، قَالَ: وَكَانَ اَبُو ذَرٍّ، مَنْ شَهِدَ الْفَتْحَ مَعَ عَمْرِو بْنِ الْعَاصِ

حضرت یزید بن ابوحبیب فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' حضرت عمرو بن عاص کے ساتھ فتح میں شریک تھے۔

1601 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مَنْصُورُ بْنُ اَبِي مُزَاحِمٍ، ثنا عَبْدُ الْحَمِيدِ بْنُ بَهْرَامَ، عَنْ شَهْرِ بْنِ حَوْشَبٍ، قَالَ: حَدَّثَتْنِي اَسْمَاءُ بِنْتُ يَزِيدَ: اَنَّ اَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ، كَانَ يَخْدُمُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فَاِذَا فَرَغَ مِنْ خِدْمَتِهِ اَوَى اِلَى الْمَسْجِدِ، فَاضْطَجَعَ فِيهِ، فَكَانَ هُوَ بَيْتَهُ

حضرت اسماء بنت یزید فرماتی ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ' حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت کرتے تھے' جب آپ کی خدمت کرتے تھے تو مسجد میں آتے اور لیٹ جاتے' مسجد ہی آپ کا گھر تھا۔

1602 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ سَعِيدٍ الْقُرَشِيُّ،

حضرت حاطب فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کوئی شی نہیں چھوڑی جو

ثنا الْقَاسِمُ بْنُ الْحَكَمِ الْعُرَنِيُّ، ثنا فُضَيْلُ بْنُ مَرْزُوقٍ، حَدَّثَتْنِي جَبَلَةُ بِنْتُ الْمُصَفَّحِ، عَنْ حَاطِبٍ، قَالَ: قَالَ أَبُو ذَرٍّ: مَا تَرَكَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ شَيْئًا مِمَّا صَبَّهُ جِبْرِيلُ، وَمِيكَائِيلُ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، فِي صَدْرِهِ، إِلَّا قَدْ صَبَّهُ فِي صَدْرِي، وَمَا تَرَكْتُ شَيْئًا مِمَّا صَبَّهُ، فِي صَدْرِي، إِلَّا قَدْ صَبَبْتُهُ فِي صَدْرِ مَالِكِ بْنِ ضَمْرَةَ

میرے سینے میں نہ ڈالی ہو' جو حضرت جبریل اور میکائیل علیہما السلام نے بتائی تھیں اور جو میرے سینے میں تھی' میں نے مالک بن ضمرہ کے سینہ میں ڈال دی۔

1603 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا جُمْهُورُ بْنُ مَنْصُورٍ، ثنا عَمَّارُ بْنُ مُحَمَّدٍ، عَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، رَفَعَ الْحَدِيثَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: إِنَّ أَبَا ذَرٍّ لَيُبَارِي عِيسَى ابْنَ مَرْيَمَ، فِي عِبَادَتِهِ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ عبادت میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مشابہ تھے۔

1604 - وَعَنْ إِبْرَاهِيمَ الْهَجَرِيِّ، رَفَعَ الْحَدِيثَ إِلَى عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ مَسْعُودٍ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ سَرَّهُ أَنْ يَنْظُرَ إِلَى شَبِيهِ عِيسَى ابْنِ مَرْيَمَ خَلْقًا، وَخُلُقًا، فَلْيَنْظُرْ إِلَى أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ

حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس کو پسند ہے کہ وہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سیرت وصورت میں مشابہ کو دیکھے تو وہ حضرت ابوذر کو دیکھ لے۔

1605 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا أَبُو كُرَيْبٍ، ثنا عُثْمَانُ بْنُ سَعِيدٍ، ثنا هَيَّاجُ بْنُ بِسْطَامٍ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ عِرَاكِ بْنِ مَالِكٍ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ، قَالَ: إِنِّي لَأَقْرَبُكُمْ مِنْ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، يَوْمَ الْقِيَامَةِ، خَرَجَ مِنَ الدُّنْيَا كَهَيْئَةِ مَا أَتْرُكُهُ فِيهَا، وَإِنِّي وَاللّٰهِ،

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں قیامت کے دن حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قریب ہوں گا' میں دنیا سے ایسے نکلا ہوں کہ میں نے کوئی شی نہیں چھوڑی' اللہ کی قسم! میں نے اس کے بعد کوئی شی نہیں شروع کی' تم میں سے کوئی اپنی شی سے سیر ہوا ہے۔

مَا اَحْدَثْتُ بَعْدَهُ شَيْئًا، وَمَا مِنْكُمْ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا وَقَدْ تَشَبَّثَ مِنْهَا بِشَيْءٍ

1606 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا لَيْثُ بْنُ هَارُونَ الْعُكْلِيُّ، ثنا زَيْدُ بْنُ الْحُبَابِ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، حَدَّثَنِي مُحَمَّدُ بْنُ الْوَلِيدِ، عَنِ ابْنِ عَبَّاسٍ رَضِيَ اللّٰهُ تَعَالَى عَنْهُمَا، قَالَ: قَالَ اَبُو ذَرٍّ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: اِنَّ اَحَبَّكُمْ اِلَيَّ، وَاَقْرَبَكُمْ مِنِّي، الَّذِي يَلْحَقُنِي عَلَى الْعَهْدِ الَّذِي، فَارَقَنِي عَلَيْهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: تم میں سے مجھ سے محبت کرنے والا اور قریب وہ ہوگا جو اس وعدہ پر رہا جس حالت میں دنیا سے گیا ہوں۔

1607 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَحْمَدُ بْنُ اَسَدٍ الْبَجَلِيُّ، ثنا اَبُو مُعَاوِيَةَ، عَنْ مُوسَى بْنِ عُبَيْدَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خِرَاشٍ، قَالَ: رَاَيْتُ اَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ فِي ظُلَّةٍ لَهُ سَوْدَاءَ، وَتَحْتَهُ امْرَاَةٌ لَهُ سَحْمَاءُ، وَهُوَ جَالِسٌ عَلَى قِطْعَةِ جَوَالِقَ، فَقِيلَ لَهُ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اِنَّكَ امْرُؤٌ مَا يَبْقَى لَكَ وَلَدٌ، فَقَالَ: الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يَاْخُذُهُمْ فِي الْفَنَاءِ، وَيَدَّخِرُهُمْ فِي دَارِ الْبَقَاءِ قَالُوا: يَا اَبَا ذَرٍّ لَوِ اتَّخَذْتَ امْرَاَةً غَيْرَ هَذِهِ؟ قَالَ: لَاَنْ اَتَزَوَّجَ امْرَاَةً تَضَعُنِي اَحَبُّ اِلَيَّ مِنِ امْرَاَةٍ تَرْفَعُنِي قَالُوا: لَوِ اتَّخَذْتَ بِسَاطًا اَلْيَنَ مِنْ هَذَا؟ قَالَ: اللّٰهُمَّ غَفْرًا خُذْ مَا خَوَّلْتَ مَا بَدَا لَكَ

حضرت عبداللہ بن خراش فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو ربذہ کے مقام پر اپنی سیاہ رنگ کی چھتری کے نیچے دیکھا' آپ کے نکاح میں سحماء نام کی بیوی تھی' آپ ٹاٹ پر بیٹھے ہوئے تھے' آپ سے عرض کی گئی: اے ابوذر! آپ ایسے آدمی ہیں کہ جس کی اولاد باقی نہیں رہتی ہے۔ آپ نے فرمایا: تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں! جس نے دنیا میں لے لیا اور آخرت میں ذخیرہ کر لیا۔ اُنہوں نے کہا: اے ابوذر! اگر آپ اس کے علاوہ کوئی اور بیوی کر لیں؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: مجھے ایسی عورت سے نکاح کرنا پسند ہے جو بچے دینے والی ہو' نہ دینے والی نہ ہو۔ اُنہوں نے کہا: اگر آپ اس سے زیادہ نرم بستر رکھیں؟ آپ نے عرض کی: اے اللہ! سب کی مغفرت فرما! جو تُو نے دیا ہے وہ تُو لے لے جو تیری خوشی ہے۔

1608 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ

حضرت محمد بن سیرین فرماتے ہیں کہ حارث کو جو

الْحَضْرَمِيُّ، ثنا اَبُو حُصَيْنٍ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ يُونُسَ، حَدَّثَنِي اَبِي، ثنا اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ، عَنْ هِشَامِ بْنِ حَسَّانَ، عَنْ مُحَمَّدِ بْنِ سِيرِينَ، قَالَ: بَلَغَ الْحَارِثَ رَجُلٌ كَانَ بِالشَّامِ مِنْ قُرَيْشٍ اَنَّ اَبَا ذَرٍّ كَانَ بِهِ عَوَزٌ، فَبَعَثَ اِلَيْهِ ثَلَاثَمِائَةِ دِينَارٍ، فَقَالَ: مَا وَجَدَ عَبْدًا لِلَّهِ هُوَ اَهْوَنُ عَلَيْهِ مِنِّي، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ سَاَلَ، وَلَهُ اَرْبَعُونَ فَقَدْ اَلْحَفَ ، وِلَآلِ اَبِي ذَرٍّ اَرْبَعُونَ دِرْهَمًا، وَاَرْبَعُونَ شَاةً، ومَاهِنَيْنِ، قَالَ اَبُو بَكْرِ بْنُ عَيَّاشٍ: يَعْنِي خَادِمَيْنِ

ایک قریشی آدمی شام میں تھے اس کو معلوم ہوا کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کے پاس کچھ بھی نہیں ہے آپ کو تین سو دینار بھیجے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کے کسی بندے نے مجھ سے زیادہ آسانی نہیں پائی میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے مانگا حالانکہ اس کے پاس چالیس ہیں اس نے لپٹ کر سوال کیا اور ابوذر کی آل کے پاس چالیس درہم چالیس بکریاں اور دو غلام ہیں۔ حضرت ابوبکر بن عیاش فرماتے ہیں: ماهنین سے مراد خادم ہیں۔

1609 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا اَبُو نُعَيْمٍ، ثنا سُفْيَانُ، عَنْ عَمَّارٍ الدُّهْنِيِّ، عَنْ اَبِي شُعْبَةَ، قَالَ: جَاءَ رَجُلٌ اِلَى اَبِي ذَرٍّ يَعْرِضُ عَلَيْهِ نَفَقَةً، فَقَالَ اَبُو ذَرٍّ: عِنْدَنَا اَعْنُزٌ نَحْتَلِبُهَا، وَحُمُرٌ تَنْقُلُ، ومُحَرَّرَةٌ تَخْدُمُنَا، وَفَضْلُ عَبَاءَةٍ عَنْ كِسْوَتِنَا، اِنِّي لَاَخَافُ اَنْ اُحَاسَبَ عَلَى الْفَضْلِ

حضرت ابوشعبہ فرماتے ہیں: ایک آدمی نے حضرت ابوذر کے پاس آ کر خرچہ پیش کیا تو حضرت ابوذر نے فرمایا: ہمارے پاس بکریاں ہیں جن کو ہم دوہتے ہیں گدھے ہیں جو سامان منتقل کرتے ہیں ہمارے خدمت گزار ہیں فالتو لباس ہیں میں تو بچی ہوئی چیز کے حساب سے ڈرتا ہوں۔

بَابُ: وَمِنْ غَرَائِبِ مُسْنَدِ اَبِي ذَرٍّ رَحِمَهُ اللّٰهُ

یہ باب ہے حضرت ابوذر کی مسند کی غرائب کے بیان میں

1610 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ عَلِيِّ بْنِ زَيْدِ بْنِ جُدْعَانَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْكَلْبُ الْاَسْوَدُ، - اَحْسِبُهُ قَالَ - وَالْمَرْاَةُ الْحَائِضُ ، قَالَ: فَقُلْتُ لِاَبِي ذَرٍّ: مَا بَالُ

حضرت عبداللہ بن صامت فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کالا کتا اور حیض والی عورت نمازی کے آگے سے گزریں تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ حضرت عبداللہ فرماتے ہیں: ابوذر سے عرض کی گئی کہ کالے کتے کی تخصیص کیوں کی؟ حضرت ابوذر

الْكَلْبِ الْاَسْوَدِ؟، قَالَ: اَمَا اِنِّي قَدْ سَاَلْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، عَنْ ذٰلِكَ، فَقَالَ: اِنَّهُ شَيْطَانٌ

نے فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے متعلق پوچھا تھا تو آپ نے فرمایا: یہ شیطان ہے۔

1611 - حَدَّثَنَا الْمِقْدَامُ بْنُ دَاوُدَ، ثنا اَسَدُ بْنُ مُوسَى، ثنا مُبَارَكُ بْنُ فَضَالَةَ، عَنْ اَبِي نَعَامَةَ، حَدَّثَنِي عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الصَّامِتِ، اَنَّ اَبَا ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ اِنَّهَا سَتَكُونُ عَلَيْكُمْ اَئِمَّةٌ، يُمِيتُونَ الصَّلَاةَ، فَاِنْ اَدْرَكْتُمُوهُمْ، فَصَلُّوا الصَّلَاةَ لِوَقْتِهَا، وَاجْعَلُوا صَلَاتَكُمْ مَعَهُمْ نَافِلَةً

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! عنقریب تم پر ایسے ائمہ (مراد بادشاہ) مسلط ہوں گے جو نمازیں ضائع کریں گے اگر تم نماز کا وقت پاؤ تو وقتی نماز پڑھ لو ان کے ساتھ شامل ہو گے تو وہ تمہارے ان کے ساتھ نفل ہوں گے (اگر وہ نماز پڑھیں)۔

1612 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ الْحَسَنِ الْحَرَّانِيُّ، ثنا عَفَّانُ بْنُ مُسْلِمٍ، ثنا هَمَّامٌ، ثنا قَتَادَةُ، عَنْ سَعِيدِ بْنِ اَبِي الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: اِنَّ خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عَهِدَ اِلَيَّ اَنَّهُ: اَيُّمَا ذَهَبٍ، اَوْ فِضَّةٍ اُوكِيَ عَلَيْهِ، فَهُوَ جَمْرٌ عَلَى صَاحِبِهِ، حَتَّى يُنْفِقَهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست ﷺ نے مجھ سے وعدہ لیا تھا کہ جو کوئی سونا اور چاندی جمع کرتا ہے وہ اس کے اپنے مالک کے لیے انگارہ ہوگا یہاں تک کہ وہ اللہ کی راہ میں خرچ کرے۔

1613 - حَدَّثَنَا الْعَبَّاسُ بْنُ الْفَضْلِ الْاَسْفَاطِيُّ، ثنا عَبْدُ الرَّحْمَنِ بْنُ الْمُبَارَكِ الْعَيْشِيُّ، ثنا سُوَيْدٌ اَبُو حَاتِمٍ، ثنا قَتَادَةُ، وَمَطَرٌ الْوَرَّاقُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَقْطَعُ الصَّلَاةَ الْكَلْبُ الْاَسْوَدُ، وَالْمَرْاَةُ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَا بَالُ الْاَسْوَدِ، مِنَ

حضرت عبداللہ بن صامت فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کالا کتا اور حیض والی عورت نمازی کے آگے سے گزریں تو نماز ٹوٹ جاتی ہے۔ ابوذر فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی کہ اے اللہ کے رسول! سفید اور سرخ سے کالے کتے کی تخصیص کیوں کی ہے؟ تو آپ نے فرمایا: بے شک کالا کتا شیطان ہے۔

الْاَبْيَضِ، مِنَ الْاَحْمَرِ؟ قَالَ: إِنَّ الْاَسْوَدَ شَيْطَانٌ

حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ مُحَمَّدِ بْنِ يَحْيَى بْنِ حَمْزَةَ الدِّمَشْقِيُّ، ثنا اَبُو الْجُمَاهِرِ، ثنا سَعِيدُ بْنُ بَشِيرٍ، عَنْ قَتَادَةَ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مِثْلَهُ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ حضور ﷺ سے اسی کی مانند روایت نقل کرتے ہیں۔

1614 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، ثنا مُسْلِمُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ، ثنا الْاَسْوَدُ بْنُ شَيْبَانَ السَّدُوسِيُّ، حَدَّثَنِي يَزِيدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الشِّخِّيرِ، عَنْ مُطَرِّفٍ، قَالَ: كَانَ يَبْلُغُنِي، عَنْ اَبِي ذَرٍّ حَدِيثٌ فَكُنْتُ اَشْتَهِي لِقَاءَهُ، فَلَقِيتُهُ، فَقُلْتُ: يَا اَبَا ذَرٍّ كَانَ يَبْلُغُنِي عَنْكَ حَدِيثٌ، فَكُنْتُ اَشْتَهِي لِقَاءَكَ، فَقَالَ: لِلّٰهِ اَبُوكَ فَقَدْ لَقِيتَنِي فهاتِ، قَالَ: قُلْتُ: حَدِيثًا بَلَغَنِي اَنَّ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ حَدَّثَكَ قَالَ: اِنَّ اللهَ عَزَّ وَجَلَّ يُحِبُّ ثَلَاثَةً، وَيُبْغِضُ ثَلَاثَةً، قَالَ: فَلا اَخَالُنِي اَكْذِبُ عَلَى رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ: فَقُلْتُ: مَنْ هَؤُلَاءِ الثَّلَاثَةُ الَّذِينَ يُحِبُّهُمُ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ؟، قَالَ: رَجُلٌ غَزَا فِي سَبِيلِ اللّٰهِ صَابِرًا، مُحْتَسِبًا، فَقَاتَلَ حَتَّى قُتِلَ، وَاَنْتُمْ تَجِدُونَهُ عِنْدَكُمْ فِي كِتَابِ اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ، ثُمَّ تَلَا هَذِهِ الْآيَةَ: (اِنَّ اللهَ يُحِبُّ الَّذِينَ يُقَاتِلُونَ فِي سَبِيلِهِ صَفًّا، كَاَنَّهُمْ بُنْيَانٌ مَرْصُوصٌ) (الصف:4)، قُلْتُ: وَمَنْ؟ قَالَ: رَجُلٌ كَانَ لَهُ جَارُ سُوءٍ، يُؤْذِيهِ، فَصَبَرَ عَلَى اَذَاهُ، حَتَّى يَكْفِيَهُ اللّٰهُ اِيَّاهُ بِحَيَاةٍ، اَوْ

حضرت مطرف فرماتے ہیں کہ مجھے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کی حدیث پہنچتی رہتی تھی (لیکن ابھی ملاقات نہیں ہوئی تھی) میں آپ سے ملاقات کرنا چاہتا تھا' پس میں نے آپ سے ملاقات کی' میں نے عرض کی: اے ابوذر! آپ کے بارے مجھے کوئی نہ کوئی بات پہنچتی رہتی تھی' میری آپ سے ملاقات کی شدید خواہش تھی' آپ نے فرمایا: پس آپ کی مجھ سے ملاقات ہوگئی' لاؤ۔ راوئ حدیث کا بیان ہے کہ میں نے عرض کی: ایک حدیث جو مجھے پہنچی ہے کہ رسول کریم ﷺ نے آپ سے بیان کی۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ عزوجل تین چیزوں کو پسند کرتا ہے اور تین کو ناپسند کرتا ہے' میں رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ نہیں بول رہا ہوں۔ میں نے عرض کی: وہ تین افراد کون ہیں جن کو اللہ عزوجل پسند کرتا ہے؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: اللہ کی راہ میں جہاد کرنے والا جس کی صبر اور ثواب کی نیت ہے' وہ لڑا یہاں تک کہ شہید ہوگیا' تم یہ بات قرآن پاک میں بھی پاتے ہو' پھر آپ نے یہ آیت تلاوت کی: ''اللہ عزوجل ان لوگوں کو پسند کرتا ہے

مَوْتٍ ، قُلْتُ: وَمَنْ؟، قَالَ: رَجُلٌ سَافَرَ مَعَ قَوْمٍ، فَارْتَحَلُوا، حَتَّى إِذَا كَانَ مِنْ آخِرِ اللَّيْلِ وَقَعَ عَلَيْهِمُ الْكَرَى، أَوِ النُّعَاسُ، فَنَزَلُوا، فَضَرَبُوا بِرُءُوسِهِمْ، ثُمَّ قَامَ، فَتَطَهَّرَ، وَصَلَّى رَغْبَةً لِلَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، وَرَغْبَةً فِيمَا عِنْدَهُ ، قُلْتُ: وَمَا الثَّلَاثَةُ الَّذِينَ يُبْغِضُهُمُ اللَّهُ عَزَّ وَجَلَّ؟ قَالَ:" الْبَخِيلُ الْفَخُورُ، وَهُوَ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ (إِنَّ اللَّهَ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ) (لقمان: 18)" ، قُلْتُ: وَمَا الْمُخْتَالُ الْفَخُورُ؟ قَالَ: أَنْتُمْ تَجِدُونَهُ فِي كِتَابِ اللَّهِ عَزَّ وَجَلَّ، الْبَخِيلَ الْمُخْتَالَ قُلْتُ: وَمَنْ؟ قَالَ: " التَّاجِرُ الْحَلَّافُ أَوِ الْبَائِعُ الْحَلَّافُ، قَالَ: لَا أَدْرِي أَيَّهُمَا، قَالَ أَبُو ذَرٍّ "، قُلْتُ: يَا أَبَا ذَرٍّ مَا الْمَالُ؟، قَالَ: فِرْقٌ لَنَا وَذَوْدٌ، قُلْتُ: يَا أَبَا ذَرٍّ، لَيْسَ عَنْ هَذَا أَسْأَلُكَ، إِنَّمَا أَسْأَلُكَ عَنْ صَامِتِ الْمَالِ، قَالَ: مَا أَصْبَحَ لَا أَمْسَى، وَمَا أَمْسَى لَا أَصْبَحَ، قُلْتُ: مَا لَكَ وَلِإِخْوَانِكَ مِنْ قُرَيْشٍ؟، قَالَ: وَاللَّهِ لَا أَسْتَفْتِيهِمْ عَنْ دِينٍ، وَلَا أَسْأَلُهُمْ دُنْيَا حَتَّى أَلْقَى اللَّهَ وَرَسُولَهُ، قَالَهَا ثَلَاثَ مَرَّاتٍ

جو اس کی راہ میں صف بنا کر لڑتے ہیں گویا وہ سیسہ پلائی دیوار ہیں''۔ میں نے عرض کی: وہ کون ہیں؟ آپ نے فرمایا: ایسا آدمی جس کا پڑوسی بُرا ہو وہ اس کو تکلیف دیتا ہے وہ اُس کی تکلیف پر صبر کرتا ہے یہاں تک کہ اللہ عزوجل اس کو زندگی یا موت دے۔ میں نے عرض کی: کون؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: ایک آدمی اپنی قوم کے ساتھ سفر کرتا ہے وہ چلتے ہیں جب رات کا آخری حصہ ہوتا ہے تو ان کو اونگھ آتی ہے وہ سر رکھ کر سو جاتے ہیں پھر کھڑا ہوا وہ وضو کرے اللہ سے محبت کرتے اور ڈرتے ہوئے نماز پڑھے۔ میں نے عرض کی: وہ تین لوگ کون ہیں جن سے اللہ ناراض ہے؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: بخیل فخر کرنے والا اس کا ذکر قرآن میں بھی ہے کہ ''اللہ عزوجل تکبر وفخر کرنے والے کو پسند نہیں کرتا ہے''۔ میں نے عرض کی: تکبر وفخر سے مراد کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: تم اس کا ذکر بھی قرآن میں پاتے ہو بخیل فخر کرنے والا۔ میں نے عرض کی: اور کون ہے؟ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا: قسم اُٹھانے والا تاجر یا قسم اُٹھا کر فروخت کرنے والا۔ آپ نے فرمایا: میں نہیں جانتا وہ ان دونوں میں سے کون ہے۔ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے عرض کی: اے ابوذر! مال کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: ہم کو ایک فرض اور ذود ہے۔ میں نے عرض کی: اے ابوذر! میں نے اس کے متعلق آپ سے نہیں پوچھا میں نے صامت المال کے متعلق پوچھا

ہے تو آپ نے فرمایا: میں نے شام وصبح اور شام اور صبح نہیں کی۔ میں نے عرض کی: آپ کے اور قریش کے لیے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ کی قسم! ان سے میں نہ دین کے بارے اور نہ دنیا کے متعلق پوچھوں گا یہاں تک کہ اللہ اور اس کے رسول سے ملوں یہ آپ نے تین مرتبہ فرمایا۔

1615 - حَدَّثَنَا اِسْحَاقُ بْنُ اِبْرَاهِيمَ الدَّبَرِيُّ، اَنَا عَبْدُ الرَّزَّاقِ، اَخْبَرَنَا مَعْمَرٌ، عَنْ سَعِيدٍ الْجُرَيْرِيِّ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ بُرَيْدَةَ، عَنْ اَبِي الْاَسْوَدِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: اِنَّ اَحْسَنَ مَا غَيَّرَ هٰذَا الشَّعْرَ الْحِنَّاءُ، وَالْكَتَمُ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: سب سے اچھا جس سے تم بالوں کی سفیدی بدلتے ہو وہ حناء اور کتم ہیں۔

1616 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَ: ذَكَرَ عَلِيُّ بْنُ عَثَّامِ بْنِ عَلِيٍّ، - قَالَ عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ وَقَدْ رَاَيْتُ عَلِيَّ بْنَ عَثَّامٍ - اَنَّ اَبَاهُ، حَدَّثَهُ، عَنِ الْاَعْمَشِ، عَنْ عَمْرِو بْنِ مُرَّةَ، عَنْ اَبِي نَصْرٍ وَهُوَ حُمَيْدُ بْنُ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، فِي اِسْلَامِ اَبِي ذَرٍّ فَذَكَرَ الْحَدِيثَ

حضرت عبداللہ بن صامت حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت کرتے ہیں وہ نبی کریم ﷺ سے روایت کرتے ہیں حضرت ابوذر کے اسلام لانے سے متعلق پس اس کے بعد پوری حدیث ذکر کی۔

1617 - حَدَّثَنَا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ اَحْمَدَ بْنِ حَنْبَلٍ، قَالَ: ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ الْحَجَّاجِ، ثنا عَبْدُ الْعَزِيزِ بْنُ الْمُخْتَارِ، ثنا خَالِدٌ الْحَذَّاءُ، عَنْ حُمَيْدِ بْنِ هِلَالٍ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے آبِ زمزم کا ذکر کیا آپ نے فرمایا: یہ بابرکت ہے اور کھانے کا کھانا ہے۔

وَسَلَّمَ: وَذَكَرَ زَمْزَمَ، فَقَالَ: إِنَّهَا مُبَارَكَةٌ إِنَّهَا طَعَامُ طُعْمٍ

1618 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عُثْمَانَ بْنِ اَبِي شَيْبَةَ، حَدَّثَنِي اَبِي قَالَ: وَجَدْتُ فِي كِتَابِ اَبِي بِخَطِّهِ، ثنا مُسْتَلِمُ بْنُ سَعِيدٍ، عَنْ مَنْصُورِ بْنِ زَاذَانَ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، اَنَّ اَبَا ذَرٍّ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ اُوكِيَ عَلَى ذَهَبٍ، اَوْ فِضَّةٍ، وَلَمْ يُنْفِقْهُ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، كَانَ جَمْرًا يَوْمَ الْقِيَامَةِ، يُكْوَى بِهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: جس نے سونے اور چاندی کی بناء پر بخل کیا اور اسے اللہ کی راہ میں خرچ نہ کیا' وہ قیامت کے دن انگارہ کی شکل میں ہوگا' اس کے ساتھ داغا جائے گا۔

1619 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ الصَّنْعَانِيُّ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، حَدَّثَنِي اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ، عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ اَنَّهُ سَمِعَ اَبَا زَيْنَبَ، مَوْلَى حَازِمٍ الْغِفَارِيِّ يَقُولُ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ، يَقُولُ: قَالَ لِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا اَبَا ذَرٍّ، اَلَا اَدُلُّكَ عَلَى كَلِمَةٍ مِنْ كَنْزِ الْجَنَّةِ؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، بِاَبِي وَاُمِّي، قَالَ: قُلْ لَا حَوْلَ، وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! کیا تمہیں جنت کے خزانہ کے متعلق کلمہ نہ بتاؤں! میں نے عرض کی: جی ہاں! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! آپ نے فرمایا: تو پڑھ: لا حول ولا قوة الا باللّٰه!

1620 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ الْمُبَارَكِ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي اُوَيْسٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ خَالِدِ بْنِ سَعِيدِ بْنِ اَبِي مَرْيَمَ، عَنْ اَبِيهِ، عَنْ جَدِّهِ،

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ مجھے حضور ﷺ نے فرمایا: اے ابوذر! تو کہتا ہے کہ کثرتِ مال کا نام مال داری ہے۔ میں نے عرض کی: جی ہاں!

1618- أخرج نحوه ابن ماجه في سننه جلد2صفحه1256 رقم الحديث: 3825 عن أبي ذر به .

1620- أخرجه النسائي في المجتبىٰ جلد 4 صفحه24 رقم الحديث: 1874' وأحمد في مسنده جلد5صفحه151 رقم الحديث: 21379' والبزار في مسنده جلد 9صفحه349 رقم الحديث: 3909 كلهم عن الحسن عن صعصعة بن معاوية عن أبي ذر به .

عَنْ نُعَيْمِ بْنِ عَبْدِ اللهِ، مَوْلَى عُمَرَ بْنِ الْخَطَّابِ، أَنَّهُ سَمِعَ أَبَا زَيْنَبَ، مَوْلَى حَازِمِ الْغِفَارِيِّ يَقُولُ: سَمِعْتُ أَبَا ذَرٍّ، يَقُولُ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: يَا أَبَا ذَرٍّ تَقُولُ كَثْرَةُ الْمَالِ الْغِنَى؟ ، قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ: تَقُولُ قِلَّةُ الْمَالِ الْفَقْرُ؟ قُلْتُ: نَعَمْ، قَالَ ذَلِكَ ثَلَاثًا، ثُمَّ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: الْغِنَى فِي الْقَلْبِ، وَالْفَقْرُ فِي الْقَلْبِ، مَنْ كَانَ الْغِنَى فِي قَلْبِهِ لَا يَضُرُّهُ، مَا لَقِيَ مِنَ الدُّنْيَا، وَمَنْ كَانَ الْفَقْرُ فِي قَلْبِهِ، فَلَا يُغْنِيهِ مَا أَكْثَرَ لَهُ فِي الدُّنْيَا، وَإِنَّمَا يَضُرُّ نَفْسَهُ شُحُّهَا

آپ نے فرمایا: تُو کہتا ہے کہ مال کا کم ہونا محتاجی ہے؟ میں نے عرض کی: جی ہاں! آپ نے یہ تین مرتبہ فرمایا' پھر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مال داری دل میں ہے اور محتاجی بھی دل میں ہے' جس کے دل میں مال داری ہو اس کے لیے کوئی نقصان نہیں ہے' اس کو دنیا سے جو ملے' جس کے دل میں محتاجی ہو' دنیا میں کثرتِ مال اس کو مال دار نہیں بنا سکتا ہے' بس کنجوسی اس کے لیے جان لیوا ہے۔

1621 - حَدَّثَنَا عَلِيُّ بْنُ عَبْدِ الْعَزِيزِ، وَأَبُو مُسْلِمٍ الْكَشِّيُّ، قَالَا: ثنا عَبْدُ اللّٰهِ بْنُ رَجَاءٍ، أنا عِمْرَانُ الْقَطَّانُ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، أَنَّهُ لَقِيَ أَبَا ذَرٍّ بِالرَّبَذَةِ يَسُوقُ بَعِيرًا لَهُ، عَلَيْهِ مُزَادَتَانِ فِي عُنُقِ الْبَعِيرِ قِرْبَةٌ، فَقَالَ: يَا أَبَا ذَرٍّ مَالَكَ؟ قَالَ: لِي عَمَلِي، قَالَ: قُلْتُ: حَدِّثْنِي رَحِمَكَ اللّٰهُ، قَالَ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَا مِنْ مُسْلِمَيْنِ يَمُوتُ بَيْنَهُمَا ثَلَاثَةٌ، لَمْ يَبْلُغُوا الْحِنْثَ، إِلَّا غَفَرَ اللّٰهُ لَهُمَا بِفَضْلِ رَحْمَتِهِ إِيَّاهُمْ قَالَ: قُلْتُ زِدْنِي رَحِمَكَ اللّٰهُ، قَالَ: نَعَمْ، سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ أَنْفَقَ مِنْ مَالِهِ زَوْجَيْنِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ اسْتَقْبَلَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، كُلُّهُمْ يَدْعُوهُ إِلَى مَا عِنْدَهُ ، قُلْتُ: زَوْجَيْنِ مَاذَا؟ قَالَ: إِنْ كَانَ صَاحِبَ خَيْلٍ فَفَرَسَيْنِ،

حضرت صعصعہ بن معاویہ فرماتے ہیں کہ وہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ سے مقامِ ربذہ میں ملے' آپ اپنا اونٹ بازار میں لے کر جا رہے تھے' اونٹ کے گلے میں مشکیزہ تھا' آپ نے عرض کی: اے ابوذر! تیرے لیے کیا ہے؟ آپ نے فرمایا: میرے لیے میرا عمل ہے! میں نے عرض کی: مجھے کوئی حدیث بتائیں! اللہ آپ پر رحم کرے! آپ نے فرمایا: میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا: جس مسلمان کے تین نابالغ بچے فوت ہو جائیں' اللہ عزوجل اس کی وجہ سے اُس کو بخش دے گا۔ میں نے عرض کی: میرے لیے اضافہ کریں! اللہ آپ پر رحم کرے! فرمایا: جی ہاں! میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جس نے اللہ کی راہ میں جوڑا خرچ کیا' تو جنت کے داروغ اس کا استقبال کریں گے' ان میں سے ہر ایک اسے

وَصَاحِبَ اِبِلٍ فَبَعِيرَيْنِ، وَصَاحِبَ بَقَرٍ فَبَقَرَتَيْنِ، حَتّٰى عَدَّ اَصْنَافَ هٰذَا الضَّرْبِ

دعوت دے گا' اس چیز کی طرف جو اس کے پاس ہے۔ میں نے عرض کی: زوجین سے مراد کیا ہے؟ فرمایا: اگر وہ گھوڑوں والا ہے' تو دو گھوڑے' اگر اونٹوں والا ہو تو دو اونٹ' بکریوں والا ہے تو دو بکریاں یہاں تک کہ آپ نے اور قسمیں بھی گنوائیں۔

1622 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ زَيْدٍ الْاَهْوَازِيُّ، وَمُحَمَّدُ بْنُ يُونُسَ الْعُصْفُرِيُّ الْبَصْرِيُّ، قَالَا: ثنا اَحْمَدُ بْنُ ثَابِتٍ الْجَحْدَرِيُّ، ثنا اَبُو هِشَامٍ الْمَخْزُومِيُّ، ثنا حَمَّادُ بْنُ سَلَمَةَ، عَنْ ثَابِتٍ، وَحَبِيبٍ، وَيُونُسَ، وَحُمَيْدٍ، عَنِ الْحَسَنِ، عَنْ صَعْصَعَةَ بْنِ مُعَاوِيَةَ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَنْ اَنْفَقَ زَوْجَيْنِ مِنْ مَالِهِ فِي سَبِيلِ اللّٰهِ، ابْتَدَرَتْهُ حَجَبَةُ الْجَنَّةِ، بَعِيرَيْنِ فَرَسَيْنِ، شَاتَيْنِ دِرْهَمَيْنِ، خُفَّيْنِ نَعْلَيْنِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور ﷺ نے فرمایا: جس نے اللہ کی راہ میں اپنے مال میں سے دو خرچ کیے' چوکیدار اُس کو جلدی جلدی جنت میں لے جائیں گے' دو اونٹ' دو گھوڑے' دو بکریاں' دو درہم' دو موزے' دو جوتے۔

1623 - حَدَّثَنَا طَاهِرُ بْنُ عِيسَى بْنِ قَيْرَسٍ الْمِصْرِيُّ، ثنا سَعِيدُ بْنُ اَبِي مَرْيَمَ، ثنا ابْنُ لَهِيعَةَ، عَنْ يَزِيدَ بْنِ عَمْرٍو، عَنْ زِيَادِ بْنِ نُعَيْمٍ، قَالَ: سَمِعْتُ اَبَا ذَرٍّ الْغِفَارِيَّ، وَهُوَ عَلَى الْمِنْبَرِ يَقُولُ: سَمِعْتُ رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَقُولُ: مَنْ تَقَرَّبَ اِلَى اللّٰهِ شِبْرًا، تَقَرَّبَ اِلَيْهِ ذِرَاعًا، وَمَنْ تَقَرَّبَ اِلَيْهِ ذِرَاعًا، تَقَرَّبَ اللّٰهُ اِلَيْهِ بَاعًا، وَمَنْ اَقْبَلَ اِلَى اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ مَاشِيًا، اَقْبَلَ اللّٰهُ عَزَّ وَجَلَّ اِلَيْهِ مُهَرْوِلًا، وَاللّٰهُ

حضرت زیاد بن نعیم فرماتے ہیں کہ میں نے حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ کو منبر پر فرماتے ہوئے سنا کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو سنا کہ آپ نے فرمایا: جو اللہ کے قریب ایک بالشت ہو' اللہ کی رحمت ایک ہاتھ قریب آئے گی' جو ایک ہاتھ قریب ہوگا تو اللہ کی رحمت چل کر آئے گی' جو اللہ کے پاس چل کر آئے گا تو اللہ کی رحمت دوڑ کر آئے گی' اللہ بلند اور بزرگ تر ہے' اللہ بلند اور بزرگ ہے' اللہ بلند و بالا اور بزرگ ہے۔

1623- أخرجه أحمد في مسنده جلد 5صفحه155 رقم الحديث: 21411 عن يزيد بن عمرو عن يزيد بن نعيم عن أبي ذر به.

اَعْلَى وَاَجَلُّ، وَاللّٰهُ اَعْلَى، وَاَجَلُّ، وَاللّٰهُ اَعْلَى، وَاَجَلُّ

1624 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ يَزِيدَ الْمُقْرِءُ، ثنا سُفْيَانُ بْنُ عُيَيْنَةَ، عَنْ فِطْرٍ، عَنْ اَبِي الطُّفَيْلِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: تَرَكْنَا رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، وَمَا طَائِرٌ يُقَلِّبُ جَنَاحَيْهِ فِي الْهَوَاءِ اِلَّا وَهُوَ يُذَكِّرُنَا مِنْهُ عِلْمًا، قَالَ: فَقَالَ: صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: مَا بَقِيَ شَيْءٌ يُقَرِّبُ مِنَ الْجَنَّةِ، وَيُبَاعِدُ مِنَ النَّارِ، اِلَّا وَقَدْ بُيِّنَ لَكُمْ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ہم نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نہیں چھوڑا جبکہ کوئی پرندہ ہوا میں اُڑتا ہے وہ ہمیں اپنے علم سے نصیحت کر دیتا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: کوئی شی باقی نہیں رہی جو جنت کے قریب کرے اور جہنم سے دور کرے اس کو تمہارے لیے بیان کر دیا ہے۔

1625 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ حَرْبٍ الْوَاسِطِيُّ، ثنا يَحْيَى بْنُ اَبِي زَكَرِيَّا الْغَسَّانِيُّ اَبُو مَرْوَانَ، عَنْ اِسْمَاعِيلَ بْنِ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ بُدَيْلِ بْنِ مَيْسَرَةَ، عَنْ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ الصَّامِتِ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: اَمَرَنِي رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، اَنْ اَصِلَ رَحِمِي، وَاِنْ اَدْبَرَتْ، وَاَنْ اَقُولَ الْحَقَّ، وَاِنْ كَانَ مُرًّا، وَاَنْ لَا تَاْخُذَنِي فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ، وَاَنْ اُحِبَّ الْمَسَاكِينَ، وَاُجَالِسَهُمْ، وَاَنْ اَنْظُرَ اِلَى مَنْ هُوَ تَحْتِي، وَلَا اَنْظُرُ اِلَى مَنْ هُوَ فَوْقِي، وَاَنْ اُكْثِرَ مِنْ قَوْلِ لَا حَوْلَ، وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے حکم دیا صلہ رحمی کرنے کا اگرچہ میں گھاٹے میں ہوں میں حق کہوں اگرچہ کڑوا ہو اور اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈروں اور مسکینوں سے محبت کرنے والا ہوں اور ان کے پاس بیٹھنے والا ہوں اور اپنے سے نیچے والے کو دیکھنے والا ہوں اور اپنے سے بڑے کو نہ دیکھنے والا ہوں اور کثرت سے لاحول ولاقوۃ الا باللہ پڑھنے والا ہوں۔

1626 - حَدَّثَنَا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ الْحَضْرَمِيُّ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ بْنِ نُمَيْرٍ، ثنا مُحَمَّدُ بْنُ بِشْرٍ، ثنا اِسْمَاعِيلُ بْنُ اَبِي خَالِدٍ، عَنْ

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میرے دوست صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے سات چیزوں کی وصیت کی: مساکین سے محبت کرنے اور ان کے قریب رہنے کی اور

عَامِرٍ - وَرُبَّمَا، قَالَ إِسْمَاعِيلَ بَعْضُ أَصْحَابِنَا - ، عَنْ أَبِي ذَرٍّ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ، قَالَ: أَوْصَانِي خَلِيلِي صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بِسَبْعٍ، بِحُبِّ الْمَسَاكِينِ، وَأَنْ أَدْنُوَ مِنْهُمْ، وَأَنْ أَنْظُرَ إِلَى مَنْ هُوَ أَسْفَلُ مِنِّي، وَلَا أَنْظُرُ إِلَى مَنْ هُوَ فَوْقِي، وَأَنْ أَصِلَ رَحِمِي، وَإِنْ جَفَانِي، وَأَنْ أُكْثِرَ مِنْ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ، وَأَنْ أَتَكَلَّمَ بِمُرِّ الْحَقِّ، وَلَا تَأْخُذُنِي فِي اللّٰهِ لَوْمَةُ لَائِمٍ، وَأَنْ لَا أَسْأَلَ النَّاسَ شَيْئًا

اپنے آپ سے نیچے والے کو دیکھنے کی اور اپنے سے اوپر والے کو نہ دیکھنے کی اور صلہ رحمی کرنے کی اگرچہ وہ مجھ سے بے وفائی کریں اور کثرت سے لاحول ولا قوۃ الا باللہ پڑھنے کی اور حق بات کہنے کی اگرچہ وہ کڑوی ہے اور اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرنے کی اور لوگوں سے کوئی شی نہ مانگنے کی۔

1627 - حَدَّثَنَا حَفْصُ بْنُ عُمَرَ بْنِ الصَّبَّاحِ الرَّقِّيُّ، ثنا أَبُو حُذَيْفَةَ مُوسَى بْنُ مَسْعُودٍ، ثنا عِكْرِمَةُ بْنُ عَمَّارٍ، عَنْ أَبِي زُمَيْلٍ، عَنْ مَالِكِ بْنِ مَرْثَدٍ، عَنْ أَبِيهِ، قَالَ: قَالَ أَبُو ذَرٍّ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ مَاذَا يُنَجِّي الْعَبْدَ مِنَ النَّارِ؟ قَالَ: الْإِيمَانُ بِاللهِ قُلْتُ: يَا نَبِيَّ اللّٰهِ، إِنَّ مَعَ الْإِيمَانِ عَمَلٌ، قَالَ: يُرْضَخُ مِمَّا رَزَقَهُ اللّٰهُ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ فَقِيرًا، لَا يَجِدُ مَا يُرْضَخُ بِهِ؟ قَالَ: يَأْمُرُ بِالْمَعْرُوفِ، وَيَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ، أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ عَيِيًّا لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَأْمُرَ بِالْمَعْرُوفِ، وَلَا يَنْهَى عَنِ الْمُنْكَرِ؟ قَالَ: يَصْنَعُ لِأَخْرَقَ ، قُلْتُ: أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ أَخْرَقَ لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يَصْنَعَ شَيْئًا؟ قَالَ: يُعِينُ مَغْلُوبًا ، قُلْتُ أَرَأَيْتَ إِنْ كَانَ ضَعِيفًا، لَا يَسْتَطِيعُ أَنْ يُعِينَ مَظْلُومًا؟ فَقَالَ: مَا تُرِيدُ أَنْ تَتْرُكَ فِي صَاحِبِكَ مِنْ خَيْرٍ تُمْسِكُ الْأَذَى، عَنِ النَّاسِ ، فَقُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ إِذَا فَعَلَ ذَلِكَ دَخَلَ الْجَنَّةَ؟ قَالَ: مَا مِنْ

حضرت مالک بن مرثد اپنے والد سے روایت کرتے ہیں وہ فرماتے ہیں کہ حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ نے عرض کی: یارسول اللہ! بندہ جہنم سے نجات کیسے پا سکتا ہے؟ آپ نے فرمایا: اللہ پر ایمان لانے سے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! ایمان کے ساتھ عمل بھی ہے؟ آپ نے فرمایا: جو اللہ نے دیا ہے اس سے اللہ کی راہ میں دینا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اگر وہ فقیر ہو اور دینے کے لیے کوئی شی نہ پائے؟ آپ نے فرمایا: نیکی کا حکم دے اور بُرائی سے منع کرے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ مجھے بتائیں کہ اگر وہ کمزور ہو نیکی کا حکم دینے اور بُرائی سے منع کرنے کی طاقت نہ رکھے؟ آپ نے فرمایا: کسی کو سامان دے دے۔ میں نے عرض کی: آپ مجھے بتائیں کہ اگر کسی کو کوئی شی دینے کی طاقت نہ رکھے؟ آپ نے فرمایا: مغلوب کی مدد کر دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! آپ بتائیں کہ اگر وہ کمزور ہو کہ مظلوم کی

مُسْلِمٍ يَفْعَلُ خَصْلَةً مِنْ هَؤُلَاءِ، إِلَّا اَخَذَتْ بِيَدِهِ حَتَّى تُدْخِلَهُ الْجَنَّةَ

مدد کرنے کی طاقت نہ رکھے؟ آپ نے فرمایا: جو تُو چاہتا ہے اپنے ساتھی کو چھوڑنا' بہتر ہے لوگوں کو تکلیف نہ دے۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! اگر یہ کرے تو جنت میں داخل ہوگا؟ آپ نے فرمایا: جس مسلمان میں ان خوبیوں میں سے ایک پائی جائے گی' وہ اس کا ہاتھ پکڑ کر اس کو جنت میں داخل کرے گی۔

1628 - حَدَّثَنَا اَحْمَدُ بْنُ اَنَسِ بْنِ مَالِكٍ الدِّمَشْقِيُّ الْمُقْرِءُ، ثنا اِبْرَاهِيمُ بْنُ هِشَامِ بْنِ يَحْيَى الْغَسَّانِيُّ، حَدَّثَنِي اَبِي، عَنْ جَدِّي، عَنْ اَبِي اِدْرِيسَ الْخَوْلَانِيِّ، عَنْ اَبِي ذَرٍّ، قَالَ: قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ اَوْصِنِي قَالَ: اُوصِيكَ بِتَقْوَى اللّٰهِ فَإِنَّهَا رَاْسُ اَمْرِكَ، قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: عَلَيْكَ بِتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَذِكْرِ اللّٰهِ فَإِنَّ ذَلِكَ لَكَ نُورٌ فِي السَّمَاوَاتِ وَنُورٌ فِي الْاَرْضِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: لَا تُكْثِرِ الضَّحِكَ فَإِنَّهُ يُمِيتُ الْقَلْبَ وَيُذْهِبُ نُورَ الْوَجْهِ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: عَلَيْكَ بِالْجِهَادِ فَإِنَّهُ رَهْبَانِيَّةُ اُمَّتِي قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: عَلَيْكَ بِالصَّمْتِ اِلَّا مِنْ خَيْرٍ فَإِنَّهُ مَرَدَّةٌ لِلشَّيْطَانِ عَنْكَ وَعَوْنٌ لَكَ عَلَى اَمْرِ دِينِكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: انْظُرْ اِلَى مَنْ هُوَ دُونَكَ وَلَا تَنْظُرْ اِلَى مَنْ هُوَ فَوْقَكَ فَإِنَّهُ اَجْدَرُ اَنْ لَا تَزْدَرِي نِعْمَةَ اللّٰهِ عِنْدَكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: صِلْ قَرَابَتَكَ وَاِنْ قَطَعُوكَ قُلْتُ: يَا رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: لَا تَخَفْ فِي اللّٰهِ لَوْمَةَ لَائِمٍ قُلْتُ: يَا

حضرت ابوذر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! مجھے وصیت کریں! آپ نے فرمایا: میں تمہیں اللہ سے ڈرنے کی وصیت کرتا ہوں کیونکہ یہ تمام کاموں کی جڑ ہے۔ میں نے عرض کی: میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: تم پر قرآن کی تلاوت اور اللہ کا ذکر لازم ہے کیونکہ آپ کے لیے زمین و آسمانوں میں نور ہوگا۔ میں نے عرض کی: میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: زیادہ مت ہنسیں کیونکہ یہ دل کو مار دیتا ہے اور چہرے کا نور ختم کر دیتا ہے۔ میں نے عرض کی: آپ ﷺ میرے لیے اضافہ فرمائیں! آپ نے فرمایا: تم پر جہاد لازم ہے کیونکہ میری اُمت کی رہبانیت یہی ہے۔ آپ نے فرمایا: تم پر لازم ہے کہ خاموش رہو مگر خیر کا کلمہ کہو کیونکہ یہ شیطان کو ردّ کرتا ہے اور تیرے لیے دین کے معاملہ میں مدد کرے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: اپنے سے نیچے والے کو دیکھ اپنے سے اوپر والے کو نہ دیکھ یہ تیرے لیے زیادہ بہتر ہوگا' تُو اللہ کی نعمت کو جو تیرے پاس ہے اس کو

رَسُولَ اللّٰهِ زِدْنِي قَالَ: تُحِبُّ لِلنَّاسِ مَا تُحِبُّ لِنَفْسِكَ ثُمَّ ضَرَبَ بِيَدِهِ عَلَى صَدْرِي، فَقَالَ: يَا اَبَا ذَرٍّ لَا عَقْلَ كَالتَّدْبِيرِ وَلَا وَرَعَ كَالْكَفِّ وَلَا حَسَبَ كَحُسْنِ الْخُلُقِ

حقیر نہیں جانے گا۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: اپنے رشتے داروں سے صلہ رحمی کرو اگر چہ وہ تجھ سے تعلق توڑیں۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اضافہ کریں! آپ نے فرمایا: اللہ کے معاملہ میں کسی ملامت کرنے والے کی ملامت سے نہ ڈرو۔ میں نے عرض کی: یارسول اللہ! میرے لیے اضافہ کریں۔ آپ نے فرمایا: لوگوں کے لیے وہی پسند کر جو تُو اپنے لیے پسند کرے۔ پھر آپ نے اپنا دستِ مبارک میرے سینے پر مارا اور فرمایا: اے ابوذر! تدبیر جیسی کوئی عقل نہیں، باز رہنے جیسی کوئی پرہیز گاری نہیں ہے، حسن خلق جیسا کوئی حسب نہیں ہے۔

